PROCEEDINGS OF THE PLAGUE COMMISSIONER.

(1899)

MISCELLANEOUS.

No. 84

Dated 12-1-99

Despatched 13-1-99

[Despatch Abstract.]

Urdu Book on Plague

Communicating to the Presidents of
Rdo. copy of the letter from S. M. S Takhsi,
to arrange do
Lahore, requesting that members of the Lunatic
Asylum may be in possession of this

BACK PAPERS.

No.	Date.	No.	Date.

FURTHER PAPERS.

No.	Date.	No.	Date.

Copy of letter from S. M. H. Fakhari 5 Arindal Street Mylapur Madras dy 5th January 99 to the Secretary to Government L & M Dept to Madras

I beg to submit for your kind perusal a pa(m)phlet (urdu) on Plague. A perusal of the Contents, translated in English, will give you an idea as to the range of subjects treated in the same, and will convince you of the valuable and useful information this treatise is to disseminate among the urdu-talking population of India and hence the very laudable and needful purpose of removing ill-will prejudice against Government measures for combatting the Plague, and this accomplished, the Author will feel himself duly rewarded.

His Excellency the Governor after Consulting the Surgeon-General with Government of Madras as to the propriety of his according to the author's request, has kindly accepted with pleasure the dedication of this treatise to himself.

I therefore beg to suggest the advisability of your adopting measures for the possession of this book by each and all of the members of the Local Boards, Municipalities under your Control and all Muslims, who are conversant with the Urdu Language as it is only through these, that information is likely to reach the masses of the Community, whose education is the object of the Government and all well wishers of the Government. I should be happy to receive a very early communication on this subject from you.

No. 84 & 12-1-99
Communicated to Presidents of
District Boards for such action
as they desire

Mr. Mascarenhas
13/1/99
for Plague Commr.

To
All Presidents of Dt Boards
Copy to S. M. J. Jakari
5 Arindal Street
Mylapur Madras

13/1/99

1,000—4-10-98.

NOTE FOR THE Plague Comr.

The price of the book is
annas & a circulation
of this letter may be taken
as a desire that the copies
of the book should be purchased
and distributed by the Boards.
~~Samaritan~~ It is not known what
the contents of the book are. An
abstract of the Plague Regulations
and Rules has already been
issued in English, Hindustani
& Other vernaculars and this
is distributed free.

Levy
9/1/99

Local & Munl. (1899) Department.

257

CURRENT No. 32P

C No. 257

From S. M. J. Jakhari
Mylapur, Madras.

Endt Order No 3297 6-1-99
Transferred to the
Plague Commissioner

No.

H I remember
6 1/99
Secretary to Govt.

Dated
Received 5-1-99
Registered
Enclosures /
Spare copies.

Rec Chas 250 & 257 9/99
No 84 9/12-1-99
Minute President
of District Boards.
for such action as he desires.
9/1/99

SUBJECT.

Submitting a copy of his book (Urdu) on plague dedicated to H.E the Governor and suggesting the advisability of steps being taken in order that every one of the members of the Council conversant with the vernacular Local Boards, Municipalities &c, may be in possession of the same; and requesting to have a very early communication on the subject.

Dept 13-1-99

To President & DC Board
Copy Dist Collector

BACK PAPERS.

G.O.	No.	Department.	Date.

FURTHER PAPERS.

G.O.	No.	Department.	Date.

Ch. No. 257

Ch. No. 37 P

ASSISTT SECY TO GOVT
5-JAN.1899
JUDL. MUNL. EDL. & LEG. DEPTS.

5, ARINDAL STREET,

Mylapur, Madras,

5th January 1899.

To,

The Secretary to Government.
Local, Municipal, Educational & Legislative Depts.
Govt. office. Fort St. George Madras.

SIR,

I beg to submit for your kind perusal a treatise (Urdu) on Plague. A perusal of the contents, translated in English, will give you an idea as to the range of subjects treated in the same, and will convince you of the valuable and useful information this treatise will disseminate among the Urdu-talking population of India, and serve the very laudable and needful purpose of removing illiterate prejudice against Government measures for combating the Plague, and this accomplished, the author will feel himself duly rewarded.

His Excellency the Governor, after consulting the Surgeon-General with the Government of Madras as to the propriety of his acceding to the author's request, has kindly accepted with pleasure the dedication of this treatise to himself.

I therefore beg to suggest the advisability of your adopting measures for the possession of this book by each and all of the members of the several Local Boards under your control and all Muslims, who are conversant with the Urdu language, as it is only through these, that information is likely to reach the masses of the community, whose education is the object of the Government and all well-wishers of the Government. I should be happy to receive a very early communication on this subject from you.

Believe me,

Dear Sir,

Yours sincerely,

S. M. F. FAKHARI.

(One enclosure.)

PLAGUE COMMISSIONER'S OFFICE.

(1899)

CURRENT No. 250

Plague Commissioner
Chief Medical Officer
Madras

From S. M. Z. Fakhari Sahib
Mylapore

Order

No.

Dated 5-1-1899
Received 7-1-1899
Registered 7-1-1899
Enclosures on book
Spare copies

SUBJECT.

Subg for perusal a treatise (Urdu) on plague.

BACK PAPERS.

No.	Date.

FURTHER PAPERS.

No.	Date.

5, ARINDAL STREET,

Mylapur, Madras,

5th January 1899.

To,

The Plague Commissioner.
Madras.

Sir,

I beg to submit for your kind perusal a treatise (Urdu) on Plague. A perusal of the contents, translated in English, will give you an idea as to the range of subjects treated in the same, and will convince you of the valuable and useful information this treatise will disseminate among the Urdu-talking population of India, and serve the very laudable and needful purpose of removing illiterate prejudice against Government measures for combating the Plague, and this accomplished, the author will feel himself duly rewarded.

His Excellency the Governor, after consulting the Surgeon-General with the Government of Madras as to the propriety of his acceding to the author's request, has kindly accepted with pleasure the dedication of this treatise to himself.

I therefore beg to suggest the advisability of your adopting measures for the possession of this book by each and all of the members of the several Local Boards under your control and all Muslims, who are conversant with the Urdu language, as it is only through these, that information is likely to reach the masses of the community, whose education is the object of the Government and all well-wishers of the Government. I should be happy to receive a very early communication on this subject from you.

Believe me,

Dear Sir,

Yours sincerely,

S. M. F. FAKHARI.

(One enclosure.)

ATH-THA-OON.

(THE PLAGUE)

Being an elaborate and interesting treatise on the Bubonic Plague, its origin, causes, prevention and cure and other details discussed from both religious and Medical points of view, as accepted by Muslims.

BY

MOULAVI HAKIM SYED SHAH MUHAMMAD FAKHRUDDIN SAHEB NAQAVI FAKHARI.

1st Edition.

All Rights Reserved.

Madras:

PRINTED AT THE AZIZIA AND GRANT AND CO.'S PRESSES.

1898.

500 Copies.

Rs. 0—8—0.

DEDICATION.

THIS

Elaborate and Interesting Treatise

ON THE

Bubonic Plague

*By kind Permission**

IS

most humbly and respectfully

DEDICATED

TO

HIS EXCELLENCY

* SIR ARTHUR ELIBANK HAVELOCK, *

G. C. M. G., G. C. I. E.,

Governor-in-Council,

FORT SAINT GEORGE,

MADRAS.

* P. T. O.

Government House,
GUINDY,
3rd December, 1898.

My dear Sir,

In reply to your request of the 27th November, His Excellency wishes me to say that he accepts with pleasure the dedication of your treatise (Urdu) on the plague. He trusts that it will be of use to those who would be unable to read about the plague in English.

Yours sincerely,

H. A. SIM.

To

Moulavi Hakim Syed Shah Muhammad
Fakhruddin Saheb Naqavi Fakhari,
5, Arirdal Street, MYLAPUR.

لوگون کے جسم مین طاعونی زہر اثر کر گیا ہی اور کوئی جانتا نہین ہے کہ طاعونی شہر سے آنیوالون
مین کسکا جسم طاعون کے زہر سے موثر ہوا ہی اس شہر لے مین وہ اثر اگر کسی مین ہوگا تو شہر کے باہر ظاہر
ہو جائیگا اور ہمارا شہر اس سے مصئون اور محفوظ رہیگا۔

ناظرین سے گذارش ہے کہ **جلب منفعۃ** اور **دفع مضرۃ** کے عمدہ قاعدہ کو نظر مین رکھکے
نماز پر قایم ہو جائین۔ خدا کی مرضیات کو بجا لائین اور نامرضیات سے دور رہین ہمیشہ خدا کے
حضور مین گریہ وزاری سے استغفار کیا کرین۔ کہانے۔ پانی۔ لباس۔ مکان ہوا وغیرہ کی صفائی مین
کامل احتیاط کرین اس کتاب مین اور سرکاری قواعد اور ضابطہ مین جتنی باتین کرنے کی ہین حسب
طاقت عمل مین لائین اور ترک کرنے والے امورات کو چھوڑین **ٹیکہ** لگانے مین کسی طرح کا اندیشہ نہ
کرین کیونکہ یہ نہایت عمدہ سبیل طاعون سے بچنے کی ہے۔

ٹیکہ لگوانے کے فوایدات ثابت ہو گئے اور ہو رہے ہین ہزارون آدمیون پر اسکا عمل ہوا اور خدا کے
فضل سے کسیکو ضرر اور نقصان نہین پہونچا۔ بلکہ سرکاری حساب سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر **ٹیکہ** لگائے
ہوے لوگون مین **طاعون** سے سیکڑہ **نوے** آدمی مرے ہین تو **ٹیکہ** لگائے ہوے شخصون مین سیکڑہ **دس**
آدمی مرے ہین اس سے زاید فایدہ کیا ہو سکتا ہی۔ اگر لوگ اسکو بھی قبول نہین کرتے ہین تو مین انہین یہ ظاہری
فایدہ بتلا سکتا ہون کہ **ٹیکہ** لگوانے سے انسان **طاعونی** قوانین سرکیولیشن وغیرہ کے سختیون سے محفوظ رہتا
یقینی ہی اور خدانخواستہ اگر کسی پر عزیز و اقارب کے برا سلوک نمود ہو تو **ٹیکہ** لگوا لیا ہوا شخص اس مار کے زد سے بچ
رہنے کا مجاز ہے پھر اس سے بڑکر فایدہ کی کیا امید ہو سکتی ہے عقلمندون پر لازم ہی کہ جلد **ٹیکہ** لگوا لین اور کسی قسم کا اندیشہ نہ کرین

ایسا مین خداوند عالم کے حضور مین نہایت عجز و انکساری سے دعا کے مانگتا ہون سب ناظرین آمین کہین۔

دعا۔ الٰہی خدا! تو ہی ہمارا حقیقی پروردگار ہی الٰہی خدا! تو ہی ہمارا حقیقی بادشاہ ہی۔ الٰہی خدا! سارا عالم اور تمام مخلوقات
کی جانین اور سب آدمیون کا دل تیرے ہاتھ مین ہین۔ الٰہی خدا! ہم تیرے عاجز بندے سر تا سر گنہگار ہین۔ الٰہی خدا! ہم

سب تیرے تقصیروار ہین **ای خدا!** ہماری شامت کی کچھ انتہا نہین ہے **ای خدا!**
ہماری شامت اعمال نے ہمکو گناہ کی دریا مین ڈبو دیا ہے **ای خدا!** تو کریم ہے۔ رحیم ہے
تواب ہے۔ غفار ہے۔ ستار ہے **ای خدا!** تیری رحمت کو تیری غضب پر سبقت ہی
ای خدا! جب تک تیری مدد نہ ہوگی ہم ایک دم گناہ سے پاک نہین رہ سکتے **ای خدا!**
تیرے سوا ہم گناہ کے دریا مین ڈوبے ہوؤن کا کوئی ترانے والا نہین ہے **ای خدا!**
اپنی بے انتہا رحمت سے ہمارے دل اور جسم کے تمام بیماریون اور برائیون کو دور فرما اور تمام
ناپاک چیزون سے جو دل اور جسم کو ناپاک کرتی ہین صاف کر **ای خدا!** ان پچھلے دو تین
برسون مین ہم تیرے عاجز بندون کا جو حال تباہ ہوا اور ہو رہا ہے وہ بیشک ہماری شامت
اعمال کا ظاہری نتیجہ ہے **ای خدا!** ہم اپنے گناہون سے توبہ کرتے ہین **ای خدا!**
ہم نہایت عاجزی اور کمال انکساری سے اپنے گناہونکی معافی چاہتے ہین **ای خدا!** اگلے
زمانہ مین لوگ تیرے پیارے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زبان سے دعا اور
استغفار کراتے تھے **ای خدا!** تیرے پیارے حبیب دنیا سے تشریف فرما ہونے کے
بعد تیرے پیارے رسول کے صحابی جناب عمر فاروق رضؓ نے تیرے پیارے رسول کے چچا حضرت
عباس رضؓ کو تیرے روبرو کر کے دعا کروایا تھا۔ **ای خدا!** اب ہم مین نہ وہ مقدس رسول
ہے اور نہ اس مقدس رسول کا چچا ہے اگر کچھ ہے تو تیرا کلام معجز نظام اور تیرے پیارے
رسول کا مبارک نام اور تیرے پیارے رسول کی آل کرام ہے **ای خدا!** ہم ان تینون
کو وسیلہ ٹھہرا کے اور ان تینون کو تیرے روبرو کر کے تجھکو پکارتے اور تجھسے تیرا فضل
چاہتے ہین **ای خدا!** تو ہم سے **خشک سالی قحط۔ وبا** اور خاصکر **طاعون**
کو دفع کر اور ان چارون بلیات سے ہمکو مصئون اور محفوظ رکھ **ای خدا!** اپنے عاجز

دشمنی کے نظر سے دیکھتے اور سمجھانے سے سمجھتے بھی نہین ہین تو لاچار حاکم کو وہی کرنا پڑتا ہے جو کسی باپ کو ایک نالایق اور ناسپاس فرزند کے تادیب و تنبیہ کے لئے کرنا ضروری ہوتا ہے۔ حال مین جو واقعات اس طاعونی قوانین کے نہ مان لینے اور ان کے جاری کرنے مین بمبئی۔ پونہ۔ کلکتہ وغیرہ مقامات پر رعایا اور سرکار مین گزرے ہین۔ وہ ابھی ہمارے آنکھون کے روبرو ہین۔ رعایا کی عزت بگڑی مال گیا۔ جانین گئین۔ سرکار مین باغی اور شریر ٹھہرے اور سرکار کو کسیقدر سختی سے پیش آنا لازمی ہوا۔ آخر سرکار ہی کی چلی اور سرکار ہی کو غلبہ ہوا۔ اور ہونا ضروری بھی تھا۔ کیونکہ اس قانون سے کچھ سرکار کا ذاتی فائدہ ہی مقصور نہ تھا بلکہ سراسر رعایا کی فلاح و بہبود منظور تھی۔

طاعون وغیرہ وبائی امراض کے مقامات مین جانے یا ایسے مقامات سے دوسرے مقامات مین آنے کی منع شارع اسلام علیہ السلام سے ہونا ثابت ہے اس مین یہی بہبود مرعی ہے کہ وبائی بلا دین جانے یا وہان سے آنے مین مرض کے پھیلنے کا یقین ہے۔ اسی لئے شارع نے منع فرمادیا ہے کہ دخل اور خروج ایسے مقامات مین جائز نہین ہے۔ زمانہ ماضی اور حال کے اطبا بھی اسکے متعلقہ ہونے کو واضح طور سے ثابت کرکے دخل و خروج کے سخت تر مخالف ہین اور سرکار بھی اسی مین سعی کر رہی ہے کہ یہ مہلک مرض اپنے ملک اور رعایا مین پھیلکے انکی بربادی اور ویرانی کا سبب نہ ہوجاے۔ اسکے لئے شفاخانے۔ سگریگیشن کیامپس (الگ کر رکھنے کے مقامات) اور حاذق اطبا مقرر کئے گئے ہین اور انصاف پسند گورنمنٹ سے ہمین یہ اجازت بھی مل چکی ہے کہ اگر ہم اپنے لئے خاص شفاخانے

سگریگیشن کیامپس اور اطبا مقرر کرلین تو سرکار کو کچھ بھی تعرض نہ ہوگا۔ مگر سرکار کی اپر ضرور نظر رہیگی۔ اس مین شک نہین ہے کہ شاہی احکام ہمیشہ عام ہوتے اور اس مین عوام و خواص کے لئے کوئی خصوصیت نہین رہتی ہے اور نہین رہنا چاہئے۔ اگر ہم لوگون کو سرکاری شفاخانون مین اپنے بیمارون کو روانہ کرنا اور سرکاری سگریگیشن کیامپس مین اپنے لوگون کو بھیجنا اور سرکاری اطبا سے علاج کرانا منظور نہ ہو تو کیا مضایقہ ہم اپنے شفاخانے۔ سگریگیشن کیامپس اور اطبا مقرر کرلے سکتے ہین مگر انہین قواعد و ضوابط پر جو سرکار سے مقرر ہوچکے ہین اسی لئے جناب **غلام محمود** خانصاحب بہادر نے اپنے رسالہ مین یہ تجویز پیش کی اور قوم کو ترغیب دی ہے کہ جلد تر اپنے خاص شفاخانے سگریگیشن کیامپس وغیرہ مقرر کرنے کا بندوبست کرلین کیونکہ طاعون بمبئی سے آہستہ آہستہ قدم بڑھاتے بڑھاتے بنگلور مین اپنا خیمہ لگادیا ہے۔ اگرچہ کہ اس سے نزدیک کے مقامات مین بھی دو تین واردا تون کا وقوع سنا گیا مگر پھر خدا کا فضل ہوگیا۔ کون عقلمند کہہ سکتا ہے کہ جو بلا ہانگانگ سے بمبئی اور بمبئی سے بنگلور پہونچی ہو وہ مدراس نہ آئیگی خدا اسکو نہ لاے اور جلد تر بمبئی بنگلور۔ پونہ وغیرہ بلاد ہند سے اسکا منہ کالا ہو۔ مگر احتیاط شرط عقل ہے اور احتیاط اسی مین ہے کہ ہم دشمن آنے کے آگے سہولت اور خاطر جمعی سے اسکے مدافعت اور مقاومت کے لئے ہر طرح سے بندوبست کر رکھین اور تیار رہین ورنہ بعد کو پریشان حالی مین کوئی کام درست نہ ہوگا۔ ضرور کشان کشان سرکاری شفاخانون اور سگریگیشن کیامپس مین اپنے بیمارون اور لوگون کو روانہ کرنا اور سرکاری اطبا سے علاج کرانا ہوگا۔

لوگ کہتے ہین کہ مسلمان غریب ہوگئے مسلمان ہوگئے اور اسے کوئی کام نہین ہوسکتا ہے

کے موافق قوانین مرتب کئے اور حکام وقت سے عوام مین اسکے جاری کرانے کا
حکم لئے اور جاری کئے جس پر لوگ کاربند اور عمل پیرا ہوکے اسکے مہلک اثر سے
بچے۔ اس بلا سے محفوظ رہنے کے شرعی قواعد تو شارع علیہ السلام ایسے کر
نہ بدلنے والے اصول پر منضبط ہوگئے ہین کہ کسی زمانہ مین اس مین ترمیم اور
تبدیل نہین ہوسکتی ہے۔ ہر زمانہ کے علماء کو اسکے مرتب کرنے مین کسی قدر دماغی
قوت صرف کرنیکی ضرورت ہی نہین رہی ہے فقط قرآن وحدیث سے ان کا بیان
کردینا کافی ہوتا ہے۔

خدا کی مصلحت اور سنت ہمیشہ سے اسی کی مقتضی رہی ہے کہ انسانون
کی طبیعتین مختلف بنائی جائین۔ ایسا ہی ہوا ہے۔ ہوتا ہے۔ اور ہوگا۔ یہی وجہ ہے
کہ بعض انسان کسی ایک علم وفن کے حاصل کرنے مین کوشش کرتے ہین مگر وہ علم و
فن انہین حاصل نہین ہوتا۔ اگر سب کی طبیعتین ایک سی بنائی جاتین تو عالم اسباب
مین ایک دوسرے کا محتاج نہ رہتا۔ ہر شخص عالم۔ فاضل۔ حکیم۔ طبیب رہتا۔ اور دنیا
مین جتنے علوم وفنون ہین سب کا وہ ماہر ہوتا۔ مگر تجربہ اور تاریخ سے ثابت ہوگیا
ہے کہ ہر شخص کا دماغ ایک ایک علم وفن کے لئے جدا جدا وضع کیا گیا ہے۔ گو ہر شخص
اپنی طبیعت کی جدت سے سب علوم وفنون یا اکثر کو حاصل کرنے کی کوشش
کرتا ہے مگر وہی حاصل ہوتا ہے جسکے لئے اسکا دماغ وضع ہوا ہے۔ اسی لئے
کہا گیا ہے "ہر مردے ہر کارے" جب بات ایسی ہے تو ہمارا ان کامون مین
دخل دینا جنکے لئے ہمارا دماغ موضوع نہین ہوا ہے سراسر ہماری بیوقوفی کو
ثابت کریگا۔ عقلمندون کا یہی کام ہونا چاہیے کہ جس علم وفن مین اپنے کو دخل

نہین ہے اس مین انہین لوگون کا کہا مانے جو اس علم وفن کے ماہر اور تجربہ کار
ثابت ہوگئے ہین۔

ہمارے زمانہ کے اطبا جنکی حذاقت مین شک کرنا انصاف کا خون کرنا ہے

موجودہ زمانہ کے حالات اور ہمارے شہرون کے آب وہوا اور ہمارے
مزاجون پر غایر نظر کرکے طاعون کے مرض سے بچنے اور اسکے دفع کرنے اور
اسکے علاج کے لئے چند ضوابط وقواعد مرتب کئے ہین۔ جن کو حکام وقت نے
بہت غور اور تامل کے بعد پسند اور کسی قدر ترمیم کرکے قانون کی صورت مین اسکو
جاری کیا ہے۔ ہر تابعدار رعیت کا یہی کام ہے کہ اسکو بلا تعصب غور سے دیکھے
اگر اسکے مان لینے مین اپنی شریعت سے کوئی الزام آتا ہے تو نہایت ادب کے ساتھ
جو بات خلاف شریعت ہے اس سے سرکار کو آگاہ کرادے تو یقین ہے کہ ہماری
انصاف پسند سرکار جو رعایا کی دل آزار اور انکے مذہب وملت مین خلل ڈالنے والی
نہین ہے ضرور غور کرکے اس مین نیک ترمیم کردیگی۔ ہمین یہ نہین چاہیئے کہ ہمیں
ہی سے اس قانون کے مخالف ہو بیٹھین جو محض رعایا کے فلاح وبہبود کے لئے مرتب
اور جاری ہوا ہے۔ اس مین ہماری نالایقی ثابت ہوتی ہے اور سرکار کو اپنی
جابرانہ اقتدارات سے اسکو جاری کرنیکا موقع ملتا ہے۔

جب تک کسی سلطنت کے رعایا۔ حاکم کے اور حاکم رعایا کا خیر خواہ نہین ہوتا ہے

نہ اس سلطنت کے رعایا اچھے رہتے ہین نہ سلطنت اعتماد اور اطمینان کے اصول پر
چل سکتی ہے۔ نہ حاکم کو چین اور آرام ہوتا ہے۔ اگر حاکم رعایا کا ہر حال مین خیر خواہ
ہے اور رعایا اپنی ہٹ دھرمی یا نادانی سے حاکم کے خیر خواہی کو بدخواہی اور

کیونکہ اس مرض مین دل ضعیف نہ ہونا چاہیے۔ بخار کا وہی علاج کرین جو یونانی علاج مین ذکر ہوا ہے۔

حرارت کے دفع کرنے کو بھی وہی علاج کرین جو جوش خون کے تسکین کے لئے اوپر بیان ہوا ہے یعنے ہتندے پانی کو اسفنج سے بدن پر لگاتے رہین۔

نیند کے لئے بروميد آف پوٹاسیم یا افیون دین۔

بیہوشی کا علاج یہ ہے کہ اگر بیہوشی کا سبب دماغی شکایات ہین تو آسانی اجوان کا جوہر ½ گرین یا مارفیا ½ گرین مع اسپرٹ پیمنٹ ہو ڈرمک سرنج کے ذریعہ سے بدن مین پہونچائین۔ پینے کو بروميد آف پوٹاسیم کا مکسچر دین۔

اسہال کی شدت ہو تو سیلان اگرین دین۔ افیون اور نشاستہ کا حقنہ کرائین۔ مارفیا اور کونین کا شیاف چڑھائین۔

قی کی شدت ہو تو جلد تر اسکے دفع مین سعی کرین کہ جب تک معدہ مین دوا نہ ٹہرے مرض کی شدت مین کمی نہ ہوگی۔ مسٹرد بلسٹر قم معدہ پر لگائین مارفیا اور ہیدروسائنک ایسڈ پینے کو دین۔

مریض کی حالت مین جب کسی قدر اصلاح شروع ہو تو اسپرٹ کینا کونین۔ ہایوسامس۔ سپرٹ کلوروفارم۔ سپرٹ ایمونیا آروماٹک۔ ٹنکچر سافرن۔ ٹنکچر لیونڈر کا مرکب دن مین دو وقت یا زاید حسب ضرورت دیا کرین۔

انگریزی اطبا برانڈی اور وسکی کے استعمال پر تراور دیتے ہین اور اسکو اکسیر یا تریاق طاعون سمجھتے ہین مگر شارع اسلام نے اسکے ایک قطرہ کو بھی مسلمانون کے لئے جائز نہ ہرایا اور اسکا نام "ام الخبایث" ہوا بلکہ کلیتہً یہ حکم سنایا گیا کہ

Prof. Pramud Sinha C. Auckland Bdston. Joint Surgeon. Joint Surgeon Cavendish. Bradford. Yorkshire. Wolverhampton. Hydrotherapeutic. Acute Hospitals Committee. Specialty: Abdominal Surgery.

لاشفاء فی الحرام۔ حرام مین شفا نہین ہے۔

مریض کے پائخانہ پر چونا چھڑکین۔ یا کلورید آف لیم والین۔ تہوک یا دستون کے پیپ یا قی کو ایک ڈھکے ہوے علیحدہ برتن مین لین جس مین مرکیوری لوشن (بارہ کا محلول) ہو تا جس جو تہوک پیپ یا قی مین آتے ہین مر جائین۔ مریض کو بستر پر سے حرکت کرنے نہ دین حتی کہ ضروری حوایج (پائخانہ۔ پیشاب) کے لئے بھی۔ تا ضعف اور حرکت قلبی کے کمزوری مین ترقی نہ ہو۔

عرض مطلب

زبان شوق گرم عرض مطلب ہی اگر سنئے
شکستم مہر لب گر پنبہ از گوشت بروں آری

ایہا الناظرین! آپ بزرگون نے طاعون کی لغوی۔ شرعی۔ اور طبی حقیقت اسکے علامات۔ تدابیر اور علاج سب کچھ ملاحظہ فرما چکے ہین۔ اس مین شک نہین ہے کہ اسکو عذاب کہو یا مرض مگر بڑا سخت۔ مہلک۔ ہیبت ناک۔ اور متعلقہ ہے اور اسکا سخت مہلک ہیبت ناک اور متعلقہ ہونا کچھ طبی قواعد ہی سے ثابت نہین ہے بلکہ شریعت محمدی سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے فرق اسی قدر ہے کہ اہل طب اسکو مرض قرار دیتے ہین اور صاحب الشریعۃ اسکو خدا کا عذاب فرماتے ہین۔

ہر زمانہ مین جس جس مقام اور شہر مین یہ بد بلا آئی تہی اسوقت کے اطبار نے اسکے مہلک اثر سے بچنے کے لئے اپنے استعداد اور علم اور زمانہ و ملک کے ضروریات

Mr. Manoj Sharma

ہیڈرو یاٹک ایسڈ ڈیلوٹ	۲ ڈرام
کلوریٹ آف پٹاس	۳ ڈرام
شربت لیمون یا نارنج یا تمر ہندی	۱ اونس
رفیق آش جو	۴ اونس

سب کو ملالین اور بیمار کے نزدیک رکھدین تا جسقدر ضرور ہو نوش کرے اسمین اذیت بھی ہے اور دوا اذیت بھی اگر ملک تہنڈا ہو تو ان شربتون کے عوض شربت زنجبیل ملائین۔

نسخہ دیگر۔ فاسفورک ایسڈ ڈیلوٹ ۲ ڈرام
شربت لیمون یا نارنج یا تمر ہندی ۱ اونس
رفیق آش جو ۴ اونس

ایضاً

ادویہ مقوی حار بھی دیا کرین جیسے شراب اور امونیا کاربونس ہے۔ جو لوگ شراب سے مجتنب ہون انکو امونیا کاربونس دین۔ دفع اذیت کے لئے صبح اور شام افیون خالص کا حب یا پانی مین حل کرکے یا تنکچر اوپیائی یا لیکر اوپیائی سڈیٹوس کہلائین کیونکہ افیون مضر طاعون ہے اور افیون کھانے والون کو طاعون بہت کم ہوتا ہے۔ بمبئی۔ کراچی وغیرہ مقامات مین جسقدر لوگ طاعون سے مرے ہین ان مین افیون کے کھانیوالے بہت کم مرے ہین۔

غذا۔ گائی کا دودھ۔ گوشت کا شوربہ۔ اسنس آف مٹن (مادالحم) یخنی دین۔ طاعونی مریض کا ہضم بہت قوی اور اشتہا زور سے ہوتی ہے۔ مگر غذا زاید نہ کہلائین البتہ تہوڑی تہوڑی غذا متعدد دفعون مین دے سکتے ہین

دنبلون اور دانون کو شگاف کردین یا چونک لگائین یا نیم کی پولٹس باندہین۔ اگر دبا دینا منظور ہو تو بلا ڈونا اور گلسرین کا ضماد کرین گائی کور کے گودہ کو مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گرم کرکے باندہین۔ انجیر

کے تخم کو پیسکر دنبلون یا دانون پر ضماد کرین پیپ ہو گیا ہو تو نکالدین۔

مریض کے لباس کو ہر روز بدل دیا کرین۔ بدن سے نکالے ہوے لباس کو کہولتے پانی مین جوش دے کے دہوئین اور دہوپ مین سکائین۔ مریض کے **بدن** کو ہر روز صاف کیا کرین۔ رہنے کی **جاے** نہایت درجہ تہنڈی ہو۔ خس کی ٹٹیان وغیرہ بھی رکہین۔ ہوا کو ہر روز پاک اور مصفی کرین۔ عفونت اور بدبوئی کو دور کرین۔ سرکہ اور پانی بیمار رہنے کی جاے مین اور دیوارون پر چھڑکین۔ یا پرمنگنیٹ پٹاس یا کاربولک ایسڈ بھی چھڑک سکتے ہین۔ ہوا کے مدخل اور مخرج کو برابر رکہین۔ سلفر (گندک) آتش مین جلائین۔ تا اسکا دہوان ہوا سے ملے۔ مریض کے ہر چیز کو دس انفکشٹ کرین۔ مریض کی جاے سے کوئی چیز جو دس انفکشٹ نہ ہوی ہو باہر نہ لائین۔ اگر گلاس یا پیالہ وغیرہ باہر لانا ہو تو پہلے کہولتے پانی مین ڈال کے لائین۔ تاکہ اگر اس مین جرمس ہون تو مر جائین۔ مریض کے نزدیک رہنے والون اور بیمارداری کرنے والون کو تاکید دین کہ بدن پر تیل مل لیا کرین تا انکے بدن کے مسام مسدود ہو جائین اور جرمس یا زہر بدن مین نہ جاے۔

جوش خون کے تسکین کے لئے روزمین تین چار وقت تہنڈے یا نیم گرم پانی سے اسفنج یا کپڑے کو تر کرکے بدن پر ملین۔ اگر اس سے خون کا جوش نہ تہمے تو چادر کو تہنڈے پانی مین بہگو کے بدن پر لپیٹ دین۔ جب سوکہہ جاے پہر ایسا ہی کرین۔

بخار کی شدت کو کم کرنے کے لئے کہین غلطی سے اینٹی فبرن۔ اینٹی پرین یا فناسٹین نہ دین کہ اس سے دل ضعیف ہو جاتا ہے فائدہ کے عوض نقصان ہو جائیگا

Digitized by Google
Bibliotheca Bodleiana Oxoniensis
Prof. Lennauqaan. Cotton Garlotte. Sculpture. Antiquarie. Pharmacist.
Boy Chemist. Boy Farmer. Boy Scientist. Physician. Surgeon. Dentist. Midwife. Nurse. Soldier. Sailor. Engineer. Essence of Mutton.

گرم پانی سے دھو ڈالین۔ اگر پیپ پڑ گیا ہو تو پیپ کو نکال دیکے ایسا مرہم استعمال کرین جس سے مواد اندر ہی اندر جذب نہ ہو جاے بلکہ باہر نکل آئے۔ یونانی اطبا کے پاس یہ مرہم نہایت مفید ہے **نسخہ مرہم** مردار سنگ۔ مر۔ زور اوند طویل ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ کندر۔ موم۔ راسخ۔ اشق۔ مقل۔ جاوشیر۔ زنگار۔ گندہ فیروزہ۔ روغن زیتون ۱۲ ماشہ ۱۹ ماشہ ۱۰۰ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ حسب ضرورت آخر الذکر سات دواؤن کو روغن زیتون مین ڈال کے آگ پر لگالین۔ جب سب پگھل جاے تو اتار لین اور اول الذکر چار دواؤن کا سفوف ملا دین۔ مرہم ہو جائیگا۔

قی ہو تو علاج شربا و ضماداً کرنا ضروری ہے **(شربا)** برف کا جوسنا قی کے لئے نہایت مفید ہے۔ شربت انار۔ شربت تمر ہندی۔ شربت آلو بخارہ۔ عرق کیوڑا۔ عرق کاسنی مین پلائین۔ عود ترش بھی ایک ایک خوراک دیا کرین **(ضماداً)** فم معدہ پر رائی کے سفوف کا لیپ یا پٹی ڈالین۔ روغن گل مین گلاب اور سرکہ کو حل کرکے برف مین تہند اکر لین۔ اور کپڑے کو تر کرکے معدہ پر ڈالتے اور بدلتے رہین طباشیر۔ گل ارمنی۔ سماق۔ کافور۔ گلسرخ۔ مشک۔ انار دانہ۔ زہر مہرہ وغیرہ ادویات کو یا ان مین کے بعض کو حسب ضرورت گلاب یا سرکہ مین یا دونون مین ہسکر معدہ پر ضماد کرین۔

اسہال ہو کرین اور مزاج مین ضعف آگیا ہو تو قابض ادویات افیون۔ کشنیز۔ کوئین وغیرہ کا حقنہ کرائین اور ادویات سے

اقتباہ بیمار داری کرنے والون پر بالکل ضروری ہے کہ بیمار کے دستون کے عیب یا آلایش اور قی کو ایک الگ برتن مین لیکے بہت سرعت اور احتیاط کے ساتھ اسکو جلا دین کیونکہ ان مین جرمس بہت ہوتے ہین۔

حسب ضرورت اور مزاج کھانے کو بھی دین۔

(انتباہ) یہ خیال رہے کہ بہ مجرد اسہال شروع ہونے کے اُن کو روکنے کا خیال نہ کرین کیونکہ اکثر اوقات اسہال سے سمی مادہ بہت نکلجاتا ہی اگر اسہال شروع ہونے کے بعد نہ تھمے اور مزاج مین اُن سے ضعف بڑھ جاے تو روکنے کا بندوبست کرین۔

بخار کی شدت ہو۔ مزاج گھبرائے اور پیاس کا غلبہ ہو تو۔ برف پلائین تہندے پانی سے بدن کو تر کرین۔ یا کسی بال دار کپڑے جیسے کمل یا فلانل کو گرم پانی مین تر کرکے بدن پر خوب لپیٹ دین۔ مندرجۂ ذیل شربت کا استعمال بھی مفید ہے۔

(نسخہ شربت) آلو بخارا ۱۰ دانہ۔ عناب ۱۰ دانہ۔ تمر ہندی ۱۰ ماشہ۔ تخم خارین ۱۰ ماشہ گل نیلوفر۔ سپستان ۱۰ دانہ۔ تخم کاسنی ۱۰ ماشہ۔ قند سفید ۱۰ تولہ۔ سب کا شربت حسب معمول بنالیں ۲ یا ۳ تولہ عرق گاؤزبان۔ یا بید مشک مین برف مین تہنڈا کرکے پینے کو دین

غشی ہو تو اسکے دفع کرنے مین بھی کوشش کرنا ضروری ہے۔ برف کی تھیلی سر پر رکھین۔ ہاتھ پاؤن کو باندہ دین۔ عطر وغیرہ سنگائین۔ سرکہ و اثر کا شیشہ کھولکر دماغ پر ڈالین۔ ہوشیاری آنے کے بعد مقوی دل و دماغ ادویہ پلائین۔ جنکا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔

ہذیان ہو تو اسکا علاج کرین۔ بعض اوقات قبض سے بھی ہذیان ہو جاتا ہے۔ اگر ہذیان کا سبب قبض ہے تو رفع قبض کے لئے ملین دوا دین جیسے شربت دینار ہے۔ اگر ہذیان شوار ہے تو ملین ادویہ کے خیساندہ یا

ہوگی زہر کا قوت بھی کم ہوگا طبیعت غالب ہوگی اور محافظت اعضا رئیسہ کی
اچھی طرح کریگی **انگریزی** اطبائین ڈاکٹر وونڈ صاحب اپنا تجربہ فصد کے
علاج سے تبلاتے ہین۔ یہ وہی ڈاکٹر ہین جن کا مرکب سفوف بہ نام نہاد **ڈورس**
پلوور مختلف امراض کے لئے مجرب ثابت ہوگیا ہے اور تمام طبی جہان مین مشہور و
معروف ہے۔ یہ ڈاکٹر صاحب اپنے **رسالہ طاعون** مین رقمطراز ہین کہ طاعون
کی شدت شہر **گیکل** پر ہوی اور اس سے شہر خالی ہوگیا۔ لوگ گرجا گھرون مین
پناہ لئے اور ایک رات دن مین ۱۰۸ آدمی اس مرض مین مبتلا ہوے۔ دنبل وغیرہ
سب علامتین ظاہر ہوگئین۔ ڈاکٹر صاحب ممدوح کے حکم سے ہر ہر مریض کے دونون
بازون سے قریب اکیسون اونس کے خون نکالا گیا پھر ڈاکٹر صاحب نے **سلفرک**
اسڈ (گندک کا تیزاب) کا ایک **مکسچر** (مرکب) تیار کر کے پلوایا جو اکسیر کا کام
کیا اور سب بیمار بچ گئے مگر سات یا آٹھ رخصت ہوے۔

جب کہ مادہ دل طرف گیا ہو تو جلد تر طبیخ بابونہ اور شبت یا گرم پانی وغیرہ
پروالین اگر مادہ دماغ طرف رجوع کیا ہو تو پاشنہ کرائین۔ بڑے سینگیان پنڈلیون پر
لگائین اور زور سے چوسنے کہین اور بہت وقت تک رکہین۔

حکماء ہند کہتے ہین کہ **روغن کنجد** طاعون مین سخت مضر ہے چراغ
تک اسکا روشن نہ کرے۔ طاعون کے دنبلون پر شیر برنج کا باندہنا بہت
فائدہ مند ہے۔ شہد اور سفید شکر کو ملا کے ورم پر لگانا مادہ کا جاذب اور محلل ہے
بقراط کا مشہور قول ہے کہ جب لوگ اس سے طاعون کا علاج دریافت
کئے تھے تو اسنے یہی تبلایا تہا کہ لوگ شہر چہوڑ کے کہلے میدان مین چلے جائین اور

Digitized by Sarai Media Archive

شہر کو آگ لگا دین۔

دوا المسک۔ مفرح بارد روزین کئے دفعہ کہلائین **حکیم عابد**
سرہندی کے استاد کا مجرب نسخہ ہے کہ ایک تولہ **کافور** کہلانا طاعونی مریض
کو شفا دیتا ہے۔ پانی کے عوض **عرق بیدمشک**۔ **عرق کاسنی**۔ **عرق گاؤزبان**
گلاب دین۔ اگر زیادہ تہندا کرنا ہو تو برف مین تہندا کرین مگر برف نہ ملائین۔

غذا دہی کے ساتہہ خشکہ تہندا کر کے دو وقتہ دین **مرغ** کے چوزے یا گوشت یا
تہندے ترکاریان کدو۔ ترائی۔ چچندا وغیرہ دین۔ شیر برنج بھی مفید ہے مگر
کی دال کا دینا بھی بہت انسب ہے کیونکہ اس مین خون گاڑہا ہوتا ہے۔

اختلاج قلب ہو تو اندرونی اور بیرونی دونون علاج
کرین **شربا** یہ ادویہ مفید ہین **عرق لیمون**۔ **آب نارنج**۔ **گلاب عرق**
صندل زرشک۔ **تخم ہندباء**۔ **آلو بخارا**۔ **عرق بیدمشک**۔
شربت انار۔ **شربت غورہ**۔ **بیزہ کشنیز**۔ **ضماد** یہ علاج کرین۔
گلاب مین صندل سرخ۔ گلسرخ۔ یا صندل سفید گہسکر یا صندل سفید کو سرکہ مین پیسکر
برف مین تہندا کر کے دل پر ڈالین۔ گل بابونہ اور تخم سوئی کو پانی مین جوش دے
کے دل پر ڈالنا بھی مفید ہے۔

خفقان ہو تو گرم پانی بدن پر ڈالین۔ سفوف الائچی کا استعمال
بھی نفع بخش ہے۔

دنبل یا دانے نکلے ہون تو خالص شہد۔ سفید شکر کے ساتہہ ملا کے
ضماد کرین۔ دنبلون یا دانون کو چاقو سے چیرین اور خوب خون نکلنے کے بعد

دایما وبیان ان محله بعد رفع الراس من الرکوع فی الرکعة الاخرة و
استحباب الجهر به۔ قنوت نمازون مین پڑہنا مستحب ہے جب مسلمانون پر کوئی بلا
نازل ہو اور پناہ مانگنی اللہ سے اور مستحب ہونا اسکا صبح کی نمازمین ہمیشہ اور اس بات کا بیان
کہ محل اسکا آخر رکعت مین سر اٹھانے کے پیچھے ہے اور اونچی (جہر) پڑہنا اور اسکا مستحب ہے
اور اسکے تحت مین امام مسلم نے بیس حدیثین نقل فرمائی ہین جن سے قنوت کا پڑہنا ثابت
ہوتا ہے صحیح بخاری مین ابی ہریرہ سے روایت ہے قال لاقربن صلوة النبی
صلی اللہ علیہ وسلم فکان ابوهریرة یقنت فی الرکعة الاخرة
من صلوة الظهر وصلوة العشاء وصلوة الصبح بعد ما یقول سمع
اللہ لمن حمدہ فیدعو للمومنین ویلعن الکفار ابی ہریرہ نے
فرمایا مین تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے قریب کرونگا تو ابوہریرہ رض ظہر کی
نماز اور عشا کی نماز اور صبح کی نماز کی پچھلی رکعت مین سمع اللہ لمن حمدہ کہکر قنوت کرتے تو مومنون
کے واسطے دعا کرتے اور کافرون پر لعنت کرتے۔ اور بھی صحیح بخاری مین انس رض سے
مروی ہے قال کان القنوت فی الفجر والمغرب۔ انس نے کہا کہ (رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مین) قنوت مغرب اور صبح کی نمازمین ہوتا تہا۔

امام رافعی اور امام نووی سے منقول ہے ان القنوت یشرع
فی سایر المکتوب للنازلة کالوباء نازل وبا کے وقت تمام فرض نمازون مین
قنوت کا پڑہنا شروع ہے۔

در المختار مین ہے (ولا یقنت لغیرہ) الا لنازلة فیقنت الامام
فی الجهریة وقیل فی الکل اور قنوت نہ پڑہے سوائے اور کے مگر واسطے نازلہ کے

پس قنوت پڑہے امام جہری نمازمین اور کہا گیا ہے تمام نمازون مین۔

طحاوی نے کہا ہے انما لا یقنت عندنا فی صلوة الفجر فی غیر
بلیة اما لو وقعت بلیة فلا باس به وظاهره انه لو قنت فی الفجر
لبلیة انه یقنت قبل الرکوع صبح کے نمازمین سوای کسی بلیہ کے وقت کے قنوت
کا پڑہنا ہمارے مذہب (حنفی) مین جائز نہین ہے اگر بلا واقع ہو تو کچہ مضایقہ نہین ہے
اور اگر صبح کی نمازمین قنوت پڑہنا بھی جاوے تو آگے رکوع کے پڑہے۔

طحطاوی مین ہے قال الشافعی یقنت عند النوازل فی الصلوة
کلها لما روی عنه صلی اللہ علیه وسلم انه قنت فی الظهر والعشاء
علی ما فی المسلم وانه قنت فی المغرب ایضا علی ما فی البخاری شافعی نے
فرمایا نوازل کے وقت سب نمازون مین قنوت پڑہا کرے۔ صحیح مسلم مین آنحضرت سے ظہر اور
عشا مین اور صحیح بخاری مین مغرب مین قنوت کا پڑہنا مروی ہے۔

فتح المعین مین کہا ہے (ولسایر المکتوبة) من الخمس فی
اعتدال الرکعة الاخیرة ولو کان مسبوقا قنت مع امامه
(النازلة) نزلت بالمسلمین ولو واحدا تعدی نفعه کامر للعالم
او الشجاع وذلک للاتباع وسواء فیها الخوف ولو من عدو
مسلم والقحط والوباء وخرج بالمکتوبة النفل ولو عیدا والمنذور
(وافعا یدیه) حذو منکبیه ولو حال الثناء کسایر الادعیة
للاتباع وحیث دعی التخصیص شئ لم یدع بالاعنه فی لقیة
عمر جعل بطن کفیه الی السماء او لرفع بلاء وقع به جعل ظهرها

اور دوسرے مستند حکیمون کا یہ خیال ہے کہ سبز اور سیاہ دنبل مہلک اور خطرناک ہین - زرد بھی کسی قدر خطرناک ہے - مگر سرخ نہین ہے - **داؤد انطاکی** کا یہ بھی قول ہے کہ اگر طاعونی دنبلون یا دانون کے ساتھ بخار اور خفقان بھی ہو تو خطرناک ہے - بعضون کا یہ خیال ہے کہ جو طاعونی دنبل یا دانے بغلون یا کانون کے پیچھے ہونگے وہ خطرناک ہین اور جو چندون یا گردن وغیرہ مقامون مین ہونگے ان مین خطر نہین ہے - بخار شدت سے آتا ہے - غشی رہتی ہے - زبان کبھی کالی اور کبھی سفید ہو جاتی ہے - پاخانہ اور قی بھی زیادہ اور زور سے ہوتے ہین - آنکھین نہایت لال ہو جاتے ہین - بدن مین تپش ہوتے ہین - کبھی تو جگر سے خون آتا ہے - خفقان اسقدر زور سے ہوتا ہے کہ بعض اوقات مریض کو دنے لگتا ہے - دنبلون اور دانون سے کبھی پیپ اور کبھی پیلا سا پانی نکلتا ہے - بعض اوقات مریض کی حالت زہر کھائے ہوئی کی ہوتی ہے - کبھی جسم مین زخم ہو جاتے ہین - خون سیاہ ہوتا ہے - نبض جلد جلد چلنے لگتی ہے

ڈاکٹرون کا یہ تجربہ ہے کہ سب سے پہلے بخار اور دردسر ہوتا ہے - دانہ یا دنبل نکل آتا ہے - دردسر اور بخار کی حالت مین مریض کے حواس برقرار نہین رہتے جب دانہ یا دنبل نکل آتے ہین حواس برابر ہو جاتے ہین - دو تین روز سوزش اور درد بعید رہتا ہے - بعد کو درد موقوف ہو جاکے بخار اتر جاتا ہے دنبل یا دانون مین پیپ پڑ جاتا ہے - بیمار بہت ضعیف ہو جاکے نقل و حرکت سے بالکل عاجز ہو جاتا ہے اگر دنبل یا دانون سے پیپ نکالدیا جاے اور مریض کی حیات باقی ہے تو دو یا دو ہائی ہفتون مین بیمار چلتا پھرتا نظر آتا ہے -

ڈاکٹرون کے تجربہ مین جب کوئی شخص طاعون سے بیمار ہوتا ہے تو

اس مین یہ علامات پائے جاتے ہین - قبض شدت کا - بعض اوقات اسہال - پیشاب کا بالکل کم ہونا - بعض اوقات پیشاب کا بالکل بند ہو جانا - زبان سوکھی - میلی اور سرخی مایل صفراوی قی - ضعف بصارت - جسم مین لرزہ - بیہوشی - خلل دماغ - پیشاب یا پاخانہ کے ساتھ خون کا آنا - دم جلد جلد لینا - اگر مریض عورت ہے تو حیض کا جاری ہونا حمل سے ہی تو وضع حمل ہونا - بچے ہین تو دبہ کی بیماری کا نمودار ہونا - جب طاعونی مریض کے پیشاب کا امتحان کیا گیا تو اس مین **البیومین** (بیضوی رطوبت) اور مرے ہوے جرمس تھے - بعض مریض اس جلدی سے دم لیا کہ تجربہ کیا گیا ہے کہ ایک سکنڈ مین ایک دم ایک منٹ مین سات دم لیتا ہے - حالانکہ تندرست آدمی ایک منٹ مین اٹھارہ مرتبہ دم لیا کرتے ہین - اسہالون کا ہونا بھی ہندوستان کے طاعونی مریضون کے لئے خطرناک اور مضر ہونا ثابت ہوا ہے -

اگر اوپر کے علامتون مین جلد تخفیف کے آثار ظاہر ہو گئے اور دنبلون مین پیپ جلد پڑ گیا یا بیمار دو یا دو ہائی ہفتہ تک زندہ رہگیا - اور نبض کا جلدی جلدی سے چلنا ایک اندازہ سے ٹھہر گیا تو امید ہے کہ بیمار بچ جائیگا - اگر ان علامات مین کمی نہ ہو اور اکثر علامات شدت کرین تو مریض سے مایوس ہو جانا چاہیے

طاعون کا شرعی علاج

جب طاعون کی لغوی - شرعی - طبی حقیقت اسباب اور علامات معلوم ہو چکے تو اب اسکا شرعی اور طبی علاج بھی جان لینا اور اسپر عمل کرنا ہر عقلمند پر لازم اور واجب ہے تا اس بلا سے محفوظ اور مصئون رہے - مین پہلے شرعی علاج کو بیان

اگر رہنے کی جاے مین لوگون کی کثرت ہو تو اسکے دور کرنے مین ہمہا امکن کوشش کرین جہان طاعون پہوتا ہو وہان نہ جاے بلکہ وہان سے نکلکے کسی کہلے مقام یا شہر کے باہر جا بسے۔ جن لوگون پر طاعون کا شبہ ہو انسے دوری اختیار کرنا گو وہ انکے عزیز و اقارب ہی کیون نہ ہون بلکہ ایسے مشتبہ لوگون کو الگ کر دینا بہتر ہے تاکہ انسے جرمس منتقل ہو کر دوسرون کے لیے ہلاک اور مضرت رسان نہ ہون۔ اسی کو انگریزی مین **کوارنٹین** اور اردو مین **قرنطینہ** کہتے ہین۔ گہر مین آگ کا سلگانا بھی جرمس کو مار دیتا ہے اور اسکا طور یون ہے کہ چار دن کے سوکے پتے اور گہاس وغیرہ بچہا دین۔ اور آگ لگا دین جسقدر زاید سوکے پتے اور گہاس جلایا جاے مفید ہے۔ قبض ہونے نہ دین۔ ایسے ادویات کا استعمال کیا جاے جو مصفی خون اور مقوی قلب ہو۔ جنکا ذکر کسیقدر اختصار کے ساتھ ذیل مین آویگا ہمیشہ خوشبو اشیاء عطر پہول کا فور تیزاب کے چہلکے وغیرہ نزدیک رکہین اور سونگہا کرین۔ موم کا دہوان سونگہنا دبائی ہواؤن کے لیے **حکیم محمد طاہر** کے پاس مجرب ہی **یونانی** اطبا کے نزدیک جدوار کا استعمال علی الصباح **شربت سرکہ** یا **شربت نارنج** یا **گلاب** یا **عرق کیوڑہ** یا **عرق بید مشک** یا **عرق گاؤزبان** کے بدرد سے طاعون کے صدمہ سے بچنے کو بہت مفید ثابت ہوا ہے **گل** ارمنی سرکہ مین حل کر کے پینا یا سرکہ مین ڈالی ہوی پیاز کا کہانا مفید ہے **حکیم جالینوس** کے گولیون کا مجرب نسخہ بھی قابل ذکر ہے جسکو **محمد طاہر** نے روایت اور دعوی کیا ہے کہ جسنے انکو استعمال کیا دبائی زہرون سے محفوظ رہا نسخہ یہ ہے۔ **صبر سقوطری عمدہ** ۲ حصے ہر ایک حصہ **زعفران** ایک حصہ تینون دواؤن کو گلاب مین بہگو کر خوب باریک پیس لین اور گولیان بنا لین۔ ایک ہفتہ مین کئے بار حسب مزاج عرق **ماشہ** یا دو ماشہ کہایا کرین۔ کہی کے استعمال مین یہ احتیاط کیجاوے

کہ بازار سے کہی آنے کے بعد اسکو خوب گرم کر کے چبا لین اور حفاظت سے رکہین کیونکہ تجربہ اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ طاعون کے جرمس کہی مین بہت جلد اور خوب ترقی کرتے ہین۔

طاعون کے علامات

یونانی اطبا کے پاس جب کسی انسان کے مزاج مین ذیل کی سب علامتین یا بعض پائی جائین تو سمجہ لینا چاہیے کہ طاعون نے اسکو اپنا نشانہ بنا لیا ہے قریب ہی کہ بہت جلد وہ طاعون مین مبتلا ہوگا۔

بے خوابی۔ بدخوابی۔ دردسر۔ بہوک کی قلت۔ تکان۔ امتلاء۔ ضعف دل۔ ضعف دماغ آنکہین خمار آلود۔ سستی۔

ان بالا ذکور علامات کے بعد خوابونکی کثرت سے بے چینی۔ قی۔ متوہہ کا مزا خراب ثقل سمع دوران۔ ضعف۔ آنکہون مین لال ڈورے نظر آنا۔ وغیرہ علامات ظاہر ہوتے ہین۔ ان علامات کے بعد دانے نکل آتے ہین اور یہ دانے مختلف مقامات مین نمود ہوتے ہین اکثر چند دن یا نبلون مین ہوتے ہین۔ بعض اوقات کان کے پیچہے۔ پیٹ۔ سینہ۔ گردن۔ ران اور کبہی پیٹہ اور رانون مین اور کبہی تمام جسم پر چہوٹے چہوٹے دانے ہوتے ہین۔ عادتی وتبل یا دانون اور طاعون کے وتبل یا دانون مین اسی قدر فرق ہے کہ طاعونی دانون مین علی الدوام جلن رہتا ہے کہ مریض بے تاب ہو جاتا ہے بخلاف عادتی دانون یا وتبلون کے کہ اس مین ایسی سوزش نہین ہوتی۔ طاعونی وتبلون اور دانون کے اطراف سمیلی یا زردی یا سرخی یا سبزی رہتی ہے مذکر مارازی۔ داؤد انطاکی

بہترین تدبیر یہ ہی کہ ہر شخص اینٹی پلیگ ان آکیولیشن (طاعون
کے برخلاف ٹیکہ) کا عمل اپنے پر کرلے۔ کسی زمانہ مین جب کہ چیچک کے لئے ٹیکہ نکالا گیا تھا
تو لوگون مین عموماً اسکے فوائد پر بہت کم اعتماد اور اعتقاد تھا۔ آخر کار تجربہ نے ثابت کردیا
ہے کہ چیچک کا ٹیکہ سراسر مفید اور انسداد مرض کے لئے چیپان عمل ہے۔ اسی طرح لوگون
کو طاعون کے ٹیکہ پر فی الحال کم اعتماد ہے آیندہ چلکر لوگ خود اپنے تجربہ سے اسکا بیحد مفید
ہونا جان لینگے۔ ٹیکہ کی حقیقت یہ ہے کہ طاعونی جرمس کو ایک شیشہ مین تھوڑا گھی
اور شوربہ ڈالکے رکھتے ہین یا دریا کا گھانس (سی ویڈ sea-weed
جسکو پتہر کا پھول بھی کہتے ہین اور جسکا فالودہ یا حریرہ بھی تیار ہوتا ہے) کے حریرہ مین پرورش
کرتے ہین جو ان جرمس کی غذا ہوتی ہے۔ تھوڑے دنون کے بعد وہ جرمس بڑھ جاتے
اور شوربہ گھی یا حریرہ سب جرمس ہوجاتے ہین۔ ان جرمس کو بہت گرمی پہونچاکر مار ڈالتے
ہین جس سے گھی و شوربہ یا حریرہ اور مرے ہوے کیڑے سب ایک جسم بنجاتے ہین۔ یہ ٹیکہ
کی اصل دوا ہے جسکا نام پلیگ سیرم ہی۔ اس دوا کو ماپیوڈرمک سرنج (اسوئی
پچکاری) کے ذریعہ سے جلد کے نیچے ران یا بازو مین پہونچاتے ہین۔ جس سے تھوڑا بخار
اور اس جگہہ پر درد۔ آماس اور امتلا ہوتی ہے اگرچہ اس ٹیکہ کا ایک دوسرا طور ڈاکٹر
یرسین نے بھی نکالا ہے۔ مگر اُسکو ایسی کامیابی نہین ہوی جسطرح اِسکو ہوی۔ اس ٹیکہ کے
موجد ایک روسی ڈاکٹر جناب ہافکن صاحب سی آئی ای ہین۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے
اس طریقہ کو بہت محنت اور جانفشانی کے بعد ایجاد کیا ہے اور اس مین فیصدی ۸۹ کے
حساب سے کامیابی حاصل ہوی ہے۔ اس ٹیکہ سے یہ فائدہ ہے کہ ٹیکہ لگایا ہوا جسم طاعون کے
مادہ کو رد کرنے کی قابلیت پیدا کرلیتا ہے اور ٹیکہ لگا لیا ہوا شخص ٹیکہ کی تاریخ سے ۶ ماہ تک

قانون سنگریگیشن کے قیود سے باہر اور محفوظ ہے۔ دوسرے تدابیر کا حال بھی معلوم
کرلیجئے۔

ایسی ورزش کیجاے جو بدن سے پسینہ نکالے۔ ہر روز کم از کم ایک مرتبہ غسل کرے
مکان صاف اور کثافت سے پاک ہو لباس بھی پاک ہو اور جلد جلد بدلتے رہے۔ حکیم
ابن الیاس اور محمد زکریا رازی اور دوسرے اطبار کی رای ہے کہ جو لوگ طاعونی اور
وبائی ہوا سے بچے رہنا چاہتے ہین وہ موٹے کپڑے پہنا کرین۔ بدن کو ڈھانکے رکھے۔ سوے
ہاتھہ پاؤن اور مونہہ کے دوسرا کوئی عضو کھلا نہ ہو۔ پانی ابال اور چھان کے پیین یا آب مقطر کا
استعمال کرین۔ گرم پانی سے پرہیز کرین بلکہ گرم پانی کو برف مین ٹھنڈا کرکے پینا مفید ہے
کیونکہ گرم پانی سے دل اور جگر ضعیف ہوجاتا ہے جہانتک ممکن ہے میٹھے چیزون کا استعمال
بالکلیہ ترک کردین اور اسکے عوض مین ترش چیزون کا استعمال مفید ہے۔ جیسے آملی۔ زرشک
لیمون۔ ترنج۔ نکرہ۔ وغیرہ۔ غذا ہلکی ہو۔ ثقیل نہ ہو۔ اور جب کہائین بالکل ٹھنڈی کہائین۔
مکان مین زہریلی ہوا کو آنے نہ دے اور وبائیہ مادہ سے پاک و صاف کرے۔ گھر کے
نہریون اور نالیون کو ہر روز پانی ڈال کے صاف کرلیا کرین۔ جہانتک ممکن ہو چونہ۔ گھوسون
اور چھچھوندریون کو گھرون سے نکالدین اور مارڈالنے مین سعی کرین کسی شخص کو جو طاعونی علاقہ سے
آیا ہو اپنے گھر مین آنے نہ دین۔ گھر یا اسکے اطراف کچرا کوڑا ہو تو نکال مین یا جلادین۔ گھر مین
خوشبو بخورات یا گندھک کی دھونی دین گھر کو ڈس انفکٹنٹ (زہری مادون کو پاک کرنیوالے
ادویہ سے پاک و صاف کرین۔ جس کا نسخہ حاشیہ مین درج ہے گھر مین سبز چمنی جہاز بن
کو رکھین۔ گھر اور بیت الخلاء کو قلعی (وائٹ واش) کرائین۔ پیاز کے ڈلیان گھر کے متعدد مقام
مین لٹکاے رکھین اور سونگھا کرین۔ گھر مین روشنی اور ہوا کا آزادی سے آنا ضروری ہے

پانچ مسلمان بھی نمازی نہین ہین - چونکہ اکثر مسلمان نماز کے پابند نہین ہین اقسام کے فسق و فجور مین گرفتار ہین ہو رہے ہین - ہمارے **روحانی** آبا (علماء فضلا واعظین مشایخین) کا منصبی فرض ہے کہ مسلمانون کو نماز کی پابندی کے بارہ مین ہر طرحسے ترغیب و تحریص دین اپنے وعظون مین سب غیر ضروری باتون کو چھوڑ دے کے نماز نہ پڑہنے والونکی مذمت اور ان کے لیے جو عذاب مہیا ہو گیا ہے اسکو اچھی طرحسے مدلل بیان کرین - جو لوگ بے نمازیونکی مذمت سننے کے بعد بھی پابند نماز نہین ہوتے ہین اُنسے اسلامی روابط کو ترک کر دین - میری ناقص رای مین تو یہ بات ہے کہ اگر ہمارے علماء اور مشایخین اتفاق کر کے یہ گشتی جاری کر دینگے کہ جو شخص بے نمازی ہے اس سے اسلامی روابط ترک کیے جائینگے خوشی اور غمی مین شرکت نہ کیجاویگی اور مسلمانون کے قبرستانون مین کوئی بے نمازی دفن نہ ہوگا - تو یقین ہے کہ ہر محلہ کی موجودہ مسجدین نمازیون کے لیے کافی نہ ہونگین -

ہمارے علماء فضلا اور مشایخین پر فرض ہے کہ وہ لوگون کو **قایم علی الصلوٰۃ** بنانیکی بہت جلد کوشش کرین اور اپنی متفقہ قوت کو بالفعل اسی کام مین صرف کرین خدا سے امید ہے کہ اگر ہمارے علماء فضلا اور مشایخین حسبۃ للہ اس کام مین اتفاق کر کے سعی کرینگے تو سب بے نمازی لوگ نمازی ہو جائینگے اور اسکا ثواب ہمارے علماء فضلا اور مشایخین کو ہمیشہ ہمیشہ ملا کریگا **الدال علی الخیر کفاعلہ**

میرا اپنا تو یہ یقین ہے کہ جب تک مسلمان پابند نماز ہو کر دعا نہ کریگا اسکی دعا مقبول نہ ہوگی خاصکر خدا کے عذابون سے بچنے کی دعائین ہرگز اجابت کو نہ پہونچینگین یہ بات سب کے پاس مسلم ہے کہ دعاؤن کے اجابت کے اوقات یا تو

ہین نماز مین ہین یا نماز کے بعد - نماز ایک ایسا عمدہ عمل اور ایسی عمدہ چیز ہے کہ قیامت کے روز خدا صاحب پہلے اس عمل کے بجالانے اور نہ کرنے سے سوال کریگا

روز محشر کہ جان گداز بود	اولین پرسش از نماز بود

خدا کے سب فرایض مین ایک نماز ہی ایسا فرض ہے جو کسی وقت اور کسی حال مین عاقل بالغ مسلمان سے بجز موت کے ساقط نہین ہو سکتا ہے - بخلاف دوسرے فرایض کے کہ وہ ایک ایک علت سے ساقط ہو سکتے ہین -

جب انسان نمازی ہو جاتا ہے تو اس سے اکثر بُرے افعال خود بخود چھوٹ جاتے ہین - وہ خود سمجھنے لگتا ہے کہ خدا و رسول پر ایمان بھی لانا - انکی نماز بھی پڑہنا اور پھر بُرے افعال کے مرتکب بھی ہونا کہانتک اچھا ہے - نمازی کا بدن پاک - کپڑے پاک - ہر وقت نماز کا خیال اوسکے دل مین جاگیر - اور جسکے دل مین ہمیشہ ایسا خیال ہو کیونکر ممکن ہے کہ وہ بُرے کامون کے طرف توجہ کرے -

بھائیو! پہلے نماز پڑہو اور نماز کے پابند بنو - پھر خدا کے حضور عجز و انکساری کے ساتھ اپنے پیارے رسول کا وسیلہ لاکے سب عذابون اور خاصکر **طاعون - وبا - قحط** وغیرہ سے نجات ملنے کی دعا کرو - دیکھو کہ خدا صاحب کا ہم پر کیا فضل ہوتا ہے اور یہ بلائین کس آسانی اور سہولت سے ٹلجاتی ہین

طاعون سے بچنے کی طبی تدابیر

سب سے پہلے انسان اپنے **دل** مین **طاعون** کے **خوف** کو جانے نہ دے اور ہرگز نہ ڈرے کیونکہ خیال اور وہم کو مرض کے پیدا کرنے مین بڑا دخل ہے

دعوے کے طرف توجہ نہ لیگی جب ۱۸۹۴ء مین **کانتن** (بندرگاہ چین) مین وبا پھوٹی تو مجلس طبابت کو **پروفسر** مذکور کے دعوے کا خیال آیا۔ ایک زبردست ٹیم اکثر **یارسین** اس کام کے لئے مامور ہوا۔ اسنے اپنے ہمراہ اور ڈاکٹرون کو لے کے **چین** آیا **جاپان** کی گورنمنٹ نے بھی اپنے بے مثل محقق اور ڈاکٹر **کٹیاسیتو** کو اسی غرض سے **چین** روانہ کی۔ ان دونون ڈاکٹرون کے تحقیق سے یہ امر ثابت ہوگیا کہ پروفسر **لی پہور** کا خیال اور دعوی بہت ٹھیک اور صحیح ہے۔ طاعون کے **جرمس** موجود ہین۔ ابھی چندون کا ذکر ہے کہ سرکار **نظام** کے رئیس الاطباء لفٹنٹ کرنل **لاری** صاحب بہادر آئی ایم ایس نے طاعون کے جرمس کو خود ملاحظہ اور جمع کیا تھا۔ یہ جرمس خون مین مختلف اعضاء مین ملتے ہین۔ خاصکر دہنل مین بہت کثرت ہوتی ہے۔ خون مین بہت کم پائے جاتے ہین۔ اور اگر یہ جرمس کسی تندرست آدمی کے جسم مین داخل کردئے جائینگے تو معاً اسپر طاعون کے سب علامات ظاہر ہوجائینگے۔ جرمس بذات خود مہلک نہین ہین بلکہ ان مین ایک قسم کا **سکریشن** (ریزش یا بدنی رطوبت) ہے اور یہی مہلک ہے

قدیم اور جدید تحقیقات سے یہ بھی ثابت ہوگیا ہے کہ طاعون زمین سے نیچے رہتا ہے۔ یا سب سے پہلے زمین کے نیچے ہی پیدا ہوتا ہے سب سے اول **چوہے** اور دوسرے حشرات الارض اسکا شکار ہوتے ہین۔ اسکی تائید مین یہ جملہ دنیا لازمی ہے کہ جہاز پر سیر کرنے والے یا پانی مین رہنے والے کبھی اس بلا مین گرفتار نہین ہوئے ہین۔ اگر کبھی کوئی واقعہ جہاز پر ہوا بھی ہے تو اسکی ابتدا خشکی ہی سے ہے۔

طاعون اور دوسرے وبائی امراض کے **جرمس** ظاہر نظر سے دکھائی دینا بہت دشوار ہے۔ انکو دیکھنے کے لئے ایک خاص قسم کی **خردبین** ضروری ہے جب خردبین سے دیکھتے ہین تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا سر گول ہوتا ہے۔ لانبے اور موٹے ہوتے ہین۔ خون مین ملنے کے بعد انکو اور ترقی ہوتی ہے۔ خواہ مقدار مین ہو یا تعداد مین۔ یہ بھی تجربہ سے ثابت ہوگیا ہے کہ جب انکے صدمہ سے انسان مرجاتا ہے تو انکی ترقی مقدار اور تعداد مین بہت زیادہ ہوجاتی ہے **اب** ہمارے ناظرین معلوم کرسکتے ہین کہ فی الحال **سرکار** نے جو **قواعد** طاعونی مریض کو **دفن** کرنے کے بارہ مین ایجاد کئے ہین وہ کہانتک مناسب۔ چسپان اور دوسرے خلایق کے لئے مفید ہین۔

خدا صاحب نے بعض انسانون کے خون مین طاعون وغیرہ وبائی امراض کے **جرمس** کو مار ڈالنے کی قوت پیدا کردی ہے یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ طاعونی وغیرہ وبائی مریضون کے تیمارداری مین سرگرم رہتے ہین اور جرمس کا اثر اپر کچھ بھی نہین ہوتا ہے۔ انسان کے خون مین خدا صاحب نے ایک قسم کے مفید ذرات کا مادہ پیدا کیا ہے جسکو **طبی** (انگریزی) اصطلاح مین **پروٹوپلاذم** کہتے ہین جسکے خون مین یہ مادہ کثرت سے ہوتا ہے اس مین طاعون وغیرہ کے **جرمس** مفرت پہونچانے سے پہلے یہ مفید ذرات (پروٹوپلاذم) مقابلہ کرکے جرمس کو مار ڈالتے ہین۔ ان ذرات مین خدا صاحب نے یہ طاقت بخشی ہے کہ وہ اپنی حرکت سے لانبے ہوتے اور جرمس کو اطراف سے اس سختی اور شدت سے لپیٹ لیتے ہین کہ ان مین (جرمس مین) جان باقی نہین رہتی ہے۔ اور جسکے خون مین **پروٹوپلاذم** کا مادہ کم

پر خدا نے اس بلا کو نازل فرمایا ہے

ابر نا بید از پے منع زکوٰۃ	وز زنا افتد وبا اندر جہات

اگرچہ بہت سے صحیح احادیث صحاح۔ سنن اور مسانید کے اس دعوے پر شاہد ہیں جنکا ذکر کرنا نہایت طول اور طویل ہے۔ مگر اب میں حضرت ابی سعید خدری اور عبداللہ بن عمرؓ کی ایک روایت پر اکتفا کرتا ہوں جو بہت ہی عبرت بخش ہے۔ قال اجاء فتی من الانصار واسلم علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ثم جلس فقال ای المومنین افضل قال احسنھم خلقا قال فای المومن اکیس قال اکثرھم لموت ذکرا واحسنھم لہ استعدادا قبل ان ینزل بہ اولئک لھم الاکیاس ثم سکت الفتی واقبل علینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال یا معشر المھاجرین والانصار خمس اذا ابتلیتم بھن واعوذ باللہ ان تدرکھن لم تظھر الفاحشۃ فی قوم حتی یعلنوا بھا الا فشاء فیھم الطاعون والاوجاع التی لم تکن فیما مضت من اسلافھم الذین مضوا ولم ینقصوا المکیال والمیزان الا اخذوا بالسنین شدۃ المؤنۃ وجور السلطان علیھم ولم یمنعوا زکوٰۃ اموالھم الا منعوا القطر من السماء ولولا البھایم لم یمطروا ولم ینقضوا عھد اللہ وعھد رسولہ الا سلط اللہ علیھم عدوھم من غیرھم وما ترک ایمتھم لحکم بکتاب اللہ الا جعل باسھم بینھم۔ ابی سعید خدری اور عبداللہ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ایک نوجوان

انصار کا آیا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام کیا۔ پھر بیٹھا اور پوچھا مومنین میں کون زیادہ بزرگ ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص اخلاق کے وہ سے ان میں اچھا ہے۔ انصاری نے پوچھا مومنین میں زیادہ عقلمند کون ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو ان میں موت کو زیادہ یاد کرنے والا اور اسکے آنے کے آگے اسکے لئے اچھی طرح مستعد ہو بیٹھا ہے۔ یہی لوگ عقلمند ہیں۔ پھر انصاری جوان خاموش ہو رہا۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری طرف توجہ کی اور فرمایا اے گروہ مہاجرین و انصار کی پانچ خصلتیں ہیں جب تم ان میں مبتلا ہونگے اور میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں کہ تم انکو پاؤ۔ کسی قوم میں کوئی فاحشہ نہیں ظاہر ہوا یہاں تک کہ وہ اسکو علانیہ کرنے لگے۔ مگر یہ کہ ظاہر ہوا ان میں طاعون اور وہ بیماریاں جو نہیں تھے اونکے اگلے گذرے ہوں میں۔ اور لوگوں نے ناپ اور تول میں کمی زیادتی نہیں کی مگر وہ سخت قحط اور بادشاہ کے ظلم میں گرفتار ہوئے۔ اور لوگ اپنی زکوٰۃ کو نہ دینے باز نہیں آئے مگر یہ کہ آسمان سے بارش کا آنا بند ہوا۔ اور اگر نہ ہوتے چارپائے تو پانی نہیں برستا۔ اور لوگوں نے اللہ اور اسکے رسول کے عہد کو نہیں توڑا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے انپر ان کے دشمن کو مسلط کر دیا جو اونکا غیر ہے۔ اور کسی قوم کے پیشواؤں نے اللہ کی کتاب پر حکم کرنے کو نہیں چھوڑا مگر یہ کہ انمیں سخت لڑائی پڑ گئی۔

یہ تو طاعون کے شرعی اسباب تھے جو زبان فیض ترجمان حضرت شارع اسلام علیہ السلام سے بیان ہوئے۔ اب اسکے طبی اسباب پر غور فرمائیں۔

طاعون کے طبی اسباب

جامع الشفائیہ واضافات کبیر میں لکھا ہے السبب سبب آن زہر خاص است کہ از ان این مرض پیدا میشود لا انیکہ حیوانی ست یا نباتی یا مرکب از ہر دو پس

اور پریشانی کی انتہا نہ رہی۔ سرکار نے طاعون کے انسداد کے تدابیر مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ جو کچھ اطبای وقت نے کہا اسکو عمل مین لانے کے لئے احکام صادر کئے۔ اور اسکے لئے جسقدر روپیہ خرچ ہوا دریغ نہ کیا گیا۔ اسی سرگرمی کا شاید نتیجہ تھی کہ اس سال کے عرصہ مین دیڑھ چالیس ہزار خلایق کی جانین تلف ہوئین۔ ورنہ اگلے زمانہ کے طرح خدانخواستہ سارے ہندوستان کے مختلف شہرون کے روزینہ اموات کی تعداد اس سے زاید ہوجاتی باوجود اسقدر تبلیغ قدغن کے ابتک اس بدبلا کی بیخ کنی نہ ہوسکی۔ اور اسکا مجرب علاج جو تیر بہدف کا حکم رکھتا ہے تا ہنوز نہ آیا صبح اور شام کے آشوبون پر ہر سرکار اسی فکر اور دھن مین ہے کہ یہ بدبلا جلد تر ہندوستان سے دور ہوجاے۔ اگر ڈاکٹر ویگار سے بمبئی مین طاعون پھوٹنے کا حال معلوم نہ ہوتا اور سرکار سے اسکے انسداد کے تدبیرین عمل مین نہ لائی جاتین تو خدا جانے کیا قیامت برپا ہوتی۔ ہمین لازم ہے کہ ہم سب سے پہلے ڈاکٹر ویگار کا شکریہ ادا کرین اور ان کا احسان مانین۔

حال کے طاعون سے غریبون کے جانون اور مالون ہی پر نہین بنی بلکہ اس نے پولیٹکل پیچیدگیان بھی رعایا اور سرکار مین پیدا کردین۔ بمبئی اور خاصکر پونے کے واقعات سے بہت کم لوگ ناواقف ہونگے۔ سب سے برا نتیجہ یہ ہوا کہ اخبارون کی آزادی پر صدمہ پہونچا اور قانون "سیڈیشن" کے رسیون سے اخبارون کے ہاتھ پیر باندہ دئے گئے۔

طاعون کے شرعی اسباب

ہمارے عبرت گرین ناظرین اس فہرست طاعون کے ملاحظہ کرنے اور عبرت پذیر ہونے کے بعد یہ معلوم کرین کہ بیت دنون کے بعد پھر ہندوستان کے بڑے بڑے

شہرون مین یہ مرض پھیلنے اور خدا کے بندگون کو تباہ کرنے کی کیا وجہ ہے۔ صحیح غور اور فکر سے یہ مرض پیدا ہونے کے کئے وجوات معلوم ہوتے ہین **اول** یہ کہ ہم مسلمانون نے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع چھوڑ دیا۔ خدا کی پاک توحید اور اسکے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس سنت کو شرک و بدعات سے بدل دے کے اور راہین اختیار کین **دوسرا** یہ کہ ہم مسلمانون نے پنجگانہ فرایض کے ادائی مین اسقدر سہل انگاری اختیار کی ہے کہ گویا وہ ہم پر فرض ہی نہین ہوا ہے جو ایمان کے بعد پہلا رکن اور کفر و ایمان مین تمیز کرنیوالا ہے۔ مساجد کی ویرانی پھر خانون کی آبادی اسپر گواہ ہے **تیسرا** یہ کہ روزہ حج۔ زکوۃ اور زیارت شریف کی ہم مسلمانون کو کسی قدر چاہ و پرواہ نہ رہی۔ اپنے من مانے مقامات کی طرف دور دراز سے سفر کرنا۔ اپنے جانون پر مشقت جھیل کے وہان پر جانا ہمین آسان ہوگیا مگر خدا اور رسول علیہ السلام کے طرف سر کے بل جانا بالکل دشوار ہوا۔ جہان پر جانا تفریح کرتے آجکل کے آسایشون کے کچھ بھی دشوار نہین ہے۔ صدہا ہزار ہا روپیہ اپنے نفسانی خواہشون مین صرف کرنے کو ہم اپنے فخر اور مباہات کا سبب جانتے ہین مگر اپنے خداوند مالون سے اسکی زکوۃ دینی اور غربا کو اسودہ کرنا اپنے سر پر بہاری اٹھا لینے سے بھی دشوار ہوگیا **چوتھا** یہ کہ تجارت پیشہ لوگون نے اپنی تجارتون مین سود جو قطعی حرام ہے اسقدر جاری کردیا ہے کہ گویا وہ انکے معاملہ کا جز اعظم ہوگیا اور خدا و رسول سے جنگ و جدل کرنیکی انہین کچھ بھی پرواہ نہین ہے **پانچوان** یہ کہ ہم مسلمانون نے سب کبایر کو اختیار کرلیا ہے جنکا منع قرآن شریف اور صحیح احادیث سے ثابت ہے اکثر مسلمانون مین زنا۔ لواطت۔ اور شراب خواری جاری ہوگئی ہے جو بالکل ناپاک اور بڑی گناہ ہے۔ غالبا یہ بات قرین صدق ہے کہ ان ہی تین چیزون کی شامت سے ہندوستان

	نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیتہ
۶۱	طاعون	ایران و ترکی و عراق بصرہ بغداد کردستان ترکی	۱۸۳۲ء	—	یہ بلا چار سال تک پہلی وہی جس سے ہزارہا جانون کا نقصان ہوا۔ بصرہ مین روزینہ دیڑھ سو لوگ مرتے تہے۔ بغداد ویران ہوگیا۔ جن گہرون مین تیس پینتیس آدمی تہے ان مین دو تین آدمی باقی رہگئے تہے۔ ترکی اور جنوبی ایران سخت مصیبت مین گرفتار تہا۔
۶۲	طاعون	اضلاع مغربی عرب	۱۸۵۳ء		بشدت رہا۔
۶۳	طاعون	قسطنطنیہ	۱۸۵۸ء	〃	〃
۶۴	طاعون	خارس شہر ماکو	۱۸۶۳ء	نومبر	〃
۶۵	طاعون	کنارہائے فرات و دجلہ	۱۸۶۶ء	دسمبر	〃
۶۶	طاعون	عراق	۱۸۶۷ء	جون	اس طاعون کی ایسی شدت ہوی کہ عراق پاک ہوگیا۔
۶۷	طاعون	کردستان	۱۸۶۸ء سے ۱۸۷۱ء تک		〃
۶۸	طاعون	اضلاع مغربی عرب	۱۸۷۳ء	〃	بشدت رہا
۶۹	طاعون	قسطنطنیہ	۱۸۷۳ء	〃	〃
۷۰	طاعون	مکہ معظمہ	۱۸۷۴ء	〃	چار مہینے تک یہ مرض مکہ معظمہ مین رہا۔ گزشتہ لوگ نہین مرے
۷۱	طاعون	خراسان	۱۸۷۶ء	〃	
۷۲	طاعون	زرشت و ضلع گیلان ایران و افغانستان	۱۸۷۷ء	〃	
۷۳	طاعون	عراق فارس	۱۸۷۷ء	〃	یہ کسیقدر شدید العقاب طاعون تہا
۷۴	طاعون	اضلاع مغربی عرب	۱۸۷۹ء	〃	

	نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیتہ
۷۵	طاعون	بغداد	۱۸۸۴ء	〃	یہ طاعون بہی بشدت بغداد مین اپنا قدم جمایا تہا
۷۶	طاعون	جنوبی ایران	۱۸۹۳ء	〃	
۷۷	طاعون	بغداد و کاظمین و بندرگاہ فین	۱۸۹۴ء	〃	بغداد پر اس طاعون کے شدت سے زوال آیا۔ کاظمین مین چند ہفتون مین ساٹھ ہزار جانین ضایع ہوگئین۔
۷۸	طاعون	ہانگانگ	۱۸۹۵ء	۲۲۵۰	
۷۹	طاعون	بمبئی کراچی ہوشیارپور دہارواڑ۔ کلکتہ پونا۔ شولاپور رسندہ ستارہ نبگلور وغیرہ	ستمبر ۱۸۹۶ء	قریب ۲ لاکھ	خاص بمبئی مین قریب ۲۲ ہزار کے اور باقی دوسرے تمام شہرون مین موے ہین۔

اس فہرست سے ہمارے ناظرین بخوبی معلوم کرسکتے ہین کہ ہمارے آباؤ اجداد مبتلا یا اس مہلک مرض کی شدت کو مختلف مقامون مین محسوس کرچکے ہین اور جس شدت سے یہ مرض اگلے زمانہ مین پہلا اور اپنی بیدادی ظاہر کیا ہے وہ بہی اس مختصر فہرست سے ظاہر ہوجائیگا۔ خدا کے فضل و کرم سے امید کرنی چاہیے کہ اب کبہی اس طرح کی شدت نہ ہوگی۔

حال مین جو طاعون بمبئی مین اپنا منحوس چہرہ دکہلایا ہے۔ نہین معلوم کہ کتنے دن سے وہ اپنی خوفناک صورت سے خلایق کو ڈرا رہا تہا مگر ۱۱ ستمبر ۱۸۹۶ء کے دن ڈاکٹر ویگانڈ نے سب سے پہلے اسکی مخبری کی اور وہان کے سب سرکاری ڈاکٹرون کو جتلایا اور ثابت کردیا کہ ہندوستان مین یہ بدبلا ہانگانگ سے پہونچ گئی ہے۔ جلد اسکے انسداد کی تدبیرین عمل مین لائی جائین۔ اسی دن سے عامہ خلائق سے اور خود سرکاری لوگون مین تہلکہ پڑگیا۔

نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب وکیفیت

کروڑ تیس لاکھ آدمی انتقال کئے تھے ایک مورخ لکھتا ہے کہ ۱/۳ حصہ یوروپ کا اس طاعون سے متاثر ہوا تھا۔ دوسرا مورخ لکھتا ہے کہ ۱/۴ حصہ یوروپ کے آبادی کا جو اسوقت کے مردم شماری کے حساب سے ڈھائی کروڑ ہوتے ہین ملک عدم کو سدھارا۔ اس زمانہ مین ہندوستان کا بادشاہ شیر شاہ سوای تھا۔ تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ شیر شاہ نے کسی کہلے جرم کے بدلہ مین ایک فقیر کو تازیانے لگائے تھے۔ فقیر طاعون مین مبتلا تھا اور کوڑے طاعون کے دہنلون پر پڑے تو اسکے صدمہ سے فقیر مرگیا مگر ساتھ ہی طاعون پھوٹ پڑا اور ہزارہا جانین تلف ہوئین۔ یہ دوسرا طاعون ہے جو بعد بعثت ختمی پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہندوستان مین آیا تھا

۴۱	طاعون	دمشق قاہرہ	۷۶۴ھ	〃	حجج الکرامۃ
۴۲	طاعون	دمشق	۷۷۱ھ		ایضاً
۴۳	طاعون	قاہرہ	۷۸۱ھ		ایضاً
۴۴	طاعون	بلاد مختلف	۷۹۱ھ		ایضاً
۴۵	طاعون	اکثر حصص ایران و ہندوستان	زمانہ ظہور	ہزارہا خلایق	تاریخ ایران مولفہ سرجان ملکم۔ انگریزی سفیر مستینہ ایران بنام خسرو دان شاہ یہ طاعون کئے سال رہا ہزارہا خلایق اسکے دست تظلم سے نہ بچ سکے
۴۶	طاعون	بلاد مختلف	۸۱۳ھ		حجج الکرامۃ
۴۷	طاعون	ایضاً	۸۱۹ھ		ایضاً
۴۸	طاعون	ایضاً	۸۲۱ھ		ایضاً
۴۹	طاعون	مصر	۸۳۳ھ		ایضاً

نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب وکیفیت
۵۰ طاعون	مصر	۸۴۱ھ	۱۰۰۰ روزینہ	حجج الکرامۃ۔ یہ طاعون تمام دنیا کو گھیرا تھا اور یہ دوسرا طاعون تھا جو دنیا کے اکثر آبادی کو ویران کرڈالا تھا
۵۱ طاعون	〃	۸۴۹ھ	دیکھو کریسنٹ الاتحاد	ایضاً
۵۲ طاعون	〃	۸۵۲ھ	۵۰۰۰ روزینہ	ایضاً
۵۳ طاعون	شام مصر	۸۶۴ھ	〃	یہی سال ہے کہ سب سے پہلے وبا کا مرض ہندوستان مین آیا اور آجتک برابر چلا جاتا ہے۔
۵۴ طاعون	ایضاً	۸۷۳ھ	〃	حجج الکرامۃ
۵۵ طاعون	مصر	۸۸۰ھ	〃	ایضاً
۵۶ طاعون	روم	۸۹۹ھ	〃	ایضاً
۵۷ طاعون	ہندوستان صدی سترھوین		〃	تزک جہانگیری۔ آگرہ مین روزانہ سو آدمی مرتے تھے۔ متواتر تین برس یہ طاعون جاتون کے دنون مین شدت پکڑتا تھا اور گرمیون مین نظر نہین آتا تھا
۵۸ طاعون	لندن	۱۶۶۴ء		فقط چند وارداتین ہوئین۔ ولیٹ منتر کے گرجون مین ایک دو فوت ہوے۔
۵۹ طاعون	لندن	۱۶۶۵ء	〃	بہت شدت ہوی اور شہر مین ہلکلہ پڑگیا۔ اسوقت لندن کی آبادی ۳ لاکھ از ستر ہزار کی تھی جس سے ۲/۳ حصہ لوگ وطن چھوڑ کے بھاگ گئے اور باقی ۶۸ ہزار سے زاید لوگ مرگئے اور آخر ۱۶۶۶ء مین بھاگے ہوے لوگ داخل شہر ہوے۔
۶۰ طاعون	اصفہان مغربی ایشیا	۱۸۱۵ء	〃	شدت سے رہا

نمبر شمار	نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت
۲۳	طاعون	شام و دیگر بلاد (مقام اشاعہ اکثر)	۱۳۱ ہجری (جمادی الاول)	نوے ہزار	تاریخ اسلام مولفہ امام محی الدین ابوبکر زکریا۔ اشاعہ ہر روز برابر ایک ہزار آدمی مرتے رہے صاحب اشاعہ نے کہا کہ یہ طاعون سب میں سخت رہا اور یہ طاعون کچھ کمی بیشی کے ساتھ دو برس تک رہا۔ اس طاعون میں اسحاق بن سرید العلاوی۔ فرقد بن یعقوب السبخی اور مسلم بن عتبہ بھی ہلاک ہوئے جو اس زمانہ میں مشہور و معروف افراد سمجھے جاتے تھے۔ اسی لئے اسکا نام طاعون مسلم بن عتبہ رکھا گیا جو سب میں زیادہ ترشہ ہوا تھا۔
۲۴	طاعون	بغداد و رے	۱۳۴ھ	"	حجج الکرامہ
۲۴	طاعون	"	۲۰۱ھ	"	ابن حجر
۲۵	طاعون	عراق آذربائیجان	۲۰۴-۲۰۸ھ	"	مراۃ الزمان
۲۶	طاعون	بردعہ آذربائیجان	۲۸۸ھ	"	ابن حجر۔ اس طاعون میں محمد سباح کی اسی اولاد ضایع ہوئی
۲۷	طاعون	فارس	۲۹۹ھ	"	حجج الکرامہ۔ بے شمار جانیں نذر اجل ہوئیں۔ اس شدت کا مرض تھا کہ لوگوں کو ایک خط کا اعتماد نہ تھا قاضی شہر کہیں جانے کے قصد سے جرابیں پہننے کا قصد کیا۔ ابھی ایک ہی موزہ چڑھانے پایا تھا کہ فوراً دم نکل گیا۔
۲۸	طاعون	اصفہان	۳۴۰ھ	"	حجج الکرامہ
۲۹	طاعون	بصرہ	۴۰۶ھ	"	ایضاً
۳۰	طاعون	بلاد ہندوستان (یہ پہلا طاعون ہی جو بعد بعثت آنحضرت علیہ السلام کے ہندوستان میں آیا)	۴۲۳ھ	بیشمار	ایضاً یہ طاعون ہی جو بعد بعثت آنحضرت علیہ السلام کے ہندوستان میں آیا

نمبر شمار	نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت
۳۱	طاعون	شیراز بصرہ بغداد	۴۲۵ھ	"	حجج الکرامہ
۳۲	طاعون	موصل	۴۳۹ھ	"	ایضاً
۳۳	طاعون	مصر شام بغداد	۴۴۸ھ	"	ایضاً
۳۴	طاعون	عجم	۴۴۹ھ	"	ایضاً
۳۵	طاعون	مصر	۴۵۵ھ	"	ایضاً یہ طاعون کامل دو مہینے رہا
۳۶	طاعون	دمشق	۴۶۹ھ	۴۹۸۵۰۰	ایضاً اس طاعون میں چار لاکھ انہتا نو ہزار پانسے آدمی موے یہ بہت بڑا طاعون تھا جو دمشق میں آیا۔
۳۷	طاعون	عراق	۴۷۸ھ	"	ایضاً
۳۸	طاعون	حجاز یمن	۵۰۲ھ	"	ایضاً
۳۹	طاعون	فارس	۵۹۶ھ	"	ایضاً
۴۰	طاعون	قاہرہ تمام عالم	۷۴۹ھ	کروڑہا خلائق	ایضاً۔ یہ طاعون تمام دنیا کو گھیرا تھا۔ اس طاعون میں کروڑہا آدمی مرگئے۔ ابن ابی حجلہ نے کہا ہی کہ قاہرہ میں ہر روز بیس ہزار آدمی مرتے تھے۔ یہ طاعون مکہ معظمہ میں بھی داخل ہوا اور حیوانات بھی اس مرض سے موے مغربی دنیا (یوروپ) میں آدھے سے زیادہ لوگ مبتلا ہوکر مر گئے ہیں انگریزی مورخین سے بھی اسکی تصدیق ہوتی ہے۔ کہ اس زمانہ میں جو چودھویں صدی عیسوی کا زمانہ تھا یوروپ اسکا شکار ہوا تھا۔ یوروپ والوں نے اس طاعون کا نام "بلاک ڈیتھ" سیاہ موت رکھا تھا۔ اکثر تاریخ والوں کا اعتقاد ہی کہ یہ طاعون پہلے چین سے شروع ہوا تھا اور اسکی تصدیق قدیمی تحریرات چین سے بھی ہوتی ہی ایک

Black death.

خراب کردیتا ہے اس سم کی علامت سے کبھی سرخ۔ کبھی زرد اور کبھی سیاہ ورم کانون کے پیچھے اور بغلون کے نیچے یا اور کسی خاص مقام مین پیدا ہوکے تہوڑے عرصہ مین مریض کو ہفقانی اور بیہوش بنا دیتا ہے شیخ ابوعلی سینا۔ ابوداؤد انطاکی علامہ قرشی شفاء الدولہ امام جلال الدین سیوطی علامہ ابن القیم وغیرہم نے اس مرض کی تحقیق مین رسالے اور تقریرین تحریر فرمائی ہین جنکا ذکر اختصار کے ساتھ اوپر بیان ہوا ہے۔

جب حدیث ام المومنین عائشہ صدیقہ رضہ سے اسقدر ثابت ہوا کہ طاعون ایک عذاب الٰہی ہے جو اوسکے نافرمان بندون پر انکی بیحیائی فرمانی کے عالم مین نازل ہوا کرتا ہے اور دوسری حدیث جناب ممدوحہ سے اس عذاب کی شکل بطور ایک گرہ شطر کے معلوم ہوتی ہے اور بعض احادیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ عذاب اولاً و بدایتاً کسی اسرائیلی نبی کے دعا کے وجہ سے اسرائیلیون پر نازل ہوکے انہین تباہ کیا اور خدا تعالی نے اسکو پیچھے آنیوالون کے لئے رکھدیا ہوا تھا تو یہ معلوم کیا چاہیے کہ یہ بلا جو مرض کے پیرایہ مین خلایق کی جان لیتا ہے چارے نادی۔ ہمارے رہبر۔ ہمارے برحق شفیع اور ہمارے مطلق وسیلہ جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعثت سے پہلے اور عہد برکت مہد سے آجتک عرب و عجم کے بستیون مین کیے بار نازل ہوی تھی اسکی تفصیل طوالت کی موجب ہی اسلئے مین ایک مختصر جدول لکھتا ہون جس سے اسکی پوری عبرت دہ کیفیت معلوم ہوجائیگی

فاعتبروا یا اولی الابصار

جدول

نمبر شمار	نام طاعون	مقام طاعون	سنہ وقوع	مدت طاعون	حوالہ کتب و کیفیت
۱	طاعون	بیلیناشام	۴۹ قبل مسیح	دس لاکھ	کتاب روفس (مشہور اور معروف یونانی طبیب)
۲	طاعون	میسوپوٹامیہ پرشیا	۶۴۰	"	راجپوتانہ کا ایک بڑا حصہ اور کل شہر پٹن تاراج ہوگیا۔
۳	طاعون	پلیسٹائن ملک مصر	۶۵۴۲	"	یہہ مرض دو سال یہان رہا
۴	طاعون	قسطنطنیہ	۶۵۴۳		ایک دن مین دس ہزار آدمی موے۔
۵	طاعون	فرانس	۶۵۴۶	ہزارہا	"
۶	طاعون	اٹلی	۶۵۷۱	"	اٹلی پر ایسی تباہی آئی جو تاریخ اٹلی مین عدیم المثال سمجھی جاتی ہے کئی نسلون کے دلون پر اسکا خوف طاری تہا۔
۷	طاعون	یورپ	۶۶۰۰	"	جبکہ حبشہ یورپ کا زبردست فرمان روا تھا یہہ بلا وہان پہونچی اور باوجود بیحد کوشش کے پچاس سال تک وہان سے نہین نکلی۔
۸	طاعون	مداین	۶ ہجری	"	رواہ مدائنی۔ تاریخ اسلام مولفہ امام محی الدین ابوبکر بن کثیر مداین اسوقت ایران کا دارالخلافہ تہا۔ ملک عرب کا بڑا حصہ مکہ اور مدینہ منورہ وغیرہ بھی ایران کی عملداری مین داخل تھے شیرویہ اسوقت ایران کا شہنشاہ تہا اسلیئے یہ طاعون اسکے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس طاعون مین خدا کا فضل ہوا کہ کوئی مسلمان اس سے ہلاک نہ ہوا۔ تمام علاقجات عرب بھی اسکے دست برد سے محفوظ رہے۔

ہر سال نی شود۔

حکماء عرب یونانی اطبا کے حوالہ سے **طاعون** کے دو معنے بیان کئے ہین جن مین سے ایک عام ہی اور دوسرا خاص یا یون کہو کہ ایک معنی محدود ہی اور دوسرا غیر محدود ہے ایک تو وہ دنبل یا آماس ہے جس مین بخار کی شدت سے ردی علامتین پیدا ہوتی ہین دوسرا معمولی مرض وبا کا ہی جس مین ہزارہا خلایق کی جانین لقمۂ اجل ہوتی ہین **وبا** کی تعریف مین صرف اسی قدر کہدینا کافی ہے کہ کثیف بخارون کا ہوا مین مکر روی کیفیت اور تعفن پیدا کرنے کو وبا کہتے ہین اور جب یہ غلیظ اور متعفن ہوا تنفس شرائین اور مسامات کے ذریعہ سے جسم مین سرایت کرتی ہے تو اول دماغ کی سب طوبتین اسکے اثر سے متعفن ہوتی ہین جسکے وجہ سے مختلف جلدی قلبی اور دماغی امراض پیدا ہوتی ہین منجملہ ان امراض کے ایک **طاعون** بھی ہے اور یہی ایک مرض ہے جو مدتون کے لئے جم جاتا ہے بخلاف دوسرے امراض (ہیضہ مرطوبی بخار۔ چیچک وغیرہ وغیرہ) کے کہ وہ مدتون نہین رہتے **طاعون** کا غلیظ مادہ پہلے دنبل یا آماس کے صورت مین جسم کے کسی حصہ پر ظاہر ہوتا ہے اور پھر اسکی شدت اور سختی سے تپ آتی ہے اگر ضروری احتیاطین نہ کیجائین گین اور معقول علاج نہ ہوگا تو مریض اکثر ہلاک ہو جائینگے۔

حکماء فرنگ طاعون کی تعریف اسطرح کرتے ہین کہ وہ ایک قسم کا شدید بخار ہے جس مین جسم کے اکثر مقامون کے غدد سوجھ جاتے ہین۔ خاصکر چندون بغلون وغیرہ کے گلٹیان ورم کرآتی ہین۔ اگر غایر نظر سے دیکھا جاوے تو اطبا یونان اور حکماء فرنگ کی تحقیقات کا نتیجہ قریب قریب یکسان معلوم ہوتا ہے **یونانی** اطبا طاعون کو جلدی امراض مین داخل کرتے ہین اور دنبل کی سوزش کو تپ۔ غشی۔ اور قی وغیرہ کا سبب قرار دیتے ہین۔ یونانی اطبا کے

مان دنبل مقدم اور سبب اولی ہے۔ گو اسکا ظہور بخار کے بعد ہی ہو۔ **حکماء فرنگ** طاعون کو ایک خاص قسم کا روی بخار مقرر کیے ہین اور دنبل وغیرہ کو اس بخار کا نتیجہ ٹہراتے ہین مگر دونون (یونانی طبیبون اور انگریزی ڈاکٹرون) کے مان علامات اور اسباب مین قریب قریب توافق ہے

ہندوستان مین اسی قسم کا ایک **طاعون** ہوتا ہے جسکو انگریزی مین **پالی پلیگ** کہتے ہین۔ پالی بنگالہ کے علاقہ مین ایک مقام ہے اور ہندی زبان مین اسکو **مہامری** کہتے ہین جسکے معنے مرگ عظیم کے ہین۔ یہ مرض ہندوستان مین اور بیشتر ریاست راجپوتانہ مین ہوا کیا۔ جب شہرون کی صفائی کا اہتمام کیا گیا تو ان ملکون سے وہ مرض دور ہوا اور اب بھی ہمالیہ کے پہاڑون مین قریب سرحد نیپال کے اکثر شایع ہوتا ہے جہان عفونات اور قاذورات زیادہ ہوا کرتے ہین۔ یہ بخار بھی طاعون کے بخار کے مشابہ ہے مگر فرق اسقدر ہے کہ اس طاعون یعنی مہامری سے یہ کو زیادہ نقصان ہوتا ہے بعضون کا قول ہے کہ یہ طاعون (مہامری) اور حبشہ کا طاعون دونون واحد الحقیقۃ ہین۔ بعضون کا قول ہی کہ اگرچہ دونون طاعون (طاعون حبش اور پالی پلیگ) واحد الحقیقۃ ہین مگر اس قسم کی **تیفس فیور** (حمی مطبقہ متزایدہ) گرم ملکون مین اور اور جو **تیفس فیور** بیان ہوی وہ بارد ملکون مین ہوتی ہے اور فی الحقیقۃ دونون **تیفس فیور** ہین۔

Pali - Plague

خطاب بہ قوم

اس لغوی شرعی۔ اور طبی تحقیق کے بعد خدای قہار جل جلالہ کے غضب سے ڈرنیوالے اور اس رحیم و کریم عم نوالہ کی رحمۃ طلب کرنیوالے معلوم کرین کہ بحکم حدیث سبقت **رحمتی علی غضبی** باوجود ہماری نافرمانی اور اقسام کے فسق و فجور کے جو ہر ان

اور اس مین بڑی جلن ہوتی ہے اور تپ وبائی مارڈالنے والی بھی ضرور ہوتی ہے۔

جن اہل لغت نے طاعون کو وباء اور وباء کو طاعون قرار دیا ہی اسکی وجہ تطبیق شیخ بوعلی سینا کے کلام سے یون معلوم ہوتی ہے کہ اکثر یہ مرض (طاعون) قریب وبار کے پیدا ہوتا ہے۔ ورنہ طاعون کی ماہیت مغایر ماہیت وباء ہونا ایک مسلم اور بدیہی امر ہے جس سے کوئی فطرتمند انکار نہین کرسکتا ہی علامہ حافظ ابن القیم رح نے فرمایا ہے چونکہ طاعون اکثر انہین ملکون مین ہوتا ہے جہان وبا کثرت سے ہوتی ہے اسی لئے طاعون کو وباء سے تعبیر کرتے ہین وما کان الطاعون یکثر فی الوباء و فی البلاد الوبیۃ عبر عنہ صاحب مواہبہ الدنیہ علامہ قسطلانی نے طاعون کے مغایر وبا ہونے پر ایک دلیل یہ قایم کی ہے کہ طاعون مدینہ طیبہ زادہا اللہ شرفا وتعظیما مین پیدا نہین ہوتا چنانچہ حدیث مین وارد ہے ان المدینۃ لا یدخلھا الطاعون بخلاف وبار کے کہ وہ ہوا کرتی ہے حدیث عائشہ رض مین وارد ہی قدمنا المدینۃ وھی وباء ارض اللہ اور حدیث عرینین مین ہے انھم قالوا ھذہ ارض وبیئۃ۔ اور علاوہ حضرت امیر المومنین عمر ابن الخطاب رض مین مدینہ منورہ مین وبا کثرت سے ہوی تھی مگر طاعون نہین ہوا۔ اگر طاعون اور وبار کی حقیقۃ یا ماہیۃ حسب قرار دادہ اہل لغت ایک ہوتی تو لامحالہ طاعون مدینہ منورہ مین پایا جاتا حق بات یہ ہی کہ طاعون اور وباء مین عموم وخصوص کی نسبت ہی ہر طاعون وبا ہے اور ہر وباء طاعون نہین ہے اس سے جمع دونون قولون مین حاصل ہوجاتا ہے

اب کچھ طاعون کی شرعی حقیقت ملاحظہ فرمائیے پھر اسکی تحقیق پر غور کیجئے۔

طاعون کی تحقیق شریعۃ سے

زاد المعاد مین حضرت ام المومنین عایشہ صدیقہ رض سے مروی ہی کہ صدیقہ ممدوحہ نے جناب رسول مقبول علیہ السلام سے دریافت کی کہ طاعون کیا چیز ہی؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایک گرہ ہی اونٹ کے گرہ کے مانند جو عراق (نام ایک پرندہ کا ہی انسان کے شکم مین) اور آباط (بغلون) مین ہوتا ہی۔ امام احمد رح ابی موسی اشعری سے اور طبرانی اپنے اوسط مین ابن عمر رض سے طاعون کی حقیقۃ یون روایت کرتے ہین وخزاعدائکم من الجن طاعون جنون کا نیزہ مارنا ہی بخاری مین عائشہ صدیقہ رض سے روایت ہی حضرت ممدوحہ فرماتی ہین کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے طاعون کی حقیقۃ دریافت کی تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہ ایک عذاب ہی پروردگار عالم کا اپنے بندون سے جس پر چاہتا ہی ڈالتا ہی اور اسکو مومنون کے لئے رحمۃ قرار دیا ہے۔ ایک صحیح حدیث مین طاعون کی ماہیۃ یون بیان ہوی ہے انہ بقیۃ رجز ارسل علی بنی اسرائیل وہ بقیہ عذاب ہی جو بنی اسرائیل پر بھیجا گیا تھا اس حدیث کی تصدیق ایک مشہور ومعروف یونانی طبیب روفس کے قول سے ہوتی ہے۔ وہ اپنی کتاب مین لکھتا ہی کہ حضرت عیسی کے زمانہ سے تیس سو برس پہلے قوماطا (طاعون) دریای نیوب کے جنوبی علاقون۔ شام اور رومیلیا مین بہت شدت اور تیزی سے پھیلا جس سے دس لاکھ جانین تلف ہوئین اور ایک حدیث مین ہی انہ دعوۃ نبی کہ طاعون ایک نبی کی دعوۃ ہے قاضی ابوبکر بن العربی نے کہا ہے کہ طاعون ایک شدۃ کا درد ہے جو روح کو تھنڈا کردیتا ہے اور اسکو طاعون اس لئے نام رکھا گیا ہے کہ اسکی رسائی عام اور اس سے موت جلد ہوتی ہے قاضی عیاض نے فرمایا طاعون ایک آبلہ ہے جو بدن پر ہوتا ہے اور یہ مرض عام ہوتا ہے اور ہلاک کرتا ہے اور ہلاک کرنے مین

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۴۶	بقراط کا قول طاعون کے بارہ مین	۵۱	طاعون کا عام علاج
۴۷	طاعون مین اخلاج قلب کا علاج	۵۲	طاعون مین دنبلون کا علاج
۴۷	طاعون مین خفقان کا علاج	۵۳	ایضاً جوش خون ایضاً
۴۷	ایضاً دنبلون ایضاً	۵۳	ایضاً بخار ایضاً
۴۸	ایضاً قی ایضاً	۵۳	ایضاً حرارت ایضاً
۴۸	ایضاً اسہال ایضاً	۵۴	ایضاً نیند ایضاً
۴۹	ایضاً بخار ایضاً	۵۴	ایضاً بیہوشی ایضاً
۴۹	ایضاً غشی ایضاً	۵۴	ایضاً اسہال ایضاً
۴۹	ایضاً ہذیان ایضاً	۵۴	ایضاً قی ایضاً
۵۰	ایضاً نیند ایضاً	۵۵	عرض مطلب
۵۰	طاعون کا انگریزی علاج	۶۲	دعا
۵۰	میجر جنرل ہاروی کا قول طاعون کے بارہ مین		تمت

الطاعون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ونصل ونسلم علی رسولہ وآلہ الکریم

صدمۂ طاعون کی حقیقۃ اور اسکا علاج

آج کل ہندوستان کا کوئی شہر اور قریہ ایسا نہ ہوگا جسکے رہنے والون کے کان طاعون کے لفظ سے نا آشنا ہونگے خواہ مرد ہون یا عورت۔ مگر بہت کم لوگ ہین جو اسکی شرعی اور طبی حقیقۃ سے کما حقہ واقف ہین اور شاید یہی ناواقفیت کی وجہ ہی جو اسکے رفع دفع مین نہ خود کوشش کرتے ہین اور نہ کوشش کرنیوالون کا ساتھ دیتے ہین بلکہ کوشش کرنے اور ساتھ دینے کے عوض مین اُلٹے خلاف کارروائی ظہور مین آتی اور مزاحمت کیجاتی ہے جسکے نتایج قوم کے لئے بہت مضر ثابت ہوے ہین۔ سرکار سے جنگجو اور وحشی کا لقب غایۃ ہوتا ہی۔ قوم کی رہی سہی وقعت بھی حکام کے نظرون سے رخصت ہوی جاتی ہے اور سرکار کو اپنی جابرانہ اقتدارات ظاہر کرنیکا موقع ملتا ہی جسکو لوگ اپنی جہالت اور ناواقفیت کے وجہ سے سرکاری ظلم اور تعدی پر محمول کرتے ہین مگر ہماری قوم کے روحانی اور جسمانی اطبا اس مین تہوتی

گورنمنٹ ہوز۔ گنڈی۔
۳ر دسمبر ۱۸۹۸ء

میرے پیارے صاحب!

در جواب آپ کے درخواست موزخہ ۲۷۔ نومبر کے ہز اکسلنسی نے مجھسے یہ کہنے کی خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ آپ کی کتاب طاعون (اردو) اپنے نام پر معنون ہونے کو بہ خوشی قبول فرماتے ہین۔ اور یقین کرتے ہین کہ وہ (کتاب) ان لوگون کے لئے مفید ہوگی جو انگریزی مین طاعون کے متعلق پڑھنے پر قادر نہین ہین

آپ کا وفادار
پچہ۔ یے۔ سم
(پریوٹ سکرٹری گورنر صاحب بہادر بالقابہ)

بہ مولوی حکیم سید شاہ محمد فخر الدین صاحب نقوی فخری
۵۔ کوچہ ارنڈال
میلاپور

فہرست مضامین کتاب الطاعون۔

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱	تمہیدی مضمون	۲۶	غربت۔ افلاس خشک سالی قحط وغیرہ کا طاعون سے تعلق
۳	طاعون کی تحقیق لغت سے	۲۷	طاعون مین جرسی ہونا پہلے کسنے نکالا
۴	طاعون اور وبا مین فرق علمای اسلام کے اقوال سے	۲۸	چوہون کا کثرت سے مرنا طاعون کی بہترین علامت ہے
۵	طاعون کی تحقیق شریعت سے	۲۹	طاعون کے جرس کو پیدا کرنے کا مادہ خود قدرت سے انسان مین پیدا کیا گیا ہے۔
۶	طاعون کی تحقیق طب سے		
۸	طاعون کی حقیقت مین فرق یونانی اور انگریزی اطبا کے پاس	۳۰	افیون اور گیہون طاعون کے جرس کے مضر ہین
۹	پالی پلیگ ایک قسم کا طاعون ہے ہندوستان مین	۳۰	طاعون سے بچنے کے شرعی تدابیر
۹	خطاب بہ قوم	۳۱	نماز کا قایم کرنا۔ منکرات اور فواحش کا ترک کرنا
۱۳	طاعون کی تاریخ عیسی سے پہلے اور اب تک ایک جدول مین	۳۳	طاعون سے بچنے کے طبی تدابیر
	طاعون مندرجہ جدول کے نمبرہای ذیل	۳۴	ٹیکہ کی حقیقت
	قابل غور اور عبرت ہین۔	۳۴	ٹیکہ کا موجد کون ہے؟
	نمبر ۲-۴-۶-۷-۹-۱۳-	۳۴	ٹیکہ کے فواید
	۲۲-۳۶-۳۶-۴۰-۴۵-۵۶-۵۷	۳۷	طاعون کے علامات یونانی اطبا کے پاس
	۵۹-۶۱-۶۶-۷۷	۳۸	طاعون کے علامات انگریزی اطبا کے پاس
۲۱	حال کے بمبئی والے طاعون کو پہلے کسنے سمجھا	۳۹	طاعون کا شرعی علاج
۲۲	حال کا طاعون قانون سندیش کا باعث ہے	۴۰	قرآنی علاج استغفار ہے
۲۲	طاعون کے شرعی اسباب	۴۱	صدقہ اور قنوت آنحضرت علیہ السلام سے بلایا ہوا علاج
۲۵	طاعون کے طبی اسباب	۴۳	قنوت کا پڑھنا فصاد کے پاس ثابت ہے
۲۶	طاعون کے اسباب کے بارہ مین بوعلی سینا کا قول	۴۴	طاعون کا یونانی علاج
		۴۵	طاعون مین فصد کرنا انگریزی اطبا کے پاس ثابت ہے

بحضور عالی

ہز اکسلنسی سر آرتھر ایلی پیلنگ ناولاک جی بی ایم جی
جی ٹی ای ای گورنر ان کونسل فورٹ سینٹ جارج مدراس دام اقبالہ

حضور عالی!

مین نہایت ادب کے ساتھ اس کتاب کو
جو مرض طاعون کے بارے مین عمدہ رہبر ہو سکتی ہے آپ کے
گرامی نام پر بغرض اظہار شکریہ ان شاہانہ فیاضیون کے جو مسلمانان
علاقہ مدراس پر عموماً اور طاعونی احکام کے متعلق خصوصاً حضور کی سلطنت
نے فرمائی ہین قبولیت اور اجازت* کے بعد معنون کرتا ہون۔

گزارندہ خاکسار
سید محمد فخر الدین نقوی فخری
میلاپور مدراس

* دیکھو دوسرا صفحہ

غنیمت ہی صحت علالت سے پہلے

الطّاعون

یعنی

صدمۂ طاعون کی حقیقت اور اسکا علاج

جس مین طاعون کی لغوی شرعی اور طبی حقیقت۔ اسکے اسباب۔ علامات۔ بچے رہنے کے تدابیر
اور علاج مرقوم ہین اور جس کو جناب گورنر صاحب بہادر المخاطب بہ سر جن جنرل کے صوابدید سے
اپنے نام پر معنون ہونا پسند فرما کے اجازت دی ہی

مولفہ

خاکسار سید محمد فخرالدین نقوی فخری میلاپوری

۱۸۹۸ ع

مطبع عزیزی مدراس مین زیور طبع آراستہ ہوا

بار اول ۵۰۰ جلد

قیمت ۸ر

جملہ حقوق محفوظ ہین

ATH-THA-OON.

(THE PLAGUE)

Being an elaborate and interesting treatise on the Bubonic Plague, its origin, causes, prevention and cure and other details discussed from both religious and Medical points of view, as accepted by Muslims.

BY

MOULAVI HAKIM SVED SHAH MUHAMMAD FAKHRUDDIN SAHEB NAQAVI FAKHARI.

1st Edition.

All Rights Reserved.

Madras:

PRINTED AT THE AZIZIA AND GRANT AND CO.'S PRESSES.

1898.

500 Copies.

Rs. 0-8-0.

DEDICATION.

THIS

Elaborate and Interesting Treatise

ON THE

Bubonic Plague

*By kind Permission**

IS

most humbly and respectfully

DEDICATED

TO

HIS EXCELLENCY

* SIR ARTHUR ELIBANK HAVELOCK, *

G. C. M. G., G. C. I. E.,

Governor-in-Council,

FORT SAINT GEORGE,

MADRAS.

*P.T.O

Government House,
GUINDY.
3rd December, 1898.

My dear Sir,

In reply to your request of the 27th November, His Excellency wishes me to say that he accepts with pleasure the dedication of your treatise (Urdu) on the plague. He trusts that it will be of use to those who would be unable to read about the plague in English.

Yours sincerely,

H. A. SIM.

To

MOULAVI HAKIM SYED SHAH MUHAMMAD
FAKHRUDDIN SAHEB NAQAVI FAKHARI,
5, Arividal Street, MYLAPUR.

لوگون کے جسم مین طاعونی زہر اثر گیا ہی اور کوئی جانتا نہین ہے کہ طاعونی شہر سے آنیوالون مین کسکا جسم طاعون کے زہر سے موثر ہوا ہی اس شہر لے مین وہ اثر اگر کسی مین ہوگا تو شہر کے باہر ہی ظاہر ہوجائیگا اور ہمارا شہر اس سے مصئون اور محفوظ رہیگا۔

ناظرین سے گذارش ہے کہ **جلب منفعۃ** اور **دفع مضرۃ** کے عمدہ قاعدہ کو نظر مین رکھکے نماز پر قایم ہوجائین۔ خدا کی مرضیات کو بجالائین اور نامرضیات سے دور رہین ہمیشہ خدا کے حضور مین گریہ وزاری سے استغفار کیا کرین۔ کہانے۔ پانی۔ لباس۔ مکان ہوا وغیرہ کی صفائی مین کامل احتیاط کرین اس کتاب مین اور سرکاری قواعد اور ضوابط مین جتنی باتین کرنے کی ہین حسب طاقت عمل مین لائین اور ترک کرنے والے امورات کو چھوڑدین **ٹیکہ** نکالنے مین کسی طرح کا اندیشہ نہ کرین کیونکہ یہ نہایت عمدہ **سبیل** طاعون سے بچنے کی ہے۔

ٹیکہ نکال لینے کے فوایدات ثابت ہوگئے اور ہورہے ہین۔ ہزارون آدمیون پر اسکا عمل ہوا اور خدا کے فضل سے کسیکو ضرر اور نقصان نہین پہونچا۔ بلکہ سرکاری حساب سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر **ٹیکہ** نہ نکالے ہوے لوگون مین **طاعون** سے **۹۰** فی سیکڑہ آدمی مرے ہین تو **ٹیکہ** نکالے ہوے شخصون مین سیکڑہ دس آدمی مرے ہین اس سے زاید فائدہ کیا ہوسکتا ہی۔ اگر لوگ اسکو بھی قبول نہین کرتے ہین تو مین انہین یہ ظاہری فائدہ تبلاسکتا ہون کہ **ٹیکہ** نکال لینے سے ان کو **طاعونی** قوانین سگریگیشن وغیرہ کے سختیون سے محفوظ رہنا یقینی ہی اور خدانخواستہ اگر کسی عزیز و اقارب کے یہ برا سکوٹ نمودار ہو تو **ٹیکہ** نکال لیا ہوا شخص اس بلا کے نزدیک رہنے کا مجاز ہے پھر اس سے بڑکر فائدہ کی کیا امید ہوسکتی ہے عقلمندون پر لازم ہی کہ جلد **ٹیکہ** نکال لین اور کسی قسم کا اندیشہ نہ کرین

اب مین خداوند عالم کے حضور مین نہایت عجز وانکساری سے دعا کے چند اتہاتا ہون سب ناظرین آمین کہین۔

دعا۔ ایخدا! تو ہی ہمارا حقیقی پروردگار ہی ایخدا! تو ہی ہمارا حقیقی بادشاہ ہی۔ ایخدا اسارا عالم اور تمام مخلوقات کی جانین اور سب آدمیون کا دل تیرے ہاتھ مین ہین۔ ایخدا! ہم تیرے عاجز بندے سرتاسر گنہگار ہین۔ ایخدا! ہم

سب تیرے تقصیروار ہین **ای خدا!** ہماری شامت کی کچھ انتہا نہین ہے **ای خدا!** ہمارے ہی شامت اعمال نے ہمکو گناہ کی دریا مین ڈبودیا ہے **ای خدا!** تو کریم ہے۔ رحیم ہے تواب ہے۔ غفار ہے۔ ستار ہے **ای خدا!** تیری رحمۃ کو تیری غضب پر سبقت ہی **ای خدا!** جب تک تیری مدد نہ ہوگی ہم ایک دم گناہ سے پاک نہین رہ سکتے **ای خدا!** تیرے سوا ہم گناہ کے دریا مین ڈوبے ہوؤن کا کوئی ترانے والا نہین ہے **ای خدا!** اپنی بے انتہا رحمت سے ہمارے دل اور جسم کے تمام بیماریون اور برائیون کو دور فرما اور تمام ناپاک چیزون سے جو دل اور جسم کو ناپاک کرتی ہین صاف کر **ای خدا!** ان پچھلے زمانی برسون مین ہم تیرے عاجز بندون کا جو حال تباہ ہوا اور ہورہا ہے وہ بیشک ہماری شامت اعمال کا ظاہری نتیجہ ہے **ای خدا!** ہم اپنے گناہون سے توبہ کرتے ہین **ای خدا!** ہم نہایت عاجزی اور کمال انکساری سے اپنے گناہونکی معافی چاہتے ہین **ای خدا!** اگلے زمانہ مین لوگ تیرے پیارے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک زبان سے دعا اور استغفار کراتے تھے **ای خدا!** تیرے پیارے حبیب دنیا سے تشریف فرما ہونے کے بعد تیرے پیارے رسول کے صحابی جناب عمر فاروق رضؓ نے تیرے پیارے رسول کے چچا حضرت عباس رضؓ کو تیرے روبرو کرکے دعا کروایا تھا۔ **ای خدا!** اب ہم مین نہ وہ مقدس رسول ہے اور نہ اس مقدس رسول کا چچا ہے اگر کچھ ہے تو تیرا کلام معجز نظام اور تیرے پیارے رسول کا مبارک نام اور تیرے پیارے رسول کی آل کرام ہے **ای خدا!** ہم ان تینون کو وسیلہ ٹہراکے اور ان تینون کو تیرے روبرو کرکے تجھکو پکارتے اور تجھسے تیرا فضل چاہتے ہین **ای خدا!** تو ہم سے **خشک سالی قحط۔ وبا** اور خاصکر **طاعون** کو دفع کر اور ان چارون بلیات سے ہمکو مصئون اور محفوظ رکھ **ای خدا!** اپنے عاجز

یشک یہ بات بہت دور تک صحیح ہے کہ مسلمان غریب اور مفلس ہوگئے ہین - مگر مین
ہرگز نہ کہونگا کہ مسلمانون سے کوئی کام نہین ہوسکتا ہے - اس غربت و افلاس مین
بھی اگر مسلمان اپنی متفقہ قوت سے کسی کام کے کرنے پر آمادہ ہوجائینگے تو وہ کام
نبھالینگے جو موجودہ زمانہ کے ذیقدرت اور ذی ثروت لوگون سے ہونا دشوار
ہے - اسکا معنی میری رای مین تو محال ہے - مگر کیا ہے کہ مسلمان ہمت اور اتفاق
کھو چکے ہین اور اب مسلمانون مین ایسے بہت کم لوگ باقی رہگئے ہین جو انکی ہمت
اور انکے گھوڑے کو ترغیب و تحریص کا کوڑا لگاکے چست و چالاک بنائے اور جو ہین انکے
موجودہ حال مین یا تو انکی غربت اور افلاس کی وجہ سے لوگ انکے کہے کو وقعت کی نظر سے
نہین دیکھتے یا یہ کہ لوگون مین انکے کہے کی قدر ہے اور لوگ مشتاق رہتے ہین کہ
انسے کچھ سنے مگر جو لوگ ایسے قومی کامونمین کارفرما اور سرآوردہ ہوتے ہین انکو کچھ
کہنے پر آمادہ نہین کرتے یا کہنے والون کو روک دیتے ہین - کیا یہ کم افسوس کی
بات ہے کہ بعض مسلمانون نے ذاتی اغراض شخصی اور دنیوی عداوتون یا کسی
باریک مذہبی مسئلہ کے خلاف کی وجہ سے اس اہم کام مین خلل اندازی کردی ہے - اگر
یہ خلل اندازی کسی جاہل اور ناواقف سے ہوتی تو چندان شگفت کا محل نہ تھا افسوس
تو اسپر ہے کہ اس مین قوم کے بعض ذی وجاہت اور ذیعلم لوگ بھی شریک ہین - سب سے
عجب خیز یہ کیفیت گوش زد ہوئی ہے کہ مدراس کے تاجر پیشہ لوگون نے سرے سے طاعونی
قانون کے مخالف ہین وہ لوگ نہ آپ خود طاعون کے انسداد کے اسباب مہیا کرنا چاہتے
ہین نہ سرکار کے ضوابط و قوانین کو پسند کرتے ہین یہ انکی سراسر غلطی ہے یا ہٹ دھرمی -
انکو سمجھانا چاہئے کہ ایسا کرنے سے خدانخواستہ وہی نتیجہ ہوگا جو بمبئی - پونہ وغیرہ مین

ہوا تھا -

بعض لوگون کا یہ خیال ہے کہ طاعونی قوانین کے مان لینے اور اسپر عمل کرنے
مین اسلامی شریعہ کے اصول و قواعد سے کسی قدر خلاف کرنا ہوگا اور شاید وہ اسی
وہم کی پابندی سے طاعونی قوانین کے مخالف ہین ان کے خدمات مین میری گذارش ہے
کہ یہ ان بزرگون کا وہم ہی وہم ہے - اصول و قواعد اسلامی سے طاعونی قوانین کو کچھ
بھی تعلق نہین ہے - یہ سارے قوانین طبی اصول پر منضبط ہوے ہین اور جہانتک میرا
علم مجھکو راہبری کرتا ہے مین اپنے صاف دلی سے سب لوگون کو یقین دلاتا ہون کہ مین
نے موجودہ ترمیم شدہ طاعونی قوانین کو ایک نہین کئی بار بغور پڑہا ہے اس مین ایک
بات بھی ایسی نہین ہے جو اصول و قواعد اسلام کے مخالف یا خلل انداز ہو -

ہمارے علماء مشایخین اور اطبا پر لازم ہے کہ تہوڑے دن کے لئے اپنے عزیز اوقات
کو قوم کے لئے وقف کرکے محافل اور مجالس مین طاعون کی حقیقت کہ وہ کیا چیز ہے - کس اسباب
سے آتا ہے اس سے بچنے کے تدابیر کیا ہین اور اسکا علاج کیا ہے ہمیشہ بیان کرتے رہین اور
لوگونکو نماز اور صالح اعمال کی ترغیب دیا کرین - اور سرکار سے خلاف کرنیکی برائی اور نتیجہ سے متنبہ کرتے
رہین تاقوم کو دارین کا فائدہ ملے اور آپ خود اپنے منصبی فرایض سے عنداللہ اور عندالناس سبکدوشی
حاصل کرین -

سرکار سے میری یہ گذارش ہے کہ اگرچہ جتنے قواعد اور ضوابط طاعون کے انسداد کے مقرر ہوے
ہین وہ سب بجاے خود نہایت عمدہ اور پسند ہین مگر میری رای مین یہ نہایت انسب ہے
کہ طاعونی شہرون سے آنیوالے صحیح اور تندرست لوگون کو بھی کم از کم چار یا پانچ روز تک اردگرد نم
یا اور کسی مقام مین اتار لینے کے بعد کو شہر مین آنے دین کیونکہ اس سے یہ فائدہ ہے کہ جن

دشمنی کے نظر سے دیکھتے اور سمجھانے سے سمجھتے بھی نہین ہین تو لاچار حاکم کو وہی کرنا پڑتا ہے جو کسی باپ کو ایک نالایق اور ناسپاس فرزند کے تادیب و تنبیہ کے لئے کرنا ضروری ہوتا ہے۔ حال مین جو واقعات اس طاعونی قوانین کے نہ مان لینے اور ان کے جاری کرنے مین بمبئی۔ پونہ۔ کلکتہ وغیرہ مقامات پر رعایا اور سرکار مین گزرے ہین۔ وہ ابھی ہمارے آنکھون کے روبرو ہین۔ رعایا کی عزت بگڑی مال گیا۔ جانین گئین۔ سرکار مین باغی اور شریر ٹھہرے اور سرکار کو کسیقدر سختی سے پیش آنا لازمی ہوا۔ آخر سرکار ہی کی چلی اور سرکار ہی کو غلبہ ہوا۔ اور ہونا ضروری بھی تھا۔ کیونکہ اس قانون سے کچھ سرکار کا ذاتی فائدہ ہی مقصود نہ تھا بلکہ سراسر رعایا کی فلاح و بہبود منظور تہی۔

طاعون وغیرہ وبائی امراض کے مقامات مین جانے یا ایسے مقامات سے دوسرے مقامات مین آنے کی منع شارع اسلام علیہ السلام سے ہونا ثابت ہے اس مین یہی بہبود مرعی ہے کہ وبائی بلاد مین جانے یا وہان سے آنے مین مرض کے پھیلنے کا یقین ہے۔ اسی لئے شارع نے منع فرمادیا ہے کہ دخل اور خروج ایسے مقامات مین جائز نہین ہے۔ زمانہ ماضی اور حال کے اطبا بھی اسکے منتقلہ ہونے کو واضح طور سے ثابت کرکے دخل و خروج کے سخت تر مخالف ہین اور سرکار بھی اسی مین سعی کر رہی ہے کہ یہ مہلک مرض اپنے ملک اور رعایا مین پھیلکے انکی بربادی اور ویرانی کا سبب نہ ہوجاے۔ اسکے لئے شفاخانے۔ سگریگیشن کیامپس (الگ کر رکھنے کے مقامات) اور حاذق اطبا مقرر کئے گئے ہین اور انصاف پسند گورنمنٹ سے ہمین یہ اجازت بھی مل چکی ہے کہ اگر ہم اپنے لئے خاص شفاخانے

سگریگیشن کیامپس اور اطبا مقرر کرلین تو سرکار کو کچھ بھی تعرض نہ ہوگا۔ مگر سرکار کی نگہ ضرور نظر رہیگی۔ اس مین شک نہین ہے کہ شاہی احکام ہمیشہ عام ہوتے اور اس مین عوام و خواص کے لئے کوئی خصوصیت نہین رہتی ہے اور نہین رہنا چاہیے۔ اگر ہم لوگون کو سرکاری شفاخانون مین اپنے بیمارون کو روانہ کرنا اور سرکاری سگریگیشن کیامپس مین اپنے لوگون کو بھیجنا اور سرکاری اطبا سے علاج کرانا منظور نہ ہو تو کیا مضایقہ ہم اپنے شفاخانے۔ سگریگیشن کیامپس اور اطبا مقرر کرلے سکتے ہین مگر انہین قواعد و ضوابط پر جو سرکار سے مقرر ہوچکے ہین اسی لئے جناب **غلام محمود** خانصاحب بہادر نے اپنے رسالہ مین یہ تجویز پیش کی اور قوم کو ترغیب دی ہے کہ جلد تر اپنے خاص شفاخانے سگریگیشن کیامپس وغیرہ مقرر کرنے کا بندوبست کرلین کیونکہ طاعون بمبئی سے آہستہ آہستہ قدم بڑھاتے ہوئے بنگلور مین اپنا خیمہ لگادیا ہے۔ اگرچہ کہ اس سے نزدیک کے مقامات مین بھی دو تین وارداتون کا وقوع سنا گیا مگر پھر خدا کا فضل ہوگیا۔ کون عقلمند کہہ سکتا ہے کہ جو بلا ہانگانگ سے بمبئی اور بمبئی سے بنگلور پہونچی ہو وہ مدراس نہ آئیگی خدا اسکو نہ لائے اور جلد تر بمبئی۔ بنگلور۔ پونہ وغیرہ بلاد ہند سے اسکا منہ کالا ہو۔ مگر احتیاط شرط عقل ہے اور احتیاط اسی مین ہے کہ ہم دشمن آنے کے آگے سہولت اور خاطر جمعی سے اسکے مدافعت اور مقاومت کے لئے ہر طرح سے بندوبست کر رکھین اور تیار رہین ورنہ بعد کو پریشان حالی مین کوئی کام درست نہ ہوگا۔ ضرور کشان کشان سرکاری شفاخانون اور سگریگیشن کیامپس مین اپنے بیمارون اور لوگون کو روانہ کرنا اور سرکاری اطبا سے علاج کرانا ہوگا۔

لوگ کہتے ہین کہ مسلمان غریب ہوگئے مسلمان ہوگئے اور انسے کوئی کام نہین ہوسکتا ہے

کے موافق قوانین مرتب کئے اور حکام وقت سے عوام مین اسکے جاری کرانے کا حکم لئے اور جاری کئے جس پر لوگ کاربند اور عمل پیرا ہوکے اسکے مہلک اثر سے بچے۔ اس بلا سے محفوظ رہنے کے شرعی قواعد تو شارع علیہ السلام سے ایسے نہ بدلنے والے اصول پر منضبط ہوگئے ہین کہ کسی زمانہ مین اس مین ترمیم اور تبدیل نہین ہوسکتی ہے۔ ہر زمانہ کے علماء کو اسکے مرتب کرنے مین کسی قدر دماغی قوت صرف کرنیکی ضرورت ہی نہین رہی ہے فقط قرآن وحدیث سے ان کا بیان کردینا کافی ہوتا ہے۔

خدا کی مصلحت اور سنت ہمیشہ سے اسی کی مقتضی رہی ہے کہ انسانون کی طبیعتین مختلف بنائی جائین۔ ایسا ہی ہوا ہے۔ ہوتا ہے۔ اور ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ بعض انسان کسی ایک علم وفن کے حاصل کرنے مین کوشش کرتے ہین مگر وہ علم وفن انہین حاصل نہین ہوتا۔ اگر سب کی طبیعتین ایک سی بنائی جاتین تو عالم انسانی مین ایک دوسرے کا محتاج نہ رہتا۔ ہر شخص عالم۔ فاضل۔ حکیم۔ طبیب رہتا۔ اور دنیا مین جتنے علوم وفنون ہین سب کا وہ ماہر ہوتا۔ مگر تجربہ اور تاریخ سے ثابت ہوگیا ہے کہ ہر شخص کا دماغ ایک ایک علم وفن کے لئے جدا جدا وضع کیا گیا ہے۔ گو ہر شخص اپنی طبیعت کی جدت سے سب علوم وفنون یا اکثر کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے مگر وہی حاصل ہوتا ہے جسکے لئے اسکا دماغ وضع ہوا ہے۔ اسی لئے کہا گیا ہے "ہر مرد ے ہر کارے"۔ جب بات ایسی ہے تو ہمارا ان کامون مین دخل دینا جسکے لئے ہمارا دماغ موضوع نہین ہوا ہے سراسر ہماری بیوقوفی کو ثابت کریگا۔ عقلمندون کا یہی کام ہونا چاہیئے کہ جس علم وفن مین اپنے کو دخل

نہین ہے اس مین انہین لوگون کا کہا مانے جو اس علم وفن کے ماہر اور تجربہ کار ثابت ہوگئے ہین۔

ہمارے زمانہ کے اطباء جنکی حذاقت مین شک کرنا انصاف کا خون کرنا ہے موجودہ زمانہ کے حالات اور ہمارے شہرون کے آب وہوا اور ہمارے مزاجون پر غایر نظر کرکے طاعون کے مرض سے بچنے اور اسکے دفع کرنے اور اسکے علاج کے لئے چند ضوابط وقواعد مرتب کئے ہین۔ جن کو حکام وقت نے بہت غور اور تامل کے بعد پسند اور کسی قدر ترمیم کرکے قانون کی صورت مین اسکو جاری کیا ہے۔ ہر تابعدار رعیت کا یہی کام ہے کہ اسکو بلا تعصب غور سے دیکھے اگر اسکے مان لینے مین اپنی شریعت سے کوی الزام آتا ہے تو نہایت ادب کے ساتھ جو بات خلاف شریعت ہے اس سے سرکار کو آگاہ کرادے تو یقین ہے کہ ہماری انصاف پسند سرکار جو رعایا کی دل آزار اور انکے مذہب وملت مین خلل ڈالنے والی نہین ہے ضرور غور کرکے اس مین نیک ترمیم کردیگی۔ ہمین یہ نہین چاہیئے کہ ہم سرے ہی سے اس قانون کے مخالف ہوجائین جو محض رعایا کے فلاح وبہبود کے لئے مرتب اور جاری ہوا ہے۔ اس مین ہماری نالایقی ثابت ہوتی ہے اور سرکار کو اپنی جابرانہ اقتدارات سے اسکو جاری کرنیکا موقع ملتا ہے۔

جب تک کسی سلطنت کے رعایا۔ حاکم کے اور حاکم رعایا کا خیر خواہ نہین ہوتا ہے نہ اس سلطنت کے رعایا اچھے رہتے ہین نہ سلطنت اعتماد اور اطمینان کے اصول پر چل سکتی ہے۔ نہ حاکم کو چین اور آرام ہوتا ہے۔ اگر حاکم رعایا کا ہر حال مین خیر خواہ ہے اور رعایا اپنی ہٹ دھرمی یا نادانی سے حاکم کے خیر خواہی کو بدخواہی اور

کیونکہ اس مرض مین دل ضعیف نہ ہونا چاہیے۔ بخار کا وہی علاج کرین جو یونانی علاج مین ذکر ہوا ہے۔

حرارت کے دفع کرنے کو بھی وہی علاج کرین جو جوش خون کے تسکین کے لئے ابھی اوپر بیان ہوا ہے یعنے ہتھندے پانی کو اسفنج سے بدن پر لگاتے رہین۔

غشی کے لئے بروماید آف پوٹاسیم یا افیون دین۔

بیہوشی کا علاج یہ ہے کہ اگر بیہوشی کا سبب دماغی شکایات ہین تو خراسانی اجوان کا جوہر ½ گرین یا مارفیا ¼ گرین مع اسٹرونیا ہیپوڈرمک سرنج کے ذریعہ سے بدن مین پہونچائین۔ پینے کو بروماید آف پوٹاسیم کا مکسچر دین۔

اسہال کی شدت ہو تو سیلائی اگرین دین۔ افیون اور شماشہ کا حقنہ کرائین۔ مارفیا اور کونین کا شیاف چڑھائین۔

قی کی شدت ہو تو جلد تر اسکے دفع مین سعی کرین کہ جب تک معدہ مین دوا نہ ٹھہرے مرض کی شدت مین کمی نہ ہوگی۔ مسٹرد بلستر فم معدہ پر لگائین مارفیا اور ہیدروسائنک ایسڈ پینے کو دین۔

مریض کی حالت مین جب کسی قدر اصلاح شروع ہو تو اسٹرکنیا کونین۔ ہایوسامس سپرٹ کلوروفارم۔ سپرٹ ایمونیا آروماٹک۔ ٹنکچر سانون۔ ٹنکچر لیونڈر کا مرکب دن مین دو وقت یا زاید حسب ضرورت دیا کرین۔

انگریزی اطبا برانڈی اور وسکی کے استعمال پر تراز ور دیتے ہین اور اسکو اکسیر یا تریاق طاعون سمجھتے ہین مگر شارع اسلامؐ نے اسکے ایک قطرہ کو بھی مسلمانون کے لئے جائز نہ ٹھہرایا اور اسکا نام "ام الخبایث" ہوا بلکہ کلیتہً یہ حکم سنایا گیا کہ

Prof. Pramod Sahai • Amritsar Bhatinda • Tincture Saffron • Tincture Cannabis
Prof. Pramod Sahai • Amritsar Bhatinda • Tincture Saffron • Tincture Cannabis
Bromide Potassium • Chloroform • Chlorodyne • Diarrhoea • Morphia • Hydrocyanic Acid • Opium Camph.
Bromide Potassium • Chloroform • Chlorodyne • Diarrhoea • Morphia • Hydrocyanic Acid • Opium Camph.

لاستشفاء فی الحرام۔ حرام مین شفا نہین ہے۔

مریض کے پائخانہ پر چونا چھڑکین۔ یا کلوریڈ آف لیم والین۔ تھوک یا دنبلون کے پیپ یا قی کو ایک ڈھکے ہوے علیحدہ برتن مین لین جس مین مرکیوری لوشن (پارہ کا محلول) ہو تا جس جو تھوک پیپ یا قی مین آتے ہین مر جائین۔ مریض کو بستر پر سے حرکت کرنے نہ دین حتی کہ ضروری حوایج (پائخانہ۔ پیشاب) کے لئے بھی۔ تا ضعف اور حرکت قلبی کے کمزوری مین ترقی نہ ہو۔

عرض مطلب

زبان شوق گرم عرض مطلب ہی اگر سمجھے
شکستم مہر لب گر نیمہ از گوشت بروں آری

ایہا الناظرین! آپ بزرگون نے طاعون کی لغوی۔ شرعی۔ اور طبی حقیقت اسکے علامات۔ تدابیر اور علاج سب کچھ ملاحظہ فرما چکے ہین۔ اس مین شک نہین ہے کہ اسکو عذاب کہو یا مرض مگر بڑا سخت۔ مہلک۔ ہیبت ناک۔ اور منتقلہ ہے اور اسکا سخت مہلک۔ ہیبت ناک اور منتقلہ ہونا کچھ طبی قواعد ہی سے ثابت نہین ہے بلکہ شریعت محمدی سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے فرق اسی قدر ہے کہ اہل طب اسکو مرض قرار دیتے ہین اور صاحب الشریعہ اسکو خدا کا عذاب فرماتے ہین۔

ہر زمانہ مین جس جس مقام اور شہر مین یہ بد بلا آئی تھی اسوقت کے اطبا نے اسکے مہلک اثر سے بچنے کے لئے اپنے استعداد اور علم اور زمانہ و ملک کے ضروریات

میوریاٹک ایسڈ ڈیلوٹ ۲ ڈرام
کلوریٹ آف پٹاس ۳ ڈرام
شربت لیمون یا نارنج یا تمر ہندی ایک اونس
رفیق آش جو ۴۰ اونس

سب کو ملالین اور بیمار کے نزدیک رکھدین تا جسقدر ضرور ہو نوش کرے اسمین غذائیت بھی ہے اور دوائیت بھی اگر ملک تہندا ہو تو ان شربتون کے عوض شربت زنجبیل ملالین۔

نسخہ دیگر۔ فاسفورک ایسڈ ڈیلوٹ ۳ ڈرام
شربت لیمون یا نارنج یا تمر ہندی ۱ اونس
رفیق آش جو ۴۰ اونس

ایضاً

ادویۂ مقوی جاری بھی دیا کرین جیسے شراب اور امونیا کاربونس ہے۔ جو لوگ شراب سے مجتنب ہون انکو امونیا کاربونس دین۔ دفع اذیت کے لئے صبح اور شام افیون خالص کا حب یا پانی مین حل کرکے یا نکچر اوپیائی یا لیکر اوپیائی سڈیتوس کہلائین کیونکہ افیون مضر طاعون ہے اور افیون کہانے والون کو طاعون بہت کم ہوتا ہے۔ بمبئی۔ کراچی وغیرہ مقامات مین جسقدر لوگ طاعون سے مرے ہین ان مین افیون کے کہانیوالے بہت کم مرے ہین۔

غذا۔ گائی کا دودھ۔ گوشت کا شوربہ۔ اسنس آف مٹن (مادالحم) یخنی دین۔ طاعونی مریض کا ہضم بہت قوی اور اشتہا زور سے ہوتی ہے۔ مگر غذا زاید نہ کہلائین البتہ تہوڑی تہوڑی غذا متعدد دفعون مین دے سکتے ہین

دنبلون اور دانون کو شگاف کردین یا چیک لگائین یا نیم کی پولٹس باندہین۔ اگر بادینا منظور ہو تو بلا ڈونا اور گلسرین کا ضماد کرین گہی کوار کے گودہ کو مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گرم کرکے باندہین۔ انجیر

کے تخم کو پیسکر دنبلون یا دانون پر ضماد کرین پیپ ہو گیا ہو تو نکالدین۔

مریض کے لباس کو ہر روز بدل دیا کرین۔ بدن سے نکالے ہوے لباس کو کہولتے پانی مین جوش دے کے دہوئین اور دہوپ مین سکائین۔ مریض کے **بدن** کو ہر روز صاف کیا کرین۔ **رہنے کی جاے** نہایت درجہ تہندی ہو۔ خس کی ٹٹیان وغیرہ بھی رکہین۔ **ہوا** کو ہر روز پاک اور مصفی کرین۔ عفونت اور بدبوئی کو دور کرین۔ سرکہ اور پانی بیمار رہنے کی جاے مین اور دیوارون پر چھڑکین۔ یا پرمنگنیٹ پٹاس یا کاربولک ایسڈ بھی چھڑک سکتے ہین۔ ہوا کے مدخل اور مخرج کو برابر رکہین۔ سلفر (گندک) آتش مین جلائین۔ تا اسکا دہوان ہوا سے ملے۔ مریض کے ہر چیز کو دس انفکشنٹ کرین۔ مریض کی جاے سے کوی چیز جو دس انفکشنٹ نہ ہوی ہو باہر نہ لائین۔ اگر گلاس یا پیالہ وغیرہ باہر لانا ہو تو پہلے کہولتے پانی مین ڈال کے لائین۔ اگر اس مین جرمس ہون تو مر جائین۔ مریض کے نزدیک رہنے والون اور بیمار داری کرنے والون کو تاکید دین کہ بدن پر تیل مل لیا کرین تا انکے بدن کے مسام مسدود ہو جائین اور جرمس یا زہر بدن مین نہ جاے۔

جوش خون کے تسکین کے لئے روزمین تین چار وقت تہندے یا نیم گرم پانی سے اسفنج یا کپڑے کو تر کرکے بدن پر ملین۔ اگر اس سے خون کا جوش نہ تہمے تو چادر کو تہندے پانی مین بہگو کے بدن پر لپیٹ دین۔ جب سو کہہ جاے پہر ایسا ہی کرین۔

بخار کی شدت کو کم کرنے کے لئے کہین غلطی سے انٹی فبرن۔ انٹی پرین یا فناسٹین نہ دین کہ اس سے دل ضعیف ہو جاتا ہے فائدہ کے عوض نقصان ہو جائیگا

Dr. Hennequin. Critic Bacteria. Sulphur. Antifebrine. Antipyrine. Pharmacopoeia.

Big Cactus. Hydrochinic. Camphor. Staphisanthus Lign. Hydrag. Quinine sulph. Sinct. Opii. Sedative. Liquor. Opii. Sedative. Essence of Mutton.

جوشاندہ کے ساتھہ روغن گل ملاکے حقنہ کرائین۔ صندل سفید کو گلاب مین پیسکر تہوڑا سرکہ۔ روغن گل۔ روغن کاہو ملاکے کپڑے کو تر کرکے سر پر رکہین اگر برف مین تہنڈا کرکے سر پر ڈالین تو اور قوی اثر بخشیگا۔

نیند نہ آتی ہو تو جلد تر نیند آنے کا بندوبست کرین کیونکہ نیند آنے کے بعد ضرور اشتداد مرض مین تخفیف ہوگی اور نیند کے لئے جو ادویات خواب آور دئے جائینگے ان کے ساتھہ تقویت دل کا لحاظ ضرور رکہنا چاہئے یعنے خواب آور ادویات کے ساتھہ مقوی دل ادویات بھی شامل کرلین۔

طاعون کا انگریزی علاج

انگریزی اطبا کے پاس اسکا کوئی معقول علاج جیسے دوسرے امراض کے لئے تجویز کیا گیا ہے مشخص نہین ہوا ہے۔ چنانچہ **میجر جنرل ہاروی صاحب** بہادر آئی۔ ایم۔ ایس اپنے ایک میموریاندم (یادداشت) مین اس بات کا اعتراف کرتے ہین کہ طاعون کے علاج مین ڈاکٹرون کو کچہہ بھی کامیابی نہین ہوی اور یہ مرض پیشۂ طبابت کو بدنام کرنے والا ہے۔ انگریزی ڈاکٹرون کا یہ بھی خیال اور دعوی ہے کہ اگلے یونانی اطبا جو علاج جامشل فصد اور بدن پر روغن ملنا وغیرہ لکہے ہین اس سے کچہہ بھی فایدہ نہین ہوتا ہے۔ فصد سے ضعف آتا ہے اور روغن ملنے سے اذیت زیادہ ہوتی ہے۔

اعراض موذیہ کا علاج کرین جنکا ذکر اختصار کے ساتھہ ذیل مین درج ہوگا۔ اور کسیقدر علاج یونانی بھی کہا گیا ہے۔ بیمار کو تقویت دین خاص کر دل کے

دماغ کو تقویت دینا ضروری ہے اور مرض کا اثر طبیعت مین قبول نہ کرنے کی طاقت کو بڑہانے مین کوشش کرین۔ اس مین بہت کوشش کیجاوے کہ مریض خوش وخرم رہے۔ مرض کی شدت سے بالکل بے پروا اور غافل رہے۔ اگر مریض ضعیف نہین ہے تو پہلے اپی کاکوانا۔ امونیا کارولس۔ گرم پانی کاقی دین۔ اگر ضرورت ہو توقی کے مدد کے لئے گل بابونہ کا مطبوخ جسقدر درکار ہو پلائین تاقی کے آنے مین مدد کرے۔ پہر مگنشیا سلفن سلفت آف سوڈا۔ سنڈر پوڈر۔ پلوس جالپ کیاسٹر آئیل یا کیاکول وغیرہ ادویات کا سہل دین۔ جو مناسب مزاج ہو مگر اسکا خیال رہے کہ دوا سہل مقدار مین قلیل ہو تا ضعف پیدا نہ کرے بعدہ معرق ادویہ مثل لیکر امونیا اسٹیس۔ اسپرٹ نائٹرک ایتر۔ ٹنکچر آف نٹرس پلائین۔ اور اسکے بعد مزل اسڈ کا استعمال کرائین جیسے نائٹرک ایسڈ ڈیلوٹ۔ میٹرو میوریاٹک ایسڈ ڈیلوٹ۔ فاسفورک ایسڈ ڈیلوٹ۔ سلفیورک ایسڈ ڈیلوٹ کو پانی مین اسقدر ملائین کہ پانی تہوڑا ترش ہوجاوے اور پیاس کے وقت پینے کو دین۔ تصفیہ خون کے لئے کلورائیڈ آف پٹاس کہلائین کہ اس سے آکسیجن اور پٹاس خون مین زیادہ پیدا ہوتا ہے اور خون صاف اور قوی ہوتا ہے دل اور دماغ کو مقوی ادویہ سے تقویت دین۔ اور مقوی ادویہ یہ ہین۔ ڈجی ٹالس۔ اسٹرکنیا۔ کافور۔ اسٹروفانتھس لیکر ہیڈراجری۔ جب مرض مین تخفیف ہو اور تخفیف ہمیشہ صبح مین ہوا کرتی ہے تو کونین ۵ گرین دین۔ اگر مریض کو گہٹاس کا خیال ہو تو یہ نسخہ بہت مفید ہے

نسخہ

Ammon. Carb. Myri. Sulphat. Magnes. Sulphat. Sulphur. Sulphuric acid. Sulphurous acid. Tinct. Cinchonæ. Tinct. Ferri Acetat. Tinct. Opii. Tinct. Valerianæ Ammoniat. Tinct. Zingiberis. Quinine. Digitalis. Strychnia. Camphor. Liq. Ammon. Acetat. Potass. Iodid. Potass. Chlorat. Potass. Bromid. Potass. Acetat. Potass. Carbonas. Potass. Nitrat. Acid. Hydrocyanic. Acid. Nitric. Acid. Phosphoric. Acid. Hydrochloric. Acid. Phosphoric. Acid. Nitro-Muriatic. Acid. Acetic. Acid. Tartaric. Acid. Citric.

گرم پانی سے دھو ڈالین۔ اگر پیپ پڑ گیا ہو تو پیپ کو نکال دیکے ایسا مرہم استعمال کرین جس سے مواد اندر ہی اندر جذب نہ ہو جاے بلکہ باہر نکل آئے۔ یونانی اطبا کے پاس یہ مرہم نہایت مفید ہے **نسخہ مرہم** مردار سنگ ۔ مر ۔ زور اوند طویل ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ کندر ۔ موم ۔ راتنج ۔ اشق ۔ مقل ۔ جاوشیر ۔ زنگار ۔ گندہ فیروزہ ۔ روغن زیتون ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ ۱۲ ماشہ حسب ضرورت آخر الذکر سات دواؤن کو روغن زیتون مین ڈال کے آگ پر لگالین۔ جب سب پگھل جاے تو اناولین اور اول الذکر چار دواؤن کا سفوف ملادین۔ مرہم ہو جائیگا۔

قی ہو تو علاج شربا و ضماداً کرنا ضروری ہے (**شربا**) برف کا جوسنا قی کے لئے نہایت مفید ہے۔ شربت انار۔ شربت تمر ہندی۔ شربت آلو بخارہ۔ عرق کیوڑا۔ عرق کاسنی مین پلائین۔ عود ترش بھی ایک ایک خوراک دیا کرین (**ضماداً**) فم معدہ پر رائی کے سفوف کا لیپ یا پٹی ڈالین۔ روغن گل مین گلاب اور سرکہ کو حل کرکے برف مین تہند اکرلین۔ اور کپڑے کو تر کرکے معدہ پر ڈالتے اور بدلتے رہین طباشیر۔ گل ارمنی۔ سماق۔ کافور۔ گلسرخ۔ زرشک۔ انار دانہ۔ زہر مہرہ وغیرہ ادویات کو یا ان مین کے بعض کو حسب ضرورت گلاب یا سرکہ مین یا دونون مین ہموار کرکے معدہ پر ضماد کرین۔

افتاد بیمار داری کرنے والون پر بالکل ضروری ہے کہ بیمار کے دستون کے قے یا آلایش اور قی کو ایک الگ برتن مین لیکے بہت سرعت اور احتیاط کے ساتھ اسکو جلادین کیونکہ ان مین جرمس بہت ہوتے ہین۔

اسہال ہوا کرین اور مزاج مین ضعف آگیا ہو تو قابض ادویات افیون ۔ کتھ ۔ ٹاسنہ ۔ کونین وغیرہ کا حقنہ کرائین اور ان ادویات سے

حسب ضرورت اور مزاج کھانے کو بھی دین۔

(افتاد) یہ خیال رہے کہ بہ مجرد اسہال شروع ہونے کے اُن کو روکنے کا خیال نہ کرین کیونکہ اکثر اوقات اسہال سے سمی مادہ بہت نکلجاتا ہی اگر اسہال شروع ہونے کے بعد نہ تھمے اور مزاج مین اُن سے ضعف بڑھ جاے تو روکنے کا بندوبست کرین۔

بخار کی شدت ہو۔ مزاج گھبرائے اور پیاس کا غلبہ ہو تو۔ برف پلائین تہندے پانی سے بدن کو تر کرین۔ یا کسی بال دار کپڑے جیسے کمل یا فلانل کو گرم پانی مین تر کرکے بدن پر خوب لپیٹ دین۔ مندرجۂ ذیل شربت کا استعمال بھی مفید ہے۔

(نسخہ شربت) آلو بخارا ۱۰ دانہ ۔ عناب ۱۰ دانہ ۔ تمر ہندی ۵ تولہ ۔ تخم خارخاسہ ۱۶ ماشہ ۔ گل بنفشہ ۱۶ ماشہ ۔ سپستان ۱۰ دانہ ۔ تخم کاسنی ۱۶ ماشہ ۔ قند سفید ۱۰ پیالہ ۔ سب کا شربت حسب معمول بنالیں ۲ یا ۳ تولہ عرق گاؤزبان۔ یا بید مشک مین برف مین تہند اکرکے پینے کو دین

غشی ہو تو اسکے دفع کرنے مین بھی کوشش کرنا ضروری ہے۔ برف کی تھیلی سر پر رکھین۔ ہاتھ پاؤن کو بازو دین۔ عطر وغیرہ سنگائین۔ سرکہ یا عرق کا شیشہ کھولکر دماغ پر ڈالین۔ ہوشیاری آنے کے بعد مقوی دل و دماغ ادویہ پلائین۔ جنکا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔

ہذیان ہو تو اسکا علاج کرین۔ بعض اوقات قبض سے بھی ہذیان ہو جاتا ہے۔ اگر ہذیان کا سبب قبض ہے تو رفع قبض کے لئے ملین دوا دین جیسے شربت دینار ہے۔ اگر ہیضہ دشوار ہے تو ملین ادویہ کے خیساندہ یا

ہوگی زہر کا قوت بھی کم ہوگا طبیعت غالب ہوگی اور محافظت اعضا رئیسہ کی
اسی طرح کریگی **انگریزی** اطبائین **ڈاکٹر ووند** صاحب اپنا تجربہ فصد کے
علاج سے تبلاتے ہین۔ یہ وہی ڈاکٹر ہین جن کا مرکب سفوف بہ نام نہاد **قورس**
پوڈر مختلف امراض کے لئے مجرب ثابت ہوگیا ہے اور تمام طبی جہان مین مشہور و
معروف ہے۔ یہ ڈاکٹر صاحب اپنے **رسالہ طاعون** مین رقمطراز ہین کہ طاعون
کی شدت **شہر گیکل** پر ہوی اور اس سے شہر خالی ہوگیا۔ لوگ گرجا گھرون مین
پناہ لئے اور ایک رات دن مین ۱۰۸ آدمی اس مرض مین مبتلا ہوے۔ دنبل وغیرہ
سب علامتین ظاہر ہوگئین۔ ڈاکٹر صاحب ممدوح کے حکم سے ہر ہر مریض کے دونون
بازون سے قریب **اگزیلری** گلٹی کے خون نکالا گیا۔ پھر ڈاکٹر صاحب نے **سلفرک**
اسڈ (گندک کا تیزاب) کا ایک **مکسچر** (مرکب) تیار کر کے پلوایا جو اکسیر کا کام
کیا اور سب بیمار بچ گئے مگر سات یا آٹھ رخصت ہوے۔

جب کہ مادہ دل طرف گیا ہو تو جلد تر طبیخ بابونہ اور شربت یا گرم پانی درم
پر ڈالین اگر مادہ دماغ طرف رجوع کیا ہو تو پاخنوہ کرائین۔ بڑے سیگیان پنڈلیون پر
لگائین اور زور سے چوسنے کہین اور بہت وقت تک رکہین۔

حکماء ہند کہتے ہین کہ روغن کنجد طاعون مین سخت مضر ہے چراغ
تک اسکا روشن نہ کرے۔ طاعون کے دنبلون پر شیر برنج کا باندھنا بہت
فائدہ مند ہے۔ شہد اور سفید شکر کو ملا کے ورم پر لگانا مادہ کا جاذب اور محلل ہے
بقراط کا مشہور قول ہے کہ جب لوگ اس سے طاعون کا علاج دریافت
کئے تھے تو اسنے یہی تبلایا تہا کہ لوگ شہر چہوڑ کے کہلے میدان مین چلے جائین اور

Digitized by Google

شہر کو آگ لگا دین۔

دوا المسک۔ مفرح بارد روزمین کئے دفعہ کہلائین **حکیم عابد**
سرہندی کے استاد کا مجرب نسخہ ہے کہ ایک تولہ **کافور** کہلا کر طاعونی مریض
کو شفا دیتا ہے۔ **پانی** کے عوض **عرق بید مشک**۔ **عرق کاسنی**۔ **عرق گاؤزبان**
گلاب دین۔ اگر زیادہ تہنڈا کرنا ہو تو برف مین تہنڈا کرین مگر برف نہ ملائین۔
غذا دہی کے ساتہہ خشکہ تہنڈا کر کے دو وقتہ دین **مرغ** کے چوزے یا گوشت یا
تہنڈے ترکاریان کدو۔ ترائی۔ چچندا وغیرہ دین **شیر برنج** بھی مفید ہے پر
کی دال کا دینا بھی بہت مضر ہے کیونکہ اس مین خون گاڑہا ہوتا ہے۔

اختلاج قلب ہو تو اندرونی اور بیرونی دونون علاج
کرین **شربا** یہ ادویہ مفید ہین **عرق لیمون**۔ **آب نارنج**۔ **گلاب عرق**
صندل **زرشک**۔ **تخم ہندباء**۔ **آلو بخارا**۔ **عرق بید مشک**۔
شربت انار۔ **شربت غورہ**۔ **شیرہ کشنیز**۔ **خمادا** یہ علاج کرین۔
گلاب مین صندل سرخ۔ گلسرخ۔ یا صندل سفید گھسکر یا صندل سفید کو سرکہ مین پیسکر
برف مین تہنڈا کر کے دل پر ڈالین۔ گل بابونہ اور تخم سوئی کو پانی مین جوش دے
کے دل پر ڈالنا بھی مفید ہے۔

حققان ہو تو گرم پانی بدن پر ڈالین۔ سفوف الائچی کا استعمال
بھی نفع بخش ہے۔

دنبل یا دانے نکل آے ہون تو خالص شہد۔ سفید شکر کے ساتہہ ملا کے
خمادکرین۔ دنبلون یا دانون کو چاقو سے چیرین اور خوب خون نکلنے کے بعد

ایضاً۔

دلیل الطالب مین ہے شیخ الاسلام رملی و جماعت دیگر از اہل اسلام فتوی دادہ اند باستحباب قراۃ قنوت از برای طاعون زیرا کہ طاعون یکی از قوادل عظام است و ائمہ قایل اند باستحباب دعا بکل ہر نازلہ۔

امام ابن القیم نے زاد المعاد مین فرمایا ہے کہ ذکر۔ دعا۔ و تہلل تفرع صدقہ اور قراۃ قرآن دفع طاعون وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔

شرح ابیات التثلیث سیوطی مین مرقوم ہے طاعون اور وبا کے لئے سب سے بہترین اور مجرب دعا آنحضرت علیہ السلام پر کثرت سے درود و بکا پڑہنا ہے

اللھم صل علی محمد و آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید مجید۔

طاعون کا یونانی علاج

طب اکبر مین لکہا ہے کہ۔ در تبرید و تقویت دل مبالغہ نمایند۔ و آنچنان باشد کہ شربت ہای خنک و خوشبو چون شربت انارہ بسیب و بہی و ترشی ترنج و نارنج و لیمون بنوشانند و ہر لحظہ صندل و نیلوفر و کافور بہ گلاب سائیدہ بر سینہ طلا نمایند۔ و بنفشہ و نیلوفر و گلاب و صندل و کافور و سیب و بہی و ترنج و مانند آن طیبات دافعہ السم ببویانند۔ ہوای خانہ چنانکہ در حمی وبائیہ گفتہ شد مہیا باشد و ہر چہ در سوی مزاج گرم دل و حمی وبائی مذکور ست بعمل آرند و زنہار ادویہ را دعوہ بر طاعون نہ نہند بلکہ آن محل گذاشتہ گرد آن جزہا سرد طلا نمایند تا مادہ سمیہ بہ باطن باز نگردد و بر نفس و رحم شرطہ عمیق نزنند

تا مادہ سمیہ از ان بیرون آید و بعد شرطہ زدن آن موضع را بآب گرم بشویند تا خون زود باز نایستد و زمانے طویل سیال باشد زیرا کہ این مادہ ہر چند برآید بہتر باشد۔

ہرگاہ درین علت خفقان و غشی غلبہ کند باید کہ آب گرم خاصہ کہ با بونہ و بنفشہ و ان جوشانیدہ باشند بہ ورم ریزند زمانے طویل تا مادہ از دل بجایگاہ علت باز آید و بہ تحلیل رود و ہمچنان ہرگاہ بیمار را در خانہ سرد نشانند حوالی او جہت تبرید برف حاضر آرند۔ واجب ست کہ بر ورم پرسیاوشان و خطمی و بابونہ ضماد سازند و بطبیخ بابونہ و بنفشہ تکمید کنند تا کہ سردی ہوا درین محل نرسد۔ زیرا کہ رسیدن سردی بر ورم مذکور ممنوع است لان البرودۃ ترد ع مادۃ و ہمین سبب گفتہ اند کہ بعد شرطہ زدن اگر خون بفراغت بر نیاید بہ فرمایند تا دہن بران جا نہادہ خون را اندک اندک بکند و تا کہ بدین صورت مقصود بر آید۔ آب گرم تو ان ریخت۔ زیرا کہ آب خالص اگرچہ بالفعل گرم ست لیکن از برودت بالقوت خالی نباشد مگر آنکہ ممزوج بود بقوی ادویہ حارہ و غذا آنچہ مبرد و مغلظ خون باشد تو ان داد چون عدس و مرغ و تہو کہ بہ آب بخشہ بعد ورسر کہ گزاشتہ باشند و قریص کہ از گوشت قرایح و طیاہج سازند بالقول سرد تیار کردہ نیز موافق ست۔

شارح کرمانی نے بھی یہی کہا ہے کہ خاصکر تقویت دل مین زیادہ کوشش کی جاوے۔

فصد کرنے مین اطبا کو اختلاف ہے بعض غیر جائز بتلاتے ہین کیونکہ فصد سے زہر تمام بدن مین پراگندہ ہو جاتا ہے۔ بعض کہتے ہین کہ زاید خون نکالے کیونکہ خون عفونت اور رطوبت کی سمیہ کا حامی ہے۔ پس جب بدن کی رطوبت کم تر

کرکے طبی علاج طرف توجہ کرینگا۔

سب لوگ جانتے ہین اور اوپر کے شرعی بیان سے ظاہر ہی ہوگیا ہے کہ طاعون ایک عذاب الٰہی ہے جو ہمارے سرکشی اور نافرمانی کے بدلہ مین ہم پر علی العموم نازل ہوتا ہی جیسے دوسرے اقسام کے عذاب نازل ہوے۔ اور ہوتے ہین۔ ہر عذاب سے بچنے کا علاج خود خداوند کریم نے اپنے کلام مجید کے کہلے الفاظ مین ہمین تبلایا ہے۔ اور یہ ایسا مجرب المجرب علاج ہے جسکا تجربہ ہمارے اسلاف بارہا کرکے اپنے کتابون مین لکھ چکے ہین اور ہمین بھی بیسیون وقت اسکا تجربہ حاصل ہوگیا ہے۔ اگلے زمانے والے ہون یا یہ زمانہ والے کسیکو اس بات کے کہنے کی جرأت نہین ہوسکتی ہے کہ اس الٰہی علاج مین کبھی خطا بھی ہوی ہے۔ اور خطا کا ہونا ممکن ہی نہین ہے۔

قربان اس خدا کے کیا اچھا اور سہل علاج ہمین تبلایا ہے نہ لون خرچ نہ پیشکری۔ آنحضرت کے مبارک زمانہ اور آپ کے اس عالم مین تشریف رکھنے کے حال مین تو یہ ارشاد اور اقرار ہوا تھا **وما کان اللہ لیعذبھم وانت فیھم** (انفال آیت ۳۳) جب تک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان مین تشریف رکھتے ہین اللہ عذاب نہ کریگا۔ خدا کی سنت ایسی ہی ہے کہ جب تک نبی قوم مین موجود ہوتا ہے خدا اس قوم پر عام عذاب نہین فرماتا۔ کیونکہ اس مین نبی کی بزرگی ملحوظ ہوتی ہے۔ اس انوار الٰہی سے یہ وہم ہوتا ہے کہ آنحضرت علیہ السلام کے عالم جاودانی کو تشریف لیجانے کے بعد خدا ضرور عذاب کریگا۔ جیسے اگلے امتون پر ان کے نبیون کے انتقال کے بعد عذاب ہوتا تھا۔ چونکہ ذات بابرکات محمد علیہ السلام دوسرے تمام انبیا کی سردار اور خدا کی محبوب ترین مخلوق ہے تو اب اور آپکے امت کے لئے ایک طرح کا خصوصیت

ضرور تھی اسلئے اللہ رب العالمین نے اپنے پیارے حبیب ہی سے وعدہ فرمایا ہے **وما کان اللہ معذبھم وھم یستغفرون** (انفال آیت ۳۳) اللہ عذاب نہ کریگا آپکی امت کے لوگون پر (آپکے دنیا سے تشریف فرما ہونے کے بعد) جب تک کہ وہ لوگ اللہ سے گناہ کی بخشایش چاہتے رہینگے۔ اس وعدہ اور اقرار کا یہی خلاصہ ہے کہ جب تک ہم لوگ استغفار کیا کرینگے ہم معذب نہ ہونگے یعنے کیا معنی کہ عذاب الٰہی کا بہترین علاج **استغفار** ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ہم ایسے بہترین علاج سے غافل رہین اور اپنے کو معرض ہلاکت مین رکھین۔ حکیم کا کام ہے کہ بیمار کو بیماری کا علاج تبلاوے اور بیمار کا کام ہے کہ اس حکیم کے علاج پر اعتقاد رکھکے علاج کرلے۔ تا صحت حاصل ہو ورنہ بیعلاج کے صحت کا ہونا محال ہے **حکیم علی الاطلاق** نے عذاب سے بچنے کا ہمین بہترین علاج **استغفار** تبلایا ہے۔ بہتون نے اسکو آزمایا۔ اور بچ گئے۔ اگر صدہا ہزارہا سال کے تجربہ کے بعد بھی ہم اس علاج سے پہلوتہی کرینگے تو قصور ہمارا ہے اور ہم ضرور ہلاک ہونگے۔

خداوند کریم کے غضب اور عذاب سے بچنے کی دوسری سبیل جناب ختمی پناہ علیہ السلام سے یہ تبلائی گئی ہے کہ ہم لوگ اپنے مالون سے **صدقہ دیا کرین الصدقۃ تطفی غضب الرب**۔ صدقہ خدا کے غضب کو تہتا کردیتا ہے ایسے **نوازل** کے اوقات مین آنحضرت علیہ السلام سے **فرض** نمازون کے آخر رکعت مین رکوع کے بعد **قنوت** کا پڑہنا ماثور ہے۔ اور صحیحین مین احادیث موجود ہین اور محدثین و فقہا کا اسپر اتفاق ہے کہ نوازل کے وقت صلوۃ مکتوبہ مین قنوت کا پڑہنا **سنت** ہے چنانچہ **امام مسلم** نے اپنے صحیح مین باب باندھا ہے **باب استحباب القنوت فی جمیع الصلوۃ اذا نزلت بالمسلمین نازلۃ والدعاء بالنجاۃ فیھا واستحبابہ فی الصبح**

پانچ مسلمان بھی نمازی نہین ہین - چونکہ اکثر مسلمان نماز کے پابند نہین ہین اقسام کے فسق و فجور مین گرفتار ہین اور ہوتے ہین - ہمارے **روحانی اطبا** (علما و فضلا واعظین مشایخین) کا منصبی فرض ہے کہ مسلمانون کو نماز کی پابندی کے بارہ مین ہر طرحسے ترغیب و تحریص دین اپنے وعظون مین سب غیر ضروری باتون کو چھوڑدے نماز نہ پڑہنے والونکی مذمت اور ان کے لیے جو عذاب مہیا ہو گیا ہے اسکو اچھی طرحسے مدلل بیان کرین - جو لوگ بے نمازیونکی مذمت سننے کے بعد بھی پابند نماز نہین ہوتے ہین اُنسے اسلامی روابط کو ترک کردین - میری ناقص رای مین تو یہ بات ہے کہ اگر ہمارے علما اور مشایخین اتفاق کرکے یہ گشتی جاری کردینگے کہ جو شخص بے نمازی ہے اس سے اسلامی روابط ترک کیے جائینگے خوشی اور غمی مین شرکت نہ کیجاویگی اور مسلمانون کے قبرستانون مین کوئی بے نمازی دفن نہ ہوگا - تو یقین ہے کہ ہر محلہ کی موجودہ مسجدین نمازیون کے لیے کافی نہ ہونگین -

ہمارے علما - فضلا اور مشایخین پر فرض ہے کہ وہ لوگون کو **قایم علی الصلوٰۃ** بنانیکی بہت جلد کوشش کرین اور اپنی متفقہ قوت کو بالفعل اسی کام مین صرف کرین خدا سے امید ہے کہ اگر ہمارے علما فضلا اور مشایخین حسبۃ للہ اس کام مین اتفاق کرکے سعی کرینگے تو سب بے نمازی لوگ نمازی ہو جائینگے اور اسکا ثواب ہمارے علما فضلا اور مشایخین کو ہمیشہ ہمیشہ ملا کریگا **الدال علی الخیر کفاعلہ**

میرا اپنا تو یہ یقین ہے کہ جب تک مسلمان پابند نماز ہو کر دعا نہ کریگا اسکی دعا مقبول نہ ہوگی خاصکر خدا کے عذابون سے بچنے کی دعائین ہرگز اجابت کو نہ پہونچینگین یہ بات سب کے پاس مسلم ہے کہ دعاؤن کے اجابت کے اوقات یا تو

ہین نمازہین ہین یا نماز کے بعد - نماز ایک ایسا عمدہ عمل اور ایسی عمدہ چیز ہے کہ قیامت کے روز خدا صاحب پہلے اس عمل کے بجالانے اور نہ کرنے سے سوال کریگا

روز محشر کہ جان گداز بود	اولین پرسش از نماز بود

خدا کے سب فرایض مین ایک نماز ہی ایسا فرض ہے جو کسی وقت اور کسی حال مین عاقل و بالغ مسلمان سے بجز موت کے ساقط نہین ہو سکتا ہے - بخلاف دوسرے فرایض کے کہ وہ ایک ایک علت سے ساقط ہو سکتے ہین -

جب انسان نمازی ہو جاتا ہے تو اس سے اکثر بُرے افعال خود بخود چھوٹ جاتے ہین - وہ خود سمجھنے لگتا ہے کہ خدا اور رسول پر ایمان بھی لانا - انکی نماز بھی پڑہنا اور پھر بُرے افعال کے مرتکب بھی ہونا کہانتک اچھا ہے - نمازی کا بدن پاک - کپڑے پاک - ہر وقت نماز کا خیال اوسکے دل مین جاگیر - اور جسکے دل مین ہمیشہ ایسا خیال ہو کیونکر ممکن ہے کہ وہ بُرے کامون کے طرف توجہ کرے -

بھائیو! پہلے نماز پڑہو اور نماز کے پابند بنو - پھر خدا کے حضور عجز و انکساری کے ساتھ اپنے پیارے رسول کا وسیلہ لاکے سب عذابون اور خاصکر **طاعون - وبا - قحط** وغیرہ سے نجات ملنے کی دعا کرو - دیکھو کہ خدا صاحب کا ہمپر کیسا فضل ہوتا ہی اور یہ بلائین کس آسانی اور سہولت سے ٹلجاتی ہین

طاعون سے بچنے کی طبی تدابیر

سب سے پہلے انسان اپنے **دل** مین **طاعون کے خوف** کو جانے نہ دے اور ہرگز نہ ڈرے کیونکہ خیال اور وہم کو مرض کے پیدا کرنے مین بڑا دخل ہے

دعوے کے طرف توجہ نہ کیگئی جب ۱۸۹۴ء مین **کانٹن** (بندرگاہ چین) مین وبا پھوٹی تو مجلس طبابت کو **پروفسر** مذکور کے دعوے کا خیال آیا۔ ایک زبردست ڈاکٹر **یارسین** اس کام کے لئے مامور ہوا۔ اسنے اپنے ہمراہ اور ڈاکٹرون کو لے کے **چین** آیا **جاپان** کی گورنمنٹ نے بھی اپنے بے مثل محقق اور ڈاکٹر **کیتاساتیو** کو اسی غرض سے **چین** روانہ کی۔ ان دونون ڈاکٹرون کے تحقیق سے یہ امر ثابت ہوگیا کہ پروفسر **لی پہور** کا خیال اور دعوی بہت ٹھیک اور صحیح ہے۔ طاعون کے **جرمس** موجود ہین۔ ابھی چندون کا ذکر ہے کہ سرکار **نظام** کے رئیس الاطباء لفٹنٹ کرنل **لاری** صاحب بہادر ایم ڈی ایم۔ ایس نے طاعون کے جرمس کو خود ملاحظہ اور جمع کیا تھا۔ یہ جرمس خون مین مختلف اعضاء مین ملتے ہین۔ خاصکر دہبل مین بہت کثرت ہوتی ہے۔ خون مین بہت کم پائے جاتے ہین۔ اور اگر یہ جرمس کسی تندرست آدمی کے جسم مین داخل کردئے جائینگے تو معاً اسپر طاعون کے سب علامات ظاہر ہوجائینگے۔ جرمس بذات خود مہلک نہین ہین بلکہ ان مین ایک قسم کا **سکریشن** (ریزش یا بدنی رطوبت) ہے اور یہی مہلک ہے **قدیم** اور **جدید** تحقیقات سے یہ بھی ثابت ہوگیا ہے کہ طاعون زمین کے نیچے رہتا ہے۔ یا سب سے پہلے زمین کے نیچے ہی پیدا ہوتا ہے سب سے اول **چوہے** اور دوسرے حشرات الارض اسکا شکار ہوتے ہین۔ اسکی تائید مین یہ جملہ دینا لازمی ہے کہ جہازون پر بسر کرنے والے یا پانی مین رہنے والے کبھی اس بلا مین گرفتار نہین ہوتے ہین۔ اگر کبھی کوئی واقعہ جہاز پر ہوا بھی ہے تو اسکی ابتدا خشکی ہی سے ہے۔

طاعون اور دوسرے وبائی امراض کے **جرمس** ظاہر نظر سے دکھائی دینا بہت دشوار ہے۔ انکو دیکھنے کے لئے ایک خاص قسم کی **خردبین** ضروری ہے جب خردبین سے دیکھتے ہین تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا سر گول ہوتا ہے۔ لانبے اور موٹے ہوتے ہین۔ خون مین ملنے کے بعد انکو اور ترقی ہوتی ہے۔ خواہ مقدار مین ہو یا تعداد مین۔ یہ بھی تجربہ سے ثابت ہوگیا ہے کہ جب انکے صدمہ سے انسان مرجاتا ہے تو انکی ترقی مقدار اور تعداد مین بہت زیادہ ہوجاتی ہے **اب** ہمارے ناظرین معلوم کرسکتے ہین کہ فی الحال **سرکار** نے جو **قواعد** طاعونی مریض کو **دفن** کرنے کے بارہ مین ایجاد کئے ہین وہ کہانتک مناسب۔ چسپان اور دوسرے خلایق کے لئے مفید ہین۔

خدا صاحب نے بعض انسانون کے خون مین طاعون وغیرہ وبائی امراض کے **جرمس** کو مارڈالنے کی قوت پیدا کردی ہے یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ طاعونی وغیرہ وبائی مریضون کے تیمارداری مین سرگرم رہتے ہین اور جرمس کا اثر اپر کچھ بھی نہین ہوتا ہے۔ انسان کے خون مین خدا صاحب نے ایک قسم کے مفید ذرات کا مادہ پیدا کیا ہے جسکو **طبی** (انگریزی) اصطلاح مین **پروٹوپلاذم** کہتے ہین جسکے خون مین یہ مادہ کثرت سے ہوتا ہے اس مین طاعون وغیرہ کے **جرمس** مفرات یہ ہوجانے سے پہلے یہ مفید ذرات (پروٹوپلاذم) مقابلہ کرکے جرمس کو مارڈالتے ہین۔ ان ذرات مین خدا صاحب نے یہ طاقت بخشی ہے کہ وہ اپنی حرکت سے لانبے ہوتے اور جرمس کو اطراف سے اس سختی اور شدت سے لپیٹے اور دباتے ہین کہ ان مین (جرمس مین) جان باقی نہین رہتی ہے۔ اور جسکے خون مین **پروٹوپلاذم** کا مادہ کم

Protoplasm.

Section

پر خدا نے اس بلا کو نازل فرمایا ہے

ابر نا ید از پے منع زکوٰۃ	وز زنا افتد وبا اندر جہات

اگرچہ بہت سے صحیح احادیث صحاح ستہ اور مسانید کے اس دعوے پر شاہد ہیں جنکا نقل کرنا نہایت طول اور طویل ہے۔ مگر اب مین حضرت ابی سعید خدری اور عبداللہ بن عمرؓ کی ایک روایت پر اکتفا کرتا ہون جو بہت ہی عبرت بخش ہے۔ قال اجاء فتی من الانصار واسلم علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ثم جلس فقال ای المومنین افضل قال احسنھم خلقا قال فای المومنین اکیس فقال اکثرھم للموت ذکرا واحسنھم لہ استعدادا قبل ان ینزل بہ اولئک لھم الاکیاس ثم سکت الفتی واقبل علینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال یا معشر المھاجرین والانصار خمس خصال اذا ابتلیتم بھن واعوذ باللہ ان تدرکھن لم تظھر الفاحشۃ فی قوم حتی یعلنوا بھا الا فشاء فیھم الطاعون والاوجاع التی لم تکن فیما مضت من اسلافھم الذین مضوا ولم ینقضوا المکیال والمیزان الا اخذوا بالسنین شدۃ المؤنۃ وجور السلطان علیھم ولم یمنعوا زکوٰۃ اموالھم الا منعوا القطر من السماء ولولا البھائم لم یمطروا ولم ینقضوا عھد اللہ وعھد رسولہ الا سلط اللہ علیھم عدوھم من غیرھم وما ترک ایمتھم الحکم بکتاب اللہ الا جعل باسھم بینھم۔ ابی سعید خدری اور عبداللہ ابن عمرؓ نے فرمایا کہ ایک نوجوان

انصار کا آیا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام کیا۔ پھر بیٹھا اور پوچھا مومنین مین کون زیادہ بزرگ ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص اخلاق کے رو سے اینمین اچھا ہے۔ انصاری نے پوچھا مومنین مین زیادہ عقلمند کون ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو انمین موت کو زیادہ یاد کرنے والا اور اسکے آنے کے آگے اسکے لئے اچھی طرح مستعد ہو بیٹھا ہے۔ یہی لوگ عقلمند ہین پھر انصاری جوان خاموش ہو رہا۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری طرف توجہ کی اور فرمایا اے گروہ مہاجرین و انصار کی پانچ خصلتین ہین جب تم انمین مبتلا ہونگے اور مین اللہ سے پناہ مانگتا ہون کہ تم انکو پائین۔ کسی قوم مین کوئی فاحشہ نہین ظاہر ہوا یہان تک کہ وہ اسکو علانیہ کرنے لگے۔ مگر یہ کہ ظاہر ہوا انمین طاعون اور وہ بیماریان جو نہین تھے اونکے اگلے گذرے ہونون مین۔ اور لوگون نے ناپ اور تول مین کمی زیادتی نہین کی مگر وہ سخت محط اور بادشاہ کے ظلم مین گرفتار ہوے۔ اور لوگون نے اپنی زکوٰۃ نہین دیئے باز نہین آے مگر یہ کہ آسمان سے بارش کا آنا بند ہوا۔ اور اگر نہ ہوتے چارپاے تو پانی نہین برستا اور لوگون نے اللہ اور اسکے رسول کے عہد کو نہین توڑا مگر یہ کہ اللہ تعالی نے اونپر ان کے دشمن کو مسلط کر دیا جو اونکا غیر ہے۔ اور کسی قوم کے پیشواؤن نے اللہ کی کتاب پر حکم کرنے کو نہین چھوڑا مگر یہ کہ انمین سخت لڑائی پڑ گئی۔

یہہ تو طاعون کے شرعی اسباب تھے جو زبان فیض ترجمان حضرت شارع اسلام علیہ السلام سے بیان ہوے۔ اب اسکے طبی اسباب پر غور فرمائین۔

طاعون کے طبی اسباب

جامع الشفائیہ واقادات کبیر نیہ مین لکھا ہے السبب سبب آن زہر خاص است کہ ازان این مرض پیدا میشود لا اینکہ حیوانی ست یا نباتی یا مرکب از ہر دو پس

اور پریشانی کی انتہا نہ رہی۔ سرکار نے طاعون کے انسداد کے تدابیر مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ جو کچھ اطبای وقت نے کہا اسکو عمل مین لانے کے لئے احکام صادر کئے۔ اور اسکے لئے جسقدر روپیہ خرچ ہوا دریغ نہ کیا گیا۔ اسی سرگرمی کا شاید نتیجہ ہی کہ اس سال کے عرصہ مین قریب چالیس ہزار خلایق کی جانین تلف ہوئین۔ ورنہ اگلے زمانہ کے طرح خدانخواستہ سارے ہندوستان کے مختلف شہرون کے روزینہ اموات کی تعداد اس سے زاید ہوجاتی باوجود اسقدر بلیغ قدغن کے ابتک اس بدبلا کی بیخ کنی نہ ہوسکی۔ اور اسکا مجرب علاج جو تیر بہدف کا حکم رکھتا ہے ہاتھہ نہ آیا صبح اور شام کے اخبارون پہر سرکار اسی فکر اور دہن مین ہے کہ یہ بدبلا جلد تر ہندوستان سے دور ہوجاے۔ اگر ڈاکٹر ویگار سے بمبئی مین طاعون پھوٹنے کا حال معلوم نہ ہوتا اور سرکار سے اسکے انسداد کے تدبیرین عمل مین نہ لائی جاتین تو خدا جانے کیا قیامت برپا ہوتی۔ ہمین لازم ہے کہ ہم سب سے پہلے ڈاکٹر ویگار کا شکریہ ادا کرین اور ان کا احسان مانین۔

حال کے طاعون سے غریبون کے جانون اور مالون ہی پر نہین بنی بلکہ اس نے پولیٹکل پیچیدگیان بھی رعایا اور سرکار مین پیدا کردین۔ بمبئی اور خاصکر پونے کے واقعات سے بہت کم لوگ ناواقف ہونگے۔ سب سے برا نتیجہ یہ ہوا کہ اخبارون کی آزادی پر صدمہ پہونچا اور قانون "سیڈیشن" کے رسیون سے اخبارون کے ہاتھہ پیر باندہ دئے گئے۔

Political

Sedition.

طاعون کے شرعی اسباب

ہمارے عبرت گزین ناظرین اس فہرست طاعون کے ملاحظہ کرنے اور عبرت پذیر ہونے کے بعد یہ معلوم کرین کہ بہت دنون کے بعد پھر ہندوستان کے بڑے بڑے

شہرون مین یہ مرض پھیلنے اور خدا کے بندگون کو تباہ کرنے کی کیا وجہ ہے۔ صحیح غور اور فکر سے یہ مرض پیدا ہونے کے کئے وجوہات معلوم ہوتے ہین **اول** یہ کہ ہم مسلمانون نے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع چھوڑدیا۔ خدا کی پاک توحید اور اسکے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس سنت کو شرک و بدعات سے بدل دے کے اور راہین اختیار کین **دوسرا** یہ کہ ہم مسلمانون نے بیجگانہ فرایض کے ادائی مین اسقدر سہل انگاری اختیار کی ہے کہ گویا وہ ہم پر فرض ہی نہین ہوے جو ایمان کے بعد پہلا رکن اور کفر و ایمان مین تمیز کرنیوالا ہے۔ مساجد کی ویرانی پہر خانون کی آبادی اسپر گواہ ہے **تیسرا** یہ کہ روزہ حج۔ زکوۃ اور زیارت شریف کی ہم مسلمانون کو کسی قدر چاہ و پرواہ نہ رہی۔ اپنے من مانے مقامات کی طرف دور و دراز سے سفر کرنا۔ اپنے جانون پر مشقت جھیل کے وہان پہونچانا ہمین آسان ہوگیا مگر خدا اور رسول علیہ السلام کے طرف سر کے بل جانا بالکل دشوار ہوا۔ جہان پر جانا نظر کرتے آجکل کے آسانیون کے کچھ بھی دشوار نہین ہے۔ صدہا ہزارہا روپیہ اپنے نفسانی خواہشون مین صرف کرنے کو ہم اپنے فخر اور مباہات کا سبب جانتے ہین مگر اپنے خداوادی مالون سے اسکی زکوۃ دینی اور غربا کو آسودہ کرنا اپنے سر پر بھاری اٹھا لینے سے بھی دشوار ہوگیا **چوتھا** یہ کہ تجارت پیشہ لوگون نے اپنی تجارتون مین سود جو قطعی حرام ہے اسقدر جاری کردیا ہے کہ گویا وہ انکے معاملہ کا جزء اعظم ہوگیا اور خدا و رسول سے جنگ و جدل کرنیکی انہین کچھ بھی پرواہ نہین ہے **پانچوان** یہ کہ ہم مسلمانون نے سب کبایر کو اختیار کرلیا ہے جنکا منع قرآن شریف اور صحیح احادیث سے ثابت ہے اکثر مسلمانون مین زنا۔ لواطت۔ اور شراب خواری جاری ہوگئی ہے جو بالکل ناپاک اور بیحس گناہ ہے۔ غالبا یہ بات ترین صدق ہے کہ ان ہی تین چیزون کی شامت سے ہندوستان

نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت
۶۱ طاعون	ایران و عراق و عرب بصرہ بغداد وغیرہ کی	۱۸۳۲ء		یہ بلا چار سال تک پھیلی وہی جس سے ہزارہا جانون کا نقصان ہوا۔ بصرہ مین روزینہ دو تیرہ سو لوگ مرتے تھے۔ بغداد ویران ہوگیا۔ جن گھرون مین تیس تیس آدمی تھے ان مین دو تین آدمی باقی رہگئے تھے۔ ترکی اور جنوبی ایران سخت مصیبت مین گرفتار تھا۔
۶۲ طاعون	اصفہان مغربی حصہ	۱۸۵۳ء		بشدت رہا۔
۶۳ طاعون	قسطنطنیہ	۱۸۵۸ء	〃	〃
۶۴ طاعون	فارس شہر ہاکر	۱۸۶۳ء	نومبر	〃
۶۵ طاعون	کنارہ دریائے فرات کے موضع	۱۸۶۶ء	دسمبر	〃
۶۶ طاعون	عراق	۱۸۶۷ء	جون	اس طاعون کی ایسی شدت ہوی کہ عراق پاک ہوگیا۔
۶۷ طاعون	کردستان	۱۸۶۸ء سے ۱۸۷۱ء تک		〃
۶۸ طاعون	اصفہان مغربی حصہ	۱۸۷۳ء		بشدت رہا
۶۹ طاعون	قسطنطنیہ	۱۸۷۴ء		〃
۷۰ طاعون	مکہ معظمہ	۱۸۷۴ء	〃	چار مہینے تک یہ مرض مکہ معظمہ مین رہا گزشتہ لوگ نہین مرے
۷۱ طاعون	خراسان	۱۸۷۶ء	〃	
۷۲ طاعون	دشت میسان کیلاں ایران ہمدان	۱۸۷۶ء	〃	
۷۳ طاعون	عراق فارس	۱۸۷۷ء	〃	یہ کسیقدر شدید العقاب طاعون تہا
۷۴ طاعون	اصفہان مغربی حصہ	۱۸۷۹ء	〃	

نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت
۷۵ طاعون	بغداد	۱۸۸۴ء	〃	یہ طاعون بھی بشدت بغداد مین اپنا قدم جمایا تہا
۷۶ طاعون	جنوبی ایران	۱۸۹۳ء	〃	
۷۷ طاعون	بغداد و کاظمین و بندرگاہ فاؤ مین	۱۸۹۴ء	〃	بغداد پر اس طاعون کے شدت سے زوال آیا۔ کاظمین مین چند ہفتون مین ساتھ ہزار جانین ضایع ہوگئین۔
۷۸ طاعون	ہانگانگ	۱۸۹۵ء	۲۲۵۰	
۷۹ طاعون	بمبئی کراچی ہوشیارپور وکاروان۔ کلکتہ پونا۔ شولاپور رسندہ بتارہ بنگلور وغیرہ	ستمبر ۱۸۹۶ء	قریب ۲ لاکھ	خاص بمبئی مین قریب ۲۴ ہزار کے اور باقی دوسرے تمام شہرون مین موے ہین۔

اس فہرست سے ہمارے ناظرین بخوبی معلوم کر سکتے ہین کہ ہمارے آباؤ اجداد جنون بار اس مہلک مرض کی شدت کو مختلف مقامون مین محسوس کر چکے ہین اور جس شدت سے یہ مرض اگلے زمانہ مین پھیلا اور اپنی ہیبناکی ظاہر کیا ہے وہ بھی اس مختصر فہرست سے ظاہر ہو جائیگا۔ خدا کے فضل و کرم سے امید کرنی چاہیئے کہ اب کبھی اس طرح کی شدت نہ ہوگی۔

حال مین جو طاعون بمبئی مین اپنا منحوس چہرہ دکہلایا ہے۔ نہین معلوم کہ کتنے دن سے وہ اپنی خوفناک صورت سے خلایق کو ڈرا رہا تھا مگر ۱۱ ستمبر ۱۸۹۶ء کے دن ڈاکٹر ویگار نے سب سے پہلے اسکی مخبری کی اور وہان کے سب سرکاری ڈاکٹرون کو جتلایا اور ثابت کر دیا کہ ہندوستان مین یہ بد بلا ہانگانگ سے پہونچ گئی ہے۔ جلد اسکے انسداد کی تدبیرین عمل مین لائی جائین۔ اسی دن سے طاعون سے اور خود سرکاری اعلان سے بلکہ بڑہ گیا۔

نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت

کروڑ تیس لاکھ آدمی انتقال کئے تھے ایک مورخ لکھتا ہے کہ ½ حصہ یوروپ کا اس طاعون سے متاثر ہوا تھا۔ دوسرا مورخ لکھتا ہے کہ ½ حصہ یوروپ کے آبادی کا جو اسوقت کے مردم شماری کے حساب سے ڈھائی کروڑ ہوتے ہین ملک عدم کو سدھارا۔ اس زمانہ مین ہندوستان کا بادشاہ شیر شاہ سوای تھا۔ تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ شیر شاہ نے کسی کیلے جرم کے بدلہ مین ایک فقیر کو تازیانے لگائے تھے۔ فقیر طاعون مین مبتلا تھا اور کوڑے طاعون کے دہنلون پر پڑے تو اسکے صدمہ سے فقیر مرگیا مگر ساتھ ہی طاعون پھوٹ پڑا اور ہزارہا جانین تلف ہوئین۔ یہ دوسرا طاعون ہے جو بعد بعثت ختمی پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم **ہندوستان** مین آیا تھا

۴۱	طاعون	دمشق قاہرہ	۷۶۴ھ	"	حجج الکرامۃ
۴۲	طاعون	دمشق	۷۷۱ھ		ایضاً
۴۳	طاعون	قاہرہ	۷۸۱ھ		ایضاً
۴۴	طاعون	بلاد مختلف	۷۹۱ھ		ایضاً
۴۵	طاعون	اکثر حصص ایران و ہند	زمانہ ظہور دجال	ہزارہا خلایق	تاریخ ایران مولفہ سرجان ملکم۔ انگریزی سفیر مستعینہ ایران۔ نامہ خسروان

یہ طاعون کئے سال رہا ہزارہا خلایق اسکے دست تظلم سے نہ بچ سکے

۴۶	طاعون	بلاد مختلف	۸۱۳ھ		حجج الکرامۃ
۴۷	طاعون	ایضاً	۸۱۹ھ		ایضاً
۴۸	طاعون	ایضاً	۸۲۱ھ		ایضاً
۴۹	طاعون	مصر	۸۳۳ھ		ایضاً

نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت
۵۰ طاعون	مصر	۸۴۱ھ	۱۰۰۰ روزینہ	حجج الکرامۃ۔ یہ طاعون تمام دنیا کو گھیر لیا تھا اور یہ دوسرا طاعون تھا جو دنیا کے اکثر آبادی کو ویران کر ڈالا تھا
۵۱ طاعون	"	۸۴۹ھ	۵۰۰ روزینہ	ایضاً
۵۲ طاعون	"	۸۵۳ھ	۵۰۰ روزینہ	ایضاً
۵۳ طاعون	شام مصر	۸۶۴ھ	"	یہی سال ہے کہ سب سے پہلے وبا کا مرض **ہندوستان** مین آیا اور آجتک برابر چلا جاتا ہے۔
۵۴ طاعون	ایضاً	۸۷۳ھ	"	حجج الکرامۃ
۵۵ طاعون	مصر	۸۸۰ھ	"	ایضاً
۵۶ طاعون	روم	۸۹۹ھ	"	ایضاً
۵۷ طاعون	ہندوستان صدی سترہوین		"	تزک جہانگیری۔ اگرہ مین روزینہ سو آدمی مرتے تھے۔ متواتر تین برس یہ طاعون جاڑون کے دنون مین شدت پکڑتا تھا اور گرمیون مین نظر نہین آتا تھا
۵۸ طاعون	لندن	۱۶۶۴ء		فقط چند وارداتین ہوئین ولیکن منتر کے گرجون مین ایک دو موت ہوے۔
۵۹ طاعون	لندن	۱۶۶۵ء	"	بہت شدت ہوی اور شہر مین جلکہ پڑگیا۔ اسوقت لندن کی آبادی ۳ لاکھ ۸ سو ہزار کی تھی جس سے ½ حصہ لوگ وطن چھوڑ کے بھاگ گئے اور باقی ۶۸ ہزار سے زاید لوگ مرگئے اور آخر ۱۶۶۶ء مین بھاگے ہوے لوگ داخل شہر ہوے۔
۶۰ طاعون	اصفہان مغربی آسیا	۸۱۵ھ	"	شدت سے رہا

نمبر شمار	نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت
۲۲	طاعون عمواس	شام و دیگر بلاد	۱۳ ہجری شعبان رمضان	نوے ہزار	تاریخ اسلام مولفہ امام محی الدین ابوبکر زکریا۔ اشاعہ ہر روز برابر ایک ہزار آدمی مرتے رہے صاحب اشاعہ نے کہا کہ یہ طاعون سب میں سخت رہا اور یہ طاعون کچھ کمی بیشی کے ساتھ دولت عباسیہ تک رہا۔ اس طاعون میں اسحاق بن سرید العلاوی۔ زفر بن یعقوب السنجی اور مسلم بن عتبہ بھی ہلاک ہوئے جو اس زمانہ میں مشہور و معروف افراد سمجھے جاتے تھے۔ اسی لئے اسکا نام طاعون مسلم بن عتبہ رکھا گیا جو سب میں زیادہ تر مشہور ہوا۔
۲۳	طاعون	بغداد و ری	۱۳۴ھ		حجج الکرامہ
۲۴	طاعون	"	۲۰۱ھ	"	ابن حجر
۲۵	طاعون	عراق آذربائیجان	۳۰۴-۳۰۸ھ	"	مرآۃ الزمان
۲۶	طاعون	بردعہ آذربائیجان	۳۸۸ھ	"	ابن حجر اس طاعون میں محمد سیاح کی اسی اولاد ضایع ہوئی
۲۷	طاعون	فارس	۴۹۹ھ		حجج الکرامہ۔ بے شمار جانیں تلف ہوئیں۔ اس شدت کا طاعون تھا کہ لوگوں کو ایک خط کا اعتماد نہ تھا قاضی شہر کہیں جانے کے قصد سے جو اب پہننے کا قصد کیا۔ ابھی ایک ہی موزہ چڑھائے پایا تھا کہ فوراً دم نکل گیا۔
۲۸	طاعون	اصفہان	۳۴۰ھ		حجج الکرامہ
۲۹	طاعون	بصرہ	۴۱۶ھ	"	ایضاً
۳۰	طاعون	ہندوستان بلاد سند و بلاد عجم بلاد بغداد تا جبل	۴۴۳ھ		ایضاً یہ طاعون ہی جو بعد بعثت آنحضرت علیہ السلام ہندوستان میں آیا

نمبر شمار	نام طاعون	مقام وقوع	سن وقوع	عدد اموات	حوالہ کتب و کیفیت
۳۱	طاعون	شیراز۔ بصرہ۔ بغداد	۴۴۵ھ	"	حجج الکرامہ
۳۲	طاعون	موصل	۴۴۹ھ	"	ایضاً
۳۳	طاعون	مصر شام بغداد	۴۴۸ھ	"	ایضاً
۳۴	طاعون	عجم	۴۴۹ھ	"	ایضاً
۳۵	طاعون	مصر	۴۵۵ھ	"	ایضاً یہ طاعون کامل دو مہینے رہا
۳۶	طاعون	دمشق	۴۶۹ھ	۴۹۸۵۰۰	ایضاً اس طاعون میں چار لاکھ انہتر ہزار پانسے آدمی موے یہ بہت بڑا طاعون تھا جو دمشق میں آیا۔
۳۷	طاعون	عراق	۴۷۸ھ	"	ایضاً
۳۸	طاعون	حجاز یمن	۵۰۲ھ	"	ایضاً
۳۹	طاعون	فارس	۵۹۶ھ	"	ایضاً
۴۰	طاعون	قاہرہ تمام عالم	۷۴۹ھ	کروڑہا خلائق	ایضاً۔ یہ طاعون تمام دنیا کو گھیرا تھا۔ اس طاعون میں کروڑہا آدمی مرگئے۔ ابن ابی حجلہ نے کہا ہی کہ قاہرہ میں ہر روز بیس ہزار آدمی مرتے تھے۔ یہ طاعون مکہ معظمہ میں بھی داخل ہوا اور حیوانات بھی اس مرض سے موے مغربی دنیا (یوروپ) میں آدھے سے زیادہ لوگ مبتلا ہو کر مر گئے تھے انگریزی مورخین سے بھی اسکی تصدیق ہوتی ہے۔ کہ اس زمانہ میں جو چودھویں صدی عیسوی کا زمانہ تھا یوروپ اسکا شکار ہوا تھا۔ یوروپ والوں نے اس طاعون کا نام "بلاک ڈیتھ" سیاہ موت رکھا تھا۔ اکثر تاریخ والوں کا اعتقاد ہی کہ یہ طاعون پہلے چین سے شروع ہوا تھا اور اسکی تصدیق قدیمی تحریرات چین سے بھی ہوتی ہی ایکہ

Black death.

	نام طاعون	مقام وقوع	سنہ وقوع	تعداد مقتولین	حوالہ کتب و کیفیت
۹	طاعون عمواس	شام	۱۷ ہجری	بیس ہزار	مراۃ الزمان۔ ابن عساکر مراۃ الخیال۔ تاریخ اسلام مولفہ امام محی الدین ابوبکر زکریا ابو حذیفہ بخاری۔ کتاب بدء الخیر۔ اسوقت حضرت عمرؓ خلیفہ اسلامی لشکر شام کی تسخیر کے لئے روانہ ہو چکا تھا اسکے صدمہ سے مشاہیر صحابہ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح۔ معاذ بن جبل۔ شرجیل بن حسنہ۔ فضل بن عباس۔ ابو مالک اشعری۔ یزید بن سفیان۔ حارث بن ہشام وغیرہم ملک جاودانی کو سدھارے جنکے دلوں میں شام کے میدان کے کارزار میں اپنی شجاعت کی جوہر دکھانے کی حسرت بھری ہوئی تھی۔ ایک زمانہ اسلامی دنیا پر اس صدمہ سے اداسی طاری تھی۔
۱۰	طاعون	شام	۶۰ھ		تاریخ ابن کثیر
۱۱	طاعون	کوفہ	۶۹ھ		
۱۲	طاعون	شام	۷۳ھ رمضان		ابن حجر۔ حجج الکرامہ۔ سیکڑوں آدمی موئے جن میں زیاد بن ابی سفیان بھی تھے۔
۱۳	طاعون جاذف	بصرہ	۵۹ ہجری	۷۰ ہزار	تاریخ اسلام مولفہ امام محی الدین ابوبکر زکریا۔ تاریخ ابن کثیر مراۃ الزمان۔ یہ طاعون زمانہ حضرت عبداللہ بن زبیر میں تین روز رہا۔ پہلے روز ستر ہزار دوسرے روز اکہتر ہزار اور تیسرے روز تہتر ہزار موئے اور اس طاعون میں انس بن مالکؓ کے ستر اولاد اور حضرت ابوبکرہ کے نوے فرزند عبدالرحمن کے اولاد سے چالیس شخص زندہ نہ رہے ابن حجر لکھتے ہیں کہ اس طاعون کے خوف سے مغیرہ بن شعبہ نے نقل مکان کیا اور جب تک کہ یہ بلا دفع نہ ہوئی کوفہ واپس نہ آئے کوفہ آتے ہی پھر مرض ہوتا اور اسی مرض سے انتقال ہوا بعض

	نام طاعون	مقام وقوع	سنہ وقوع	تعداد مقتولین	حوالہ کتب و کیفیت
					مورخین لکھتے ہیں کہ بیس ہزار نئی دلہنیں ان تین ہلاک دنوں میں موئی تھیں اموات کی کثرت کا اندازہ اسی سے ہو سکتا ہے کہ جمعہ کو ابن عامرؓ نے خطبہ کے لئے ممبر پر کھڑے ہو کر دیکھا تو جامع مسجد میں فقط ۷ مرد اور ایک عورت نظر آتی تھی میتوں کے دفن کرنے کا بندوبست نہ ہو سکتا تھا کسیکو فرصت نہ تھی امیر بصرہ کی والدہ مری تو اسکا جنازہ اٹھانے کے لئے کوئی آدمی نہ مل سکا۔ اسکا نام طاعون جاذف اسلئے ہوا ہے کہ اس سے شہر پر جہاز و پھیر دیگئی۔ کیونکہ جاذف کی معنی جہاز و پھیرنے والی کی ہیں
۱۴	طاعون	بصرہ	۶۳ھ		ابن حجر
۱۵	طاعون فتیات	شام کوفہ بصرہ	۸۷ھ		اسکو طاعون فتیات کہنے کی یہ وجہ ہے کہ اس طاعون میں اکثر آدوشیزہ فرکیون نے اپنی نازنین جانیں دیں
۱۶	طاعون اشراف	واسط	۸۷ھ		مراۃ الزمان۔ اسکو طاعون اشراف کہنے کی یہ وجہ ہے کہ اس میں ہر ہر قبیلہ کے اشراف لوگ مر گئے۔
۱۷	طاعون	شام	۹۰ھ عبدالملک بن عبدالملک		تاریخ مدائن
۱۸	طاعون عدی بن ارطاۃ	شام	۱۰۰ ہجری خلافت عمر بن عبدالعزیز		ابن حجر
۱۹	طاعون	شام	۱۰۷ھ		مراۃ الزمان
۲۰	طاعون عزاء	شام بصرہ عراق	۱۱۶ ہجری		ابن حجر۔ حجج الکرامہ چونکہ اس طاعون میں کوئے ہستہ مرے تھے اسلئے اسکا نام طاعون عزاب کہا گیا۔
۲۱	طاعون	بصرہ	۱۲۷ ہجری		

خواب کر دیتا ہے اس سم کی علامت سے کبھی سرخ۔ کبھی زرد اور کبھی سیاہ ورم کانوں کے پیچھے اور بغل اور لنک کے نیچے یا اور کسی خاص مقام میں پیدا ہو کے تھوڑے عرصہ میں مریض کو خفقانی اور بیہوش بنا دیتا ہے شیخ ابو علی **سینا**۔ **ابو داؤد** انطاکی علامہ **قرشی** **شفاء الدولہ** امام جلال الدین **سیوطی** علامہ **ابن القیم** وغیرہم نے اس مرض کی تحقیق میں رسالے اور تقریریں تحریر فرمائی ہیں جنکا ذکر اختصار کے ساتھ اوپر بیان ہوا ہے۔

جب حدیث ام المومنین **عائشہ** صدیقہ رضؓ سے اسقدر ثابت ہوا کہ **طاعون** ایک عذاب الٰہی ہے جو اوسکے نافرمان بندوں پر انکی بدعملی نافرمانی کے عالم میں نازل ہوا کرتا ہے اور دوسری حدیث جناب محمدی سے اس عذاب کی شکل بطور ایک گرہ شطر کے معلوم ہوتی ہے اور بعض احادیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ عذاب اولاً و بدایتاً کسی اسرائیلی نبی کے دعا کے وجہ سے اسرائیلیوں پر نازل ہو کے انہیں تباہ کیا اور خدا تعالیٰ نے اسکو پیچھے آنیوالوں کے لئے رحمت چھوڑا ہتا تو یہ معلوم کیا چاہیئے کہ یہ بلا جو مرض کے پیرایہ میں خلایق کی جان لیا ہے ہمارے ہادی۔ ہمارے رہبر۔ ہمارے برحق شفیع اور ہمارے مطلق وسیلہ جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعثت سے پہلے اور عہد برکت مہد سے آجتک عرب و عجم کے بستیوں میں کتنے بار نازل ہوی تھی اسکی تفصیل طوالت کی موجب ہی اسلئے میں ایک مختصر جدول لکھتا ہوں جس سے اسکی پوری عبرۃ وہ کیفیۃ معلوم ہو جائیگی

فاعتبروا یا اولی الابصار

جدول

نمبر شمار	نام طاعون	نام مقام	سنہ وقوع	مدت	حوالہ کتب و کیفیت
۱	طاعون	پیلیشتام	۳۰۰ سو برس قبل مسیح	دس لاکھ	کتاب روفس (مشہور اور معروف یونانی طبیب)
۲	طاعون	میسونشہر چین	۶۴۰۰	"	راجونامہ کا ایک بڑا حصہ اور کل شہر چین تاراج ہو گیا۔
۳	طاعون	پلیونم علاقہ مصر	۶۵۴۲	"	یہ مرض دو سال یہاں رہا
۴	طاعون	قسطنطنیہ	۶۵۴۴		ایک دن میں دس ہزار آدمی مرے۔
۵	طاعون	فرنس	۶۵۴۶	ہزار ۱۴	
۶	طاعون	اٹلی	۶۵۷۱	"	اٹلی پر ایسی تباہی آئی جو تاریخ اٹلی میں عدیم المثال سمجھی جاتی ہے کئی نسلوں کے دلوں پر اسکا خوف طاری تھا۔
۷	طاعون	یورپ	۶۶۰۰	"	جبکہ **جسٹین** یورپ کا زبردست فرمان روا تھا یہ بلا وہاں پہونچی اور باوجود بیحد کوشش کے پچاس سال تک وہاں سے نہیں نکلی۔
۸	طاعون شیرویہ	مدائن	۶ ہجری	"	رواہ مدائنی۔ تاریخ اسلام مولفہ امام محی الدین ابو بکر زکریا مدائن اسوقت ایران کا دار الخلافہ تھا ملک عرب کا بڑا حصہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ وغیرہ بھی ایران کی عملداری میں داخل تھے **شیرویہ** اسوقت ایران کا شہنشاہ تھا اسلیئے یہ طاعون اسکے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس طاعون میں خدا کا فضل یہ ہوا کہ کوئی مسلمان اس سے ہلاک نہ ہوا۔ تمام علاقجات عرب بھی اسکے دست برد سے محفوظ رہے۔

غیظ و غضب الٰہی کا سبب ہی ہمارے رحیم و کریم خدای پاک جلّہ رحمتہ نے ہمین اپنی قہر و غضب سے امن و امان عنایت فرما کے ہر طرح کی عام و خاص رحمت سے ہمین سرفراز فرمایا کرتا ہے اسلیئے اس خالق تعالیٰ و تقدس کے سب بندے اپنے حواصلون کیموافق نعمات و افوہ سے بہرہ یاب ہوتے اور صبح و شام دین و دنیا کے سب کام آسودگی تمام سے کیا کرتے ہین۔

اگر خداوند کریم اپنی رحمتہ کی نظر کو ہماری نافرمانی اور خطیات کے سبب سے ایک آن کے لئے ہمسے اٹھالے اور ہمارے برے افعال اور خراب اعمال کے استحقاق کے برابر ہم سے معاملہ کرے تو کوئی ایک بندہ ایک چلو پانی پینے کی مہلت نہ پاکے معاً تباہ اور ہلاک ہو جائیگا

لو کانت الدنیا تعدل عند اللہ جناح بعوضۃ ما سقی منھا کافرا شربۃ ماء

کی صحیح حدیث ہمارے اس دعوے پر بلند آواز سے گواہی دیتی ہے اور ہمین خداوند رحیم و کریم کی نافرمانی سے دور رہنے اور اسکے قہر و غضب سے بچنے کی ہدایت فرما رہی ہے۔ گزشتہ اسرائیلات کے اخبار اور حکایات سے ہمین معلوم ہوتا ہے کہ ہر ہر نبی کی نافرمان امت پر اُن کے گناہون اور سرکشی کے برابر خدا نے اپنے قہر و غضب کو نازل فرما کے انہین ایسے سخت سزائین دین کہ آجتک انکا تذکرہ خواص و عوام کے زبان زد ہی اور سچے مسلمانون کے دلون کو مارے عبرۃ کے پانی پانی کر دیتا ہے۔ ہمارے رحیم خدا کا ہم پر یہ افضل ہوا کہ اسنے اپنے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پاس خاطر اور وعدہ

وما کان اللہ لیعذبھم وانت فیھم (انفال آیت ۳۳ کی وجہ سے ہم پر اپنے سخت قہر اور کامل غضہ کو نازل فرمانے سے ہمین امان مرحمت فرمایا ہے۔ ورنہ ہماری نافرمانی اور گنہگاری ہمین اس حد تک پہونچا دی اور اس لایق بنا رکھی ہے کہ ہم بھی اگلے

امتون کی طرح بندر اور سور ہو جانے کی سزا بھگتین۔ تہوڑے عرصہ مین عدم کی راہ پائین اور ہمارا تذکرہ بھی الگون کے طرح صفحہ روزگار پر لکھا رہے۔

باوجود اسکے کہ ہمارا رحیم اور کریم خدا اس امت مرحومہ پر مسخ اور خسف کا سخت عذاب نازل نہین فرماتا لیکن جب ہمارے گناہونکی گندگی آسمان تک پہونچکے ملاء اعلیٰ کے معطر دماغون کو پریشان کر دیتی اور اسکے عرش مقدس کو ہلا دیتی ہے تو خداوند عالم ہم پر غصہ ہو کے ہماری تنبیہ اور تادیب اور ہمین غفلت کے نیند سے ہوشیار کرنے اور ہمارے پیچھے آنیوالون کو عبرۃ ہونے کے لئے اپنا غضب نازل فرماتا ہے۔

خدای قہار کے غصہ کے آثار کے طور پر ظاہر ہوا کرتے ہین کبھی تو ہمین بخار کی گرمی سے عدم کے سرمایہ کو روانہ کرتا ہی کبھی تو ہیضہ اور حصبہ سے ہمارے حیاۃ کے آبلہ کو توڑ ڈالتا ہے اور کبھی تو قی اور اسہال کی کثرۃ سے قلیل فرصتہ مین سہل طور سے ہمارے جانون کو نکال لیتا ہی جب ان دنون ہماری سرکشی اور بیحد گنہگاری کے ہوا کے جھونکون نے اسکے آتش غضب کو بھڑکا دیا تو اسنے ایک کہنہ مرض **طاعون** کو صدہا سال کے بعد ہندوستان پر مسلط فرما کے ہمین اپنے قہر و غضب کے تیر کا نشانہ بنا رکھا ہے ہزارون تن اس مرض کے صدمہ سے بیجان اور بڑے بڑے شہر اس مرض کے شدت سے ویران ہو گئے ہین۔ جب سے یہہ مرض پیدا ہو کے عالم کو ہلاک کرنے لگا ہے اطبای وقت نے اسکی ماہیت کی دریافت مین اسکی حقیقت اور علاج کا ڈھنگ دریافت کرنیکے غرض سے غوطہ زنی کر کے اسی قدر علوم کیا ہی کہ یہ مرض ایک سم ہی جو بہ معرفت ہوا کے خون بدن مین مستحیل ہو کے مزاجون کے استعداد کے موافق اعضای بدن کو اسکی ضعف و قوۃ

ہر سال نی شود۔

حکماء عرب یونانی اطبا کے حوالہ سے **طاعون** کے دو معنے بیان کئے ہین جن مین سے ایک عام ہی اور دوسرا خاص یا یون کہو کہ ایک معنی محدود ہی اور دوسرا غیر محدود ہے ایک تو وہ دنبل یا آماس ہے جس مین بخار کی شدت سے ردی علامتین پیدا ہوتی ہین دوسرا معمولی مرض وبا کا ہی جس مین ہزارہا خلایق کی جانین لقمۂ اجل ہوتی ہین وبا کی تعریف مین صرف اسی قدر کہدینا کافی ہے کہ کثیف بخارون کا ہوا مین ملکر ردی کیفیت اور تعفن پیدا کرنے کو وبا کہتے ہین اور جب یہ غلیظ اور متعفن ہوا متعفن شرائین اور مسامات کے ذریعہ سے جسم مین سرایت کرتی ہے تو اول دماغ کی سبب طوبتین اسکے اثر سے متعفن ہوتی ہین جسکے دیہ سے مختلف جلدی قلبی اور دماغی امراض پیدا ہوتی ہین منجملہ ان امراض کے ایک **طاعون** بھی ہے اور یہی ایک مرض ہے جو مدتون کے لئے جم جاتا ہے بخلاف دوسرے امراض (ہیضہ مرطوبی بخار۔ چیچک وغیرہ وغیرہ) کے کہ وہ مدتون نہین رہتے **طاعون** کا غلیظ مادہ پہلے دنبل یا آماس کی صورت مین جسم کے کسی حصہ پر ظاہر ہوتا ہے اور پھر اسکی شدت اور سختی سے تپ آتی ہے اگر ضروری احتیاطین نہ کیجائین گین اور معقول علاج نہ ہوگا تو مریض اکثر ہلاک ہو جائینگے۔

حکماء فرنگ طاعون کی تعریف اسطرح کرتے ہین کہ وہ ایک قسم کا شدید بخار ہے جس مین جسم کے اکثر مقامون کے غدد سوج جاتے ہین۔ خاصکر چپدون معلون وغیرہ کے گلٹیان ورم کرآتی ہین۔ اگر غایر نظر سے دیکھا جاے تو اطبا یونان اور حکماء فرنگ کی تحقیقات کا نتیجہ قریب قریب یکسان معلوم ہوتا ہے **یونانی** اطبا طاعون کو جلدی امراض مین داخل کرتے ہین وہ دنبل کی سوزش کو تپ۔ غشی اور قی وغیرہ کا سبب قرار دیتے ہین۔ یونانی اطبا کے

مین دنبل مقدم اور سبب اولی ہے۔ گو اسکا ظہور بخار کے بعد ہی ہو۔ **حکماء فرنگ طاعون** کو ایک خاص قسم کا روی بخار مقرر کیے ہین اور دنبل وغیرہ کو اس بخار کا نتیجہ ٹھہراتے ہین مگر وہ دونون (یونانی طبیبون اور انگریزی ڈاکٹرون) کے مان علامات اور اسباب مین قریب قریب توافق ہے

ہندوستان مین اسی قسم کا ایک **طاعون** ہوتا ہے جسکو انگریزی مین **پالی پلیگ** کہتے ہین۔ پالی بنگالہ کے علاقہ مین ایک مقام ہے اور ہندی زبان مین اسکو **مہامری** کہتے ہین جسکے معنے مرگ عظیم کے ہین۔ یہ مرض ہندوستان مین اوپیشتر ریاست راجپوتانہ مین ہوا کیا۔ جب شہرون کی صفائی کا اہتمام کیا گیا تو ان ملکون سے وہ مرض دور ہوا اور اب یہی ہمالیہ کے پہاڑون مین قریب سرحد نیپال کے اکثر شایع ہوتا ہے جہان عفونات اور قاذورات زیادہ ہوا کرتے ہین۔ یہ بخار بھی طاعون کے بخار کے مشابہ ہے مگر فرق اسقدر ہے کہ اس طاعون یعنی مہامری سے یہ کو زیادہ نقصان ہوتا ہے بعضون کا قول ہے کہ یہ طاعون (مہامری) اور حبشہ کا طاعون دونون واحد الحقیقۃ ہین۔ بعضون کا قول ہی کہ اگرچہ دونون طاعون (طاعون حبش اور پالی پلیگ) واحد الحقیقۃ ہین مگر اس قسم کی **ٹیفس فیور** (حمی مطبقہ متزایدہ) گرم ملکون مین اور اور پر جو **ٹیفس فیور** بیان ہوی وہ بارد ملکون مین ہوتی ہے اور فی الحقیقۃ دونون **ٹیفس فیور** ہین۔

خطاب بہ قوم

اس لغوی شرعی۔ اور طبی تحقیق کے بعد خدای قہار جل جلالہ کے غضب سے ڈرنیوالے اور اس رحیم و کریم عم نوالہ کی رحمۃ طلب کرنیوالے معلوم کرین کہ بحکم حدیث سبقت رحمتی علی غضبی۔ باوجود ہماری نافرمانی اور اقسام کے فسق و فجور کے جو ہر روز

اور اس مین بڑی جلن ہوتی ہے اور تپ وبائی مارڈالنے والی ہی ضرور ہوتی ہے۔

جن اہل لغت نے **طاعون** کو وباء اور وباء کو طاعون قرار دیا ہی اسکی وجہ تطبیق شیخ بوعلی سینا کے کلام سے یون معلوم ہوتی ہے کہ اکثر یہ مرض (طاعون) قریب وبار کے پیدا ہوتا ہے۔ ورنہ طاعون کی ماہیت مغائر ماہیتہ وباء ہونا ایک مسلم اور بدیہی امر ہے جس سے کوئی عقلمند انکار نہین کرسکتا ہی علامہ حافظ **ابن القیم** رح نے فرمایا ہے چونکہ طاعون اکثر انہین ملکون ہوتا ہے جہان وبا کثرت سے ہوتی ہے اسی لئے طاعون کو وباء سے تعبیر کرتے ہین **ولما کان الطاعون یکثر فی الوباء وفی البلاد الوبیۃ عبر عنہ صاحب مواہبہ الدنیہ** علامہ قسطلانی نے طاعون کے مغائر وبا ہونے پر ایک دلیل یہ قایم کی ہے کہ طاعون **مدینہ طیبہ زادہا اللہ شرفا وتعظیما** مین پیدا نہین ہوتا چنانچہ حدیث مین وارد ہے **ان المدینۃ لا یدخلہا الطاعون** بخلاف وبار کے کہ وہ ہوا کرتی ہے حدیث عائشہ رض مین وارد ہی **قدمنا المدینۃ وھی وباء ارض اللہ** اور حدیث عرینین مین ہے **انھم قالوا ھذہ ارض وبیئۃ**۔ اور خلافت حضرت امیر المومنین **عمر ابن الخطاب** رض مین مدینہ منورہ مین وبا کثرت سے ہوئی تھی مگر طاعون نہین ہوا۔ اگر طاعون اور وبار کی حقیقۃ یا ماہیتہ حسب قرار دادہ اہل لغت ایک ہوتی تو لامحالہ طاعون مدینہ منورہ مین پایا جاتا **حق** بات یہ ہی کہ **طاعون** اور وباء مین **عموم** وخصوص کی نسبت ہی ہر طاعون وبا ہے اور ہر وباء طاعون نہین ہے اس سے جمع دونون قولون مین حاصل ہوجاتا ہے۔

اب کچھ طاعون کی شرعی حقیقت ملاحظہ فرمائیے پھر طبی تحقیق پر غور کیجئے۔

طاعون کی تحقیق شرعیہ سے

زاد المعاد مین حضرت ام المومنین **عایشہ صدیقہ** رض سے مروی ہی کہ صدیقہ ممدوحہ نے جناب رسول مقبول علیہ السلام سے دریافت کی کہ **طاعون** کیا چیز ہی؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایک گرہ ہی اونٹ کے گرہ کے مانند جو عراق (نام ایک پرندہ کا ہی انسان کے شکم مین) اور آباط (بغلون) مین ہوتا ہی۔ **امام احمد** رح ابی موسیٰ اشعری سے اور **طبرانی** اپنے اوسط مین ابن عمر سے طاعون کی حقیقۃ یون روایت کرتے ہین **وخز اعدائکم من الجن** طاعون جنون کا نیزہ مارنا ہی **بخاری** مین عائشہ صدیقہ رض سے روایت ہی حضرت ممدوحہ فرماتی ہین کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے طاعون کی حقیقۃ دریافت کی تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہ ایک عذاب ہی پروردگار عالم کا اپنے بندون سے جس پر چاہتا ہی وہ اللہ ہی اور اسکو مومنون کے لئے رحمۃ قرار دیا ہے۔ ایک صحیح حدیث مین طاعون کی ماہیتہ یون بیان ہوئی ہے **انہ بقیۃ رجز او رسل علی بنی اسرائیل** وہ بقیہ عذاب ہی جو بنی اسرائیل پر بھیجا گیا تھا اس حدیث کی تصدیق ایک مشہور ومعروف یونانی طبیب **روفس** کے قول سے ہوتی ہے۔ وہ اپنی کتاب مین لکھتا ہی کہ حضرت عیسیٰ کے زمانہ سے تیس سو برس پہلے **قوماطا** (طاعون) دریای فنیوب کے جنوبی علاقون، شام اور روملیا مین بہت شدت اور تیزی سے پھیلا جس سے دس لاکھ جانین تلف ہوئین اور ایک حدیث مین ہی **انہ دعوۃ نبی** کہ طاعون ایک نبی کی دعوۃ ہے **قاضی ابوبکر بن العربی** نے کہا ہے کہ طاعون ایک شدۃ کادرد ہے جو روح کو تعذر اکر دیتا ہے اور اسکو طاعون اس لئے نام رکھا گیا ہے کہ اسکی رسائی عام اور اس سے موت جلد ہوتی ہے **قاضی عیاض** نے فرمایا طاعون ایک آبلہ ہے جو بدن پر ہوتا ہے اور یہ مرض عام ہوتا ہے اور ہلاک کرتا ہے اور ہلاک کرنے مین

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۴۶	بقراط کا قول طاعون کے بارہ مین	۵۱	طاعون کا عام علاج
۴۷	طاعون مین اختلاج قلب کا علاج	۵۲	طاعون مین دبلون کا علاج
۴۷	طاعون مین خفقان کا علاج	۵۲	ایضاً جوش خون ایضاً
۴۷	ایضاً دبلون ایضاً	۵۳	ایضاً بخار ایضاً
۴۸	ایضاً قی ایضاً	۵۳	ایضاً حرارت ایضاً
۴۸	ایضاً اسہال ایضاً	۵۴	ایضاً نیند ایضاً
۴۹	ایضاً بخار ایضاً	۵۴	ایضاً بیہوشی ایضاً
۴۹	ایضاً غشی ایضاً	۵۴	ایضاً اسہال ایضاً
۴۹	ایضاً ہذیان ایضاً	۵۴	ایضاً قی ایضاً
۵۰	ایضاً نیند ایضاً	۵۵	عرض مطلب
۵۰	طاعون کا انگریزی علاج	۶۳	دعا
۵۱	میجر جنرل ہاروی کا قول طاعون کے بارہ مین		تمت

الطاعون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ونصل ونسلم علی رسولہ وآلہ الکریم

صدمۂ طاعون کی حقیقت اور اسکا علاج

۱۶ ۳

آج کل ہندوستان کا کوئی شہر اور قریہ ایسا نہ ہوگا جسکے رہنے والون کے کان طاعون کے لفظ سے نا آشنا ہونگے خواہ مرد ہون یا عورت۔ مگر بہت کم لوگ ہین جو اسکی شرعی اور طبی حقیقت سے کما حقہ واقف ہین اور شاید ہی ناواقفیت کی وجہ ہی جو اسکے رفع دفع مین نہ خود کوشش کرتے ہین اور نہ کوشش کرنیوالون کا ساتھ دیتے ہین بلکہ کوشش کرنے اور ساتھ دینے کے عوض مین اُلٹے خلاف کارروائی ظہور مین آتی اور مزاحمت کیجاتی ہے جسکے نتایج قوم کے لئے بہت مضر ثابت ہوے ہین۔ سرکار سے جنگجو اور وحشی کا لقب غایۃ ہوتا ہی۔ قوم کی رہی سہی وقعت بھی حکام کے نظرون سے رخصت ہوئی جاتی ہے اور سرکار کو اپنی جابرانہ اقتدارات ظاہر کرنیکا موقع ملتا ہی جسکو لوگ اپنی جہالت اور ناواقفیت کے وجہ سے سرکاری ظلم اور تعدی پر محمول کرتے ہین مگر ہماری قوم کے روحانی اور جسمانی البتہ اس مین تہوتی

گورنمنٹ ہوز۔ گندی۔
۳۰ دسمبر ۱۸۹۸ء

میرے پیارے صاحب!

درجواب آپ کے درخواست مورخہ ۲۰۔ نومبر کے ہز اکسلنسی نے مجھے یہ کہنے کی خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ آپ کی کتاب طاعون (اردو) اپنے نام پر معنون ہونے کو بہ خوشی قبول فرماتے ہیں۔ اور یقین کرتے ہیں کہ وہ (کتاب) ان لوگوں کے لئے مفید ہوگی جو انگریزی میں طاعون کے متعلق پڑھنے پر قادر نہیں ہیں۔

آپ کا وفادار
پچہ۔ یے۔ سم
(پرائیویٹ سکرٹری گورنر صاحب بہادر بالقابہ)

بہ مولوی حکیم سید شاہ محمد فخر الدین صاحب نقشبندی فخری
۵۔ کوچہ اسٹنڈال
میلاپور

فہرست مضامین کتاب الطاعون۔

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱	تمہیدی مضمون	۲۷	غربت۔ افلاس خشک سالی قحط وغیرہ سے طاعون آتا ہے
۳	طاعون کی تحقیق لغت سے	۲۷	طاعون میں جرس ہونا پہلے کسنے نکالا
۴	طاعون اور وبا میں فرق علمائے اسلام کے اقوال سے	۲۸	چوہوں کا کثرت سے مرنا طاعون کی بڑی علامت ہے
۵	طاعون کی تحقیق شریعت سے	۲۹	طاعون کے جرس کو بجانے والے کا مادہ خود قدرت سے انسان میں پیدا کیا گیا ہے۔
۶	طاعون کی تحقیق طب سے		
۸	طاعون کی حقیقت میں فرق یونانی اور انگریزی اطبا کے پاس	۳۰	اویں اور کیونکر طاعون کے جرس کے مضر ہیں
۹	بالی پلیگ ایک قسم کا طاعون ہے ہندوستان میں	۳۰	طاعون سے بچنے کے شرعی تدابیر
۹	خطاب بہ قوم	۳۱	نماز کا قایم کرنا۔ منکرات اور فواحش کا ترک کرنا
۱۲	طاعون کی تاریخ عیسیٰ سے پہلے اور اینک ایک فصل اس میں	۳۳	طاعون سے بچنے کے طبی تدابیر
۱۳-۱۴-۱۵-۱۶-۱۷-۱۸-۱۹-۲۰-۲۱-۲۲	طاعون مندرجہ جدولوں کے خبری ذیل قابل غور اور عبرت ہیں۔	۳۳	پلیگ کی حقیقت
		۳۳	پلیگ کا موجد کون ہے؟
		۳۴	پلیگ کے فواید
۲۷	نمبر ۲-۴-۶-۷-۹-۱۳-	۳۷	طاعون کے علامات یونانی اطبا کے پاس
۳۸	۲۲-۳۶-۳۶-۴۰-۴۵-۵۰-۵۷	۳۸	طاعون کے علامات انگریزی اطبا کے پاس
۳۹	۵۹-۶۱-۶۶-۷۷	۳۹	طاعون کا شرعی علاج
۳۱	حال کے بمبئی والے طاعون کو پہلے کسنے سمجھا	۳۱	قرآنی علاج استغفار ہے
۴۱	حال کا طاعون قانون سنڈیشن کا باعث ہے	۴۱	صدقہ اور قنوت آنحضرت علیہ السلام سے بلایا ہوا علاج
۴۲	طاعون کے شرعی اسباب	۴۳	قنوت کا پڑھنا فقہاء کے پاس ثابت ہے
۴۵	طاعون کے طبی اسباب	۴۴	طاعون کا یونانی علاج
۴۶	طاعون کے اسباب کے بارہ میں بوعلی سینا کا قول	۴۵	طاعون میں فصد کرانا انگریزی اطبا کے پاس ثابت ہے

بحضور عالی

ہز اکسلنسی مرآرتھرالی پیلک ناولاک جی۔ سی۔ ایم۔ جی
جی۔ سی۔ آئی۔ ای گورنر ان کونسل فورٹ سینٹ جارج مدراس دام اقبالہ

حضور عالی!

مین نہایت ادب کے ساتھ اس کتاب کو
جو مرض طاعون کے بارے مین عمدہ رہبر ہو سکتی ہے آپ کے
گرامی نام پر بغرض اظہار شکریہ ان شاہانہ فیاضیون کے جو مسلمانان
علاقہ مدراس پر عموماً اور طاعونی احکام کے متعلق خصوصاً حضور کی سلطنت
نے فرمائی ہین قبولیت اور اجازت کے بعد معنون کرتا ہون۔

گزارندہ خاکسار
سید محمد فخرالدین نقوی فخری
میلاپور مدراس

نوٹ۔ دیکھو دوسرا صفحہ

غنیمت ہی صحت علالت سے پہلے

الطّاعون

یعنی

صدمۂ طاعون کی حقیقۃ اور اسکا علاج

جس مین طاعون کی لغوی شرعی اور طبی حقیقۃ اسکے اسباب۔ علامات۔ بچنے رہنیکے تدابیر
اور علاج مرقوم ہین اور جس کو جناب گورنر صاحب بہادر بالقابہ نے سر جن جنرل کے صوابدید سے
اپنے نام پر معنون ہونا پسند فرما کے اجازت دی ہی

مولفہ

خاکسار سید محمد فخر الدین تقوی فخری سیلانپوری

۱۸۹۸ع

مطبع عزیزی مدراس مین زیور طبع سے آراستہ ہوا

جملہ حقوق محفوظ ہین

بار اول ۵۰۰ جلد

قیمت ۸ر